سلاطین بہمنیہ کا دور بیشتر کشور کشائی ، تسخیر ملک اور قیام امن میں گزرا - اس کے باوجود انہوں نے علوم و فنون اور ادب و شاعری کی بڑی سرپرستی کی - انہوں نے شمال کے خلجی اور تغلق سلاطین کی علمی و ادبی روایات کو آگے بڑھایا - ان کے دربار میں ادیب ، شاعر ، فلسفی ، ماہرین فلکیات ، مؤرخ ، صوفی اور ارباب کمال موجود رہتے تھے - ان کی حکمرانی کے دور میں سرزمین دکن عالموں ، فاضلوں ، ادیبوں اور صوفیوں کا گہوارہ بن گئی تھی ، جنہوں نے علوم و فنون کو ترقی دی - ان کے

۲۲- ایم - ای - بازورتھ "The Islamic Dynasties" ، ص ۲۰۶ - ایک خیال یہ بھی ہے کہ — "ایک تیسرا فریق حبشیوں کا تھا - چنانچہ دکن کی سلطنتوں کے عروج و زوال کی داستانیں در اصل ان تینوں گروہوں کے تصادم ، چشمک اور آویزش پر مشتمل ہیں —" ڈاکٹر رحیم الدین کمال "ڈاکٹر زور ، شخصیت" ص ۵۳ ، جب کہ ہارون خان شیروانی نے حبشیوں کو دکنی گروہ میں ہی شامل کیا ہے - ان کے خیال میں وہ تمام "دکنی" تھے جو محمد تغلق کے ساتھ دولت آباد آئے تھے اور یہیں مقیم ہو گئے تھے - غیر دکنی یا "آفاقی" انہیں شمار کیا ہے جو ایران اور وسط ایشیا سے آئے تھے — "Bahaminis of Deccan" ، ص ۲۲۳—۲۲۶ ، ۲۴۰—۲۴۳ ، ۳۶۶—۳۶۷ -

۲۳- علی طبا طبا ص ۱۳۳ ، خافی خاں جلد اول ص ۱۱۵—۱۱۶ -

۲۴- اسباب کی تفصیلات کے لیے : عبدالمجید صدیقی "سلطنت بہمنیہ کی باقیات" ص ۱۸—۲۴ - دکنیوں اور غیر دکنیوں کی کشمکش کے لیے، ایضاً "بہمنی سلطنت" ، ص ۱۱۵—۱۱۶ و بعدہ ؛ ہارون خاں شیروانی "Mahmud Gawan" باب دوم -

Marfat.com

علمی اور روحانی فیضان نے نہ صرف اہل ملک کو متاثر کیا بلکہ سلاطین بھی ان کی دانشمندی اور روحانی فیضان سے مستفید ہوتے رہے - رعایا کی تعلیم اور فن تعمیر کی طرف بھی سلاطین کی خاص توجہ تھی اور یہ ان کے دور سلطنت کا امتیازی وصف تھا - تمام اہم علمی مراکز میں کتب خانے قائم تھے - مکاتب اور مدارس کے قیام میں بڑی دلچسپی لی گئی - تعلیمی اخراجات کے لیے سلاطین کی طرف سے جاگیریں وقف تھیں - اس لیے ان کی فوجی اور سیاسی ضرورتوں سے علمی اور تعلیمی ترقی کے امور میں رکاوٹ پیش نہیں آتی تھی[۲۵]- ان سلاطین نے بحیثیت مجموعی اپنی بیدار مغزی ، روشن خیالی اور علم پروری سے ہندوستان کو بیش قیمت علمی ، ادبی اور تہذیبی ورثہ عطا کیا ؛ خصوصاً دکن کی علمی سطح کو بلند کیا اور ایک خاص علمی اور تمدنی مزاج پیدا کر دیا -

ان سلاطین میں بعض شخصیات کو اسلامی تاریخ میں مثالی حیثیت حاصل رہے گی - خود بانیٔ سلطنت ایک بلند خیال اور قابل حکمران تھا[۲۶]- اس میں بڑی مستعدی ، کارکردگی اور جولانی تھی اور قدیم شاہ ایران بہمن بن اسفند یار کی اولاد میں سے ہونے کی وجہ سے ایک بڑے پر شکوہ خاندانی پس منظر کے ساتھ تخت پر متمکن ہوا تھا[۲۷]- اسے علما سے بڑا لگاؤ تھا - صاحب اقتدار ہونے سے قبل وہ حضرت نظام الدین اولیاء کی خدمت میں حاضر ہوتا رہتا تھا[۲۸]- تخت پر بیٹھنے کے بعد سب سے پہلے حکم دیا تھا کہ پانچ من سونا اور دس من چاندی حضرت نظام الدین اولیاء کی روح کو ایصال ثواب کے لیے شیخ برہان الدین غریب کے ذریعہ فقرأ و مساکین میں تقسیم کر دیا جائے[۲۹]- وہ فارسی جانتا تھا اور اس نے اپنے بیٹوں کی تعلیم کا معقول انتظام کیا تھا - بوستان سعدی شہزادوں کے نصاب میں شامل تھی[۳۰]- خود عالم نہ تھا لیکن اچھا علم دوست تھا - اس کے دربار میں کئی نامور شاعر اور عالم موجود تھے - محمد شاہ اول اور مجاہد شاہ بھی اچھے علم دوست حکمران تھے[۳۱]- مجاہد شاہ ترکی زبان میں روانی کے ساتھ گفتگو کرنے کی قابلیت کے لیے مشہور تھا[۳۲]- محمد شاہ ثانی کو اس کی رعایا ارسطو کے نام سے

۲۵- ڈاکٹر محمد عبدالمنان ''فارسی ادب اور تمدن میں بہمنیوں کا حصہ'' ، ص ۳۶۴—۳۶۵ -

۲۶- اس ''خسرو عالی گہر'' کو علی طبا طبا نے ''سکندر ثانی'' بتایا ہے - تصنیف مذکور ، ص ۱۵ -

۲۷- سی ای بازورتھ ص ۲۰۵ ؛ آدم واٹسن ص ۸۰ -

۲۸- فرشتہ ، جلد دوم (نولکشور) ، ص ۲۷۴ ؛ آدم واٹسن ، ص ۵۶ -

۲۹- ایضاً ، جلد دوم (نولکشور) ، ص ۲۷۷ -

۳۰- ایضاً ، جلد سوم (جامعہ عثمانیہ) ، ص ۱۳۱ -

۳۱- ایضاً، جلد دوم ،ص ۲۸۲، ۲۹۶ ؛ رفیع الدین شیرازی ''تذکرہ الملوک'' قلمی ، ورق ۸ بحوالہ عبدالحفیظ صدیقی ''برصغیر میں نظام عدل گستری'' ، ص ۱۳۵ -

۳۲- فرشتہ ، جلد دوم (نولکشور) ، ص ۲۹۲ -

Marfat.com

پکارتی تھی - یہ بڑا عالم اور علم دوست سلطان تھا اور علما کی بڑی قدر کرتا تھا[۳۳]۔ اس نے شریعت کو اپنے نظم حکومت کا مدار بنایا تھا[۳۴]۔ گزشتہ سلاطین کے مقابلہ میں زیادہ علمی کمالات رکھتا تھا - فارسی اور عربی میں اسے اعلیٰ دسترس حاصل تھی اور دونوں زبانوں میں روانی کے ساتھ گفتگو کر سکتا تھا[۳۵]۔ علم و ادب کا بڑا سرپرست ثابت ہوا۔ اس نے تعلیم کے فروغ کے لیے اپنی سلطنت کے کئی شہروں — گلبرگہ، بیدر، قندھار، ایلچ پور، دولت آباد، جول، دابیل وغیرہ — میں مدارس تعمیر کئے اور ان کے اخراجات کے لیے اوقاف قائم کیے[۳۶]۔ محمد شاہ ثانی کے بعد فیروز شاہ ایک غیر معمولی شخصیت کا حامل بادشاہ تھا - محمد شاہ ثانی نے اس کی بڑی اچھی تربیت کی تھی - یہ علامہ فضل اللہ انجو جیسے عالم کا شاگرد تھا[۳۷] اور ان سے زمانہ کے تمام علوم متداول کی تحصیل کی تھی - مختلف علوم کے ساتھ ساتھ دنیا کی کئی زبانوں سے واقف تھا - مشرقی زبانوں کے علاوہ یورپی زبانوں میں بھی گفتگو کر سکتا تھا[۳۸]۔ خود شاعر بھی تھا اور دیوان بھی رکھتا تھا[۳۹]۔ پہلے عروجی تخلص تھا جسے تخت نشینی کے بعد تبدیل کرکے نام کی مناسبت سے فیروزی کر دیا[۴۰]۔ نہ صرف علما کی صحبت میں رہتا تھا بلکہ خود بھی علوم تفسیر، اصول حکمت طبیعی و نظری میں مہارت رکھتا تھا - اور ہفتہ میں تین دن پیر، بدھ اور سنیچر کو مختلف مضامین کے درس دیتا - ریاضی میں ''زاہدی'' اور ''شرح تذکرہ''، علم کلام میں ''شرح مقاصد''، ہندسہ میں ''تحریر اقلیدس'' اور علوم معانی و بیان میں ''مطول ملا سعید الدین'' وغیرہ[۴۱]۔ ہر چوتھے

۳۳- رفیع الدین شیرازی ''تذکرۃ الملوک'' قلمی، ورق ۹ بحوالہ عبدالحفیظ صدیقی، ص ۱۳۵-

۳۴- عبدالجبار خاں ملکا پوری ''محبوب التواریخ''، ص ۴۲۱ -

۳۵- فرشتہ، جلد دوم، ص ۳۲۸ -

۳۶- ایضاً، ص ۳۴۹—۳۵۰؛ عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت''، ص ۹۲—۹۳ -

۳۷- ایضاً، ''فیروز شاہ بہمنی''، ص ۶۴؛ عبدالجبار خاں ملکا پوری '' تذکرہ شعرائے دکن''، ص ۸۵۶ -

۳۸- فرشتہ کا بیان ہے کہ اس کے حرم میں عرب، کوہ قاف، جارجیا، ترکی، یورپ، چین، افغانستان، راجپوتانہ، بنگال، گجرات، تلنگانہ، مہا راشٹر اور دیگر ممالک کی نسلوں سے تعلق رکھنے والی بیویاں تھیں جن سے وہ انہیں کی زبان میں گفتگو کر سکتا تھا—جلد دوم (نولکشور)، ص ۳۶۹—۳۷۰. اس نے عبرانی زبان ان یہودیوں سے سیکھی تھی جو ساحل ملا بار پر مدت سے آباد تھے اور اس زبان میں وہ انجیل پڑھ لیتا تھا—ایضاً -

۳۹- عبدالجبار خاں ملکا پوری ''تذکرہ شعرائے دکن''، ص ۸۶۰ -

۴۰- فرشتہ نے اس کے چند اشعار نقل کیے ہیں : جلد دوم، (نولکشور)، ص ۳۷۰ -

۴۱- فرشتہ، جلد اول (نولکشور)، ص ۳۰۸ -

Marfat.com

دن سرکاری فرائض کی ادائیگی سے قبل قرآن حکیم کے سولہ صفحات کی نقل کیا کرتا تھا[۴۲]۔ سید محمد گیسودراز کا بڑا عقیدت مند تھا ، جو ان دنوں گلبرگہ میں تھے - جب وہ دکن پہنچے تھے تو فیروز شاہ نے علما و مشائخ اور لشکر شاہی کے ساتھ ان کا خیر مقدم کیا تھا[۴۳] -

احمد شاہ ولی بھی فیروز شاہ کے اوصاف رکھتا تھا - ایک لائق سلطان اور بڑا عالم تھا[۴۴]۔ اس کے دربار میں علما و ارباب کمال جمع رہتے[۴۵]۔ حضرت گیسودراز کا بڑا معتقد تھا - مواضعات اور کثیر اراضی گلبرگہ کے قرب و جوار میں مستقلاً انہیں عطا کر دی اور ان کے لیے ایک بڑی درسگاہ تعمیر کرائی[۴۶] ؛ اکثر ان سے مشورے بھی لیتا رہتا تھا[۴۷]۔ شاہ نعمت اللہ ولی کرمانی سے خاص عقیدت تھی - اس کے نام میں ''ولی'' کا اضافہ اسی عقیدت کی مثال ہے[۴۸]۔ ان کے خانوادے کے دکن منتقل ہونے پر بڑی آؤ بھگت کی - سلطان علاؤ الدین بھی علم و فضل سے شغف رکھتا تھا - فارسی میں بڑی مہارت تھی اور دوسرے علوم بھی خوب جانتا تھا - کبھی کبھی جمعہ اور عیدین میں جامع مسجد میں خطبہ پڑھتا تھا[۴۹]۔ ہمایوں شاہ اپنے ظلم و جور کے سبب سلطنت کا بدنام بادشاہ ہے - مگر اس کے زمانہ میں بھی علم کی ترقی جاری رہی[۵۰]۔ محمد شاہ ثانی ہی فیروز شاہ کے بعد سلطنت کا علم دوست ، ذی علم اور شائستہ بادشاہ تھا[۵۱]۔ اس عہد کا قابل ذکر واقعہ محمود گاواں کی علمیت اور علم پروری ہے - اس کے تدبر اور فراست کے سبب سلطنت کو استحکام اور وسعت حاصل ہوئی - وہ خانہ جنگیوں اور درباری سازشوں کی وجہ سے اپنی پوری قابلیت نہ دکھا سکا ؛ اور آخر کار قتل کی سازش کا شکار ہوا[۵۲]۔ وہ خود ایک بڑا عالم ، ادیب اور شاعر تھا - مناظرالانشأ اور ریاض الانشأ اس کی نثری تصانیف ہیں - اول الذکر میں فن انشأ سے بحث کی گئی ہے اور آخرالذکر خطوط کا مجموعہ ہے جو عموماً عزیزوں ، دوستوں اور حکمرانوں

۴۲- رفیع الدین شیرازی ''تذکرۃ الملوک'' قلمی ، ورق ۹ بحوالہ عبدالحفیظ صدیقی ص ۱۳۸ ، رفیع الدین شیرازی نے حاجی محمد قندھاری کی روایت نقل کی ہے -

۴۳- علی طبا طبا ، ص ۴۳-۴۴ ؛ آدم واٹسن ، ص ۱۸۰ ؛ عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ص ۹۹ -

۴۴- علی طبا طبا ، ص ۷۲—۷۳ -

۴۵- ایضاً ، ص ۷۳ -

۴۶- فرشتہ جلد دوم ص ۳۹۸ ؛ آدم واٹسن ، ص ۱۸۰ -

۴۷- ایضاً ، ص ۱۹۰ ، ۱۹۷ -

۴۸- جے این ہولسٹر ''Shia of India'' ، ص ۱۰۸ -

۴۹- فرشتہ جلد سوم (جامعہ عثمانیہ) ، ص ۱۸۰ -

۵۰- نصیر الدین ہاشمی ''دکنی کلچر'' ، ص ۷۴—۷۵ -

۵۱- علی طبا طبا ، ص ۱۰۷ ؛ فرشتہ جلد دوم (نولکشور) ، ص ۴۷۷ -

۵۲- قتل کی تفصیلات ، اسباب و محرکات کے لیے عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' متعلقہ باب ''Mahmud Gawan'' ص ۱۵۲—۱۵۴ ؛ ہارون خاں شیروانی

Marfat.com

کے نام ہیں - وہ ہر سال متعدد تحائف غیر ممالک کے علما کو بھیجتا رہتا تھا جن کے صلہ میں ان ممالک کے بادشاہ اسے اعزازات سے نوازتے تھے[۵۳]- علما کے ساتھ محمود گاواں کا سلوک نہایت عقیدت مندانہ تھا[۵۴]- اہل علم پر اس کی فیاضیاں اتنی عام تھیں کہ بمشکل کوئی شہر یا قصبہ ایسا ہوگا جہاں کے علما اس کی فیاضی سے محروم ہوں گے - رفاہ عام کے لیے اس نے دکن میں کئی عمارتیں تعمیر کرائیں، اپنے صرف خاص سے بیدر میں ایک عظیم الشان مدرسہ تعمیر کرایا تھا[۵۵]- اس مدرسہ کے کتب خانہ میں پینتیس ہزار کتابیں تھیں جن سے طلبہ فائدہ اٹھاتے تھے[۵۶]-

محمود گاواں نے بہمنی سلطنت کو آخری ایام میں سنبھالے رکھا - اس کے قتل کے بعد سلطنت کا شیرازہ بکھر گیا - اس سلطنت نے اپنی تقریباً دو صدی کی مدت میں غیر ممالک سے آنے والے عالموں اور ادیبوں کی بڑی حوصلہ افزائی کی تھی - آنے والوں کی زیادہ تر تعداد ایران اور ماوراً النہر سے تعلق رکھتی تھی - ان میں سے بہت سے مغلوں کے خوں آشام حملوں کے سبب دکن کے پر امن ماحول میں آ کر پناہ لینے پر مجبور ہوئے تھے اور کچھ علمی سرپرستی کی تلاش میں اور کچھ بہمنی سلاطین کی دعوت پر دکن میں آ کر مقیم ہو گئے - یہ اپنے ساتھ فارسی زبان اور ادب اور ایران کی تہذیبی و تمدنی روایات کو لے کر آئے تھے- یہاں کے سلاطین بھی فارسی زبان و ادب کا ستھرا ذوق رکھتے تھے ، چنانچہ کچھ ہی عرصہ کے بعد دکن کے عہد وسطیٰ کی زندگی ایرانی تہذیب و تمدن میں رچی بسی نظر آتی ہے -

۴- سلطنت بہمنیہ اور ایران کے سیاسی روابط

ایران اور دکن کے سیاسی تعلقات علمی اور تمدنی روابط کے لیے بڑے ممد رہے - سلاطین کا جھکاؤ ایران کی جانب فطری امر نظر آتا ہے ؛ اس لیے کہ خود بانیٔ سلطنت حسن بہمن شاہ ایرانی النسل تھا اور افغانستان کے راستے ہندوستان میں آیا تھا[۵۷]- وہ ہزبر الدین علائی کا بھتیجا تھا جو ترکی کی سرحد پر قتل ہوا تھا - اس وقت حسن کی عمر چھ برس تھی[۵۸]- مؤرخین نے حسن بہمن شاہ کو بہمن بن اسفند یار کی اولاد سے

۵۳- فرشتہ جلد دوم (نولکشور) ، ص ۵۱۰ -

۵۴- اس کا اظہار اس کے خطوط سے بخوبی ہوتا ہے - ملاحظہ فرمائیے ''ریاض الانشاء'' ، ص ۱۲۴ ، ۱۵۲ ، ۱۶۶ ، ۲۰۸ ، ۲۲۷ ، ۳۰۱ وغیرہ -

۵۵- فرشتہ ، جلد دوم (نولکشور) ، ص ۵۱۰ -

۵۶- مرتضیٰ حسین ''حدیقۃ الاقالیم'' بحوالہ محمد اسحاق "India's Contribution to Hadith Literature" ، ص ۹۱ -

۵۷- ٹی ڈبلیو بیل ، ص ۹۷ -

۵۸- شیروانی ''Bahaminis of Deccan'' ص ۴۹ -

Marfat.com

منسوب کیا ہے[۵۹]۔ تخت نشین ہونے کے بعد اس نے اپنا یہ نام اختیار کیا تھا ۔

''سکندر ثانی یمین الخلافت ناصر امیر المومنین السلطان الاعظم علاؤ الدنیا والدین ابوالمظفر بہمن شاہ السلطان''[۶۰] ۔

اور عرف عام میں اسے ''ظفر خاں علاؤ الدین حسن گنگو بہمن شاہ'' کہا گیا[۶۱]۔ ایک عام خیال کے مطابق حسن بہمن شاہ جب تخت نشین ہوا تو اس نے اپنے نام کے ساتھ ''گنگو بہمن'' اس عقیدت کے طور پر اختیار کیا تھا جو اسے ''گنگو برہمن'' نجومی سے تھی جس کے ساتھ اس نے اپنی نوجوانی کا کافی وقت گزارا تھا[۶۲]۔ بعض مؤرخین نے ''گنگو'' کی اصل ''کیکویہ'' قرار دی ہے[۶۳]۔ اور بعض نے اس لفظ کی یہ تعبیر کی ہے کہ یہ ''کیکاؤس'' کی تبدیل شدہ شکل ہے جو حسن کے والد کا نام ہو سکتا ہے[۶۴]۔

۵۹- جیسے علی طبا طبا، ص ۱۱ ؛ عصامی، ص ۵۲۵ -

بہ سیرت فریدون و بہمن بنام شدہ کنیش ابوالمظفر بنام

شیخ محمد بیگ نقشبندی برہانپوری، تصنیف مذکور، ص ۸۶ - اس کی تائید ''تحفۃ السلاطین'' از ملا محمد بیدری، ''بہمن نامہ'' از حاجی محمد قندھاری اور ''سراج التواریخ'' میں مذکور ہے - بحوالہ سید سلیمان ندوی ''مقالات سلیمان'' جلد اول ص ۴۳۹ - نیز یہی رائے نظام الدین احمد نے ''طبقات اکبری'' میں، احمد امین رازی نے ''ہفت اقلیم'' میں اور رفیع الدین شیرازی نے ''تذکرۃ الملوک'' میں بیان کی ہے — بحوالہ ایشوری پرشاد ''Mediaeval India''، ص ۳۶۸ - مزید تفصیلات کے لیے اوترکار اور کھر—''The Origin of Gango Bahamani'' ''Bahaminis of Deccan''، ص ۴۹—۵۰، علی اصغر بلگرامی ص ۳۰۴، شیروانی ''Landmarks of Deccan''، ص ۱۹۱، سہیل ''تاریخ منظوم سلاطین بہمنیہ''، ص ۲۰ -

۶۰- یہ عبارت باغ عامہ، حیدر آباد دکن کے عجائب خانہ میں ایک کتبہ پر کندہ ہے—بحوالہ سید سلیمان ندوی ''مقالات سلیمان'' جلد اول، ص ۴۳۸—اور یہی نام و لقب اسی زمانہ میں کتبات مسجد گلبرگہ میں، جو ۷۵۴ھ میں تعمیر ہوئی، اور اس بادشاہ کے سکوں پر بھی ملتا ہے—محمد عبداللہ چغتائی، مقدمہ ''تاریخ منظوم سلاطین بہمنیہ''، ص ۵، و نیز تفصیلات کے لیے ص د—و -

۶۱- جیسے علی طبا طبا، ص ۱۱ ؛ فرشتہ جلد اول (نولکشور)، ص ۳۲۵ -

۶۲- ایضاً، ص ۲۷۴ - اس سلسلہ میں فرشتہ نے ایک ناقابل یقین کہانی بھی تشکیل دی ہے—ایضاً، ص ۲۷۳—۲۷۴ -

۶۳- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت''، ص ۶۴ -

۶۴- شیروانی ''Bahaminis of Deccan''، ص ۴۹ -

Marfat.com

بعض نے ''گنگو'' کو ''کنکو'' ثابت کرنے کی کوشش کی ہے[۶۵]۔ بہر حال یہ امر قرین قیاس ہے کہ لفظ ''کیکویہ'' حسن کو کیکویہ خاندان سے متعلق کرتا ہے جو اصفہان اور ہمدان پر حکومت کرتا رہا[۶۶]۔ اس طرح اسے ورثہ میں اس عظیم الشان سلطنت کی روایات ملی تھیں جو بہمن اور اسفندیار اور ان کے تعلق سے بہمن گور کے ماتحت تھی۔ چنانچہ حسن نے جس نام کو اختیار کیا تھا وہ ایران سے اس کی نسبت کو ظاہر کرتا ہے[۶۷]۔

قیام سلطنت کے بعد اس نئی سلطنت کا مؤثر طبقہ بھی ملک سیف الدین غوری اور امیر جدیدہ جیسے افراد پر مشتمل تھا جو ایران اور ماوراً النہر اور افغانستان سے آئے تھے اور اس طرح سلطنت دہلی کے مقابلہ میں سلطنت بہمنیہ کا حاوی رجحان ایرانی اثر و رسوخ سے متاثر رہا[۶۸]۔ نو واردین کا یہ طبقہ جو سیاحوں، فوجیوں، تاجروں اور عالموں پر مشتمل تھا اور جو ایران، افغانستان، وسط ایشیا، عرب اور ترکی سے آ رہے تھے—سلطنت کی کل تاریخ میں روز افزوں بااثر اور مضبوط ہوتا گیا۔ اس کے علاوہ دیگر ممالک سے اس سلطنت کے روابط کا ایک بڑا سبب اس کی کھلی بندرگاہیں تھیں جن سے بڑے پیمانہ پر جنگی گھوڑوں اور جواہرات کی تجارت ہوتی رہتی تھی۔ سلطنت بہمنیہ کو اپنے ابتدائی زمانہ میں فوجی استحکام کی شدید ضرورت تھی۔ جنگی گھوڑوں کی افزائش نسل کے لیے وہاں کی آب و ہوا مناسب نہیں تھی—چنانچہ ایران اور عرب سے درآمد کرنے پڑتے تھے[۶۹]۔ حسن بہمن شاہ کو اپنی سلطنت کی آزادی اور اس کے استحکام کے لیے ایک وفادار فوج کی بھی ضرورت تھی جو سلطنت دہلی سے کوئی قلبی وابستگی نہ رکھتی ہو— چنانچہ اس نے فوجی اور سیاسی حکمت عملی کے تحت ایران اور وسط ایشیا کے افراد کو زیادہ سے زیادہ فوج اور سرکاری ملازمت میں جگہ دی[۷۰]۔ اسماعیل مخ کو امیرالامرأ منتخب کیا گیا۔ ملک سیف الدین غوری وزیر اعظم بنایا گیا۔ حسام الدین، سکندر خاں باربک اور رضی الدین جگاجوت معتمد بنے[۷۱]۔ سید احمد

۶۵- اوترکار اور کھر، ص ۳۰۴۔

۶۶- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت''، ص ۶۴۔

۶۷- حال کے محققین میں سید سلیمان ندوی نے حسن بہمن شاہ کو ہندی الاصل اور ہندوی النسل خیال کیا ہے، لیکن اپنے پیش کردہ دلائل کی روشنی میں وہ خود بھی کسی حتمی نتیجہ پر نہ پہنچ سکے۔''مقالات سلیمان'' جلد اول، ص ۴۳۷—۴۴۲۔

۶۸- آدم واٹسن، ص ۸۱۔

۶۹- ایضاً، ص ۸۲۔

۷۰- ہولسٹر ص ۱۰۴، بازورتھ ص ۲۰۶۔

۷۱- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت''، ص ۶۶۔

Marfat.com

غزنوی مفتی اور صدر الشریف سمرقندی اپنا خاص اثر رکھتے تھے[۷۲]۔ سیف الدین غوری کا ایک کارنامہ سلطنت کی دستور سازی ہے - بہمنی سلطنت کے نظم و نسق پر اس کی ایک کتاب ''نصائح الملوک'' بھی ہے[۷۳] -

حسن بہمن شاہ کے وارثوں نے ایران سے تعلقات کی یہ نسبت برقرار رکھی - محمد شاہ ثانی نے مولانا محمد بن ابو محمد مشہدی کو، جو نامور افاضل سے تھے، وکیل مالیات مقرر کیا تھا[۷۴]۔ ایرانیوں سے بحیثیت مجموعی اس کے بڑے قریبی روابط رہے، ملک سیف الدین غوری اس کا بھی وزیر اعظم تھا[۷۵]۔ ملک غوری کو دیگر سلاطین کے زمانہ میں بھی خاصہ اہم سیاسی مرتبہ حاصل رہا - سلطنت بہمنیہ کے پانچ حکمرانوں کا مقرب تھا اور سلطنت کو مستحکم کرنے میں سرگرم حصہ لیا[۷۶] - محمد شاہ اول نے اس کی لڑکی سے شادی کر لی تھی جس کے بطن سے علاؤ الدین مجاہد پیدا ہوا[۷۷]۔ محمد شاہ ثانی نے علامہ فضل اللہ انجو کو سلطنت کا صدر جہاں بنایا تھا[۷۸]۔ غیاث الدین بہمنی نے اپنی مختصر مدت حکومت میں ترک افسران کو نکال کر ان کی جگہ ایرانیوں کو شامل کیا تھا[۷۹]۔ اس نے ملک غوری کی جگہ مولانا احمد بن ابو احمد قزوینی کو، جو اسی عہد میں دکن پہنچے تھے، وکالت مطلقہ پر فائز کیا تھا[۸۰]۔ امیر غیاث الدین شیرازی اسی کے حکم سے مفتی مقرر ہوئے[۸۱] جو فیروز شاہ بہمنی کے عہد میں بھی برقرار رہے[۸۲]۔ مولانا لطف الدین سبزواری بھی فیروز شاہ کے دور میں گلبرگہ میں نائب السلطنت تھے[۸۳]۔ فیروز شاہ نے گلبرگہ ہی میں مولانا تقی الدین شیرازی کو وزیر مالیات مقرر کیا تھا[۸۴]۔ یہی طرز حکومت احمد شاہ ولی کا بھی رہا - اس نے عراق، ترکی، عرب، خراسان اور

۷۲- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت''، ص ۶۹ -
۷۳- ایضاً، ص ۷۵ -
۷۴- سید عبدالحئی ''نزہتہ الخواطر'' جلد سوم، اردو ترجمہ، ص ۱۶۸ -
۷۵- فرشتہ جلد اول (نولکشور)، ص ۴۶۵ -
۷۶- شیروانی ''Bahaminis of Deccan''، ص ۱۱۶ -
۷۷- ایضاً، ص ۱۱۷—۱۱۸ -
۷۸- فرشتہ جلد اول (نولکشور)، ص ۳۰۳؛ عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت''، ص ۹۲ -
۷۹- شیروانی ''Bahaminis of Deccan''، ص ۱۲۸ -
۸۰- سید عبدالحئی، جلد سوم ص ۳۵ -
۸۱- ایضاً، ص ۱۱۴ -
۸۲- ایضاً، ص ۱۴۴ -
۸۳- ایضاً، ص ۱۵۷ -
۸۴- ایضاً، ص ۱۹۲ -

Marfat.com

ایران سے تین ہزار افراد کو سرکاری امور کے لیے بلایا تھا - ان میں خواجہ حسن اردستانی بھی تھے جنہیں اس نے شہزادوں کی تربیت کے لیے مقرر کیا تھا[۸۵]- وجے نگر کے خلاف ایک محاذ میں احمد شاہ کو سید حسن بدخشانی ، میر فضل اللہ ، میر علی سیستانی اور عبداللہ کرد کا تعاون حاصل تھا[۸۶]- اس کے دور میں مونا احمد بن ابو احمد قزوینی وکالت عظمیٰ پر فائز رہے[۸۷]- ہمایوں شاہ نے خواجہ نجم الدین محمود گیلانی کو ، جو ایک ممتاز قانون داں اور دانشور تھے ، اپنا وزیر اعلیٰ بنایا تھا[۸۸]- محمود گاواں علاؤ الدین بہمنی کے دور میں بیدر پہنچا تھا - اس نے واپسی کا ارادہ ترک کرکے حکومت کے امور میں شرکت اختیار کر لی - پہلے ہزاری کا منصب عطا ہوا پھر تلنگانہ کی بغاوت فرو کرنے پر مامور ہوا[۸۹]- جیسے جیسے مواقع ملتے رہے ، محمود گاواں نے بہت سے علاقے فتح کیے - کچھ عرصہ کے لیے وہ بیجاپور کی ''طرف'' کا ''طرف دار'' بھی مقرر ہوا اور پھر جمعیۃ الملک ، وزیر کل ، صدر جہاں بھی بن گیا - اپنے تدبر اور فراست سے اس نے جو کام کیے وہ سلطنت بہمنیہ کے لیے ایک یادگار ہیں -

ایران کے علاوہ ترکی ، مصر اور عراق میں بھی ان سلاطین کی بڑی قدر و منزلت تھی - آپس میں سفارتوں کا تبادلہ بھی عمل میں آتا رہتا تھا - حسن بہمن شاہ کی اوزون حسن اور حسین بن منصور بن بایقرہ سے مراسلت تھی[۹۰]- جب امیر تیمور گورگاں کے ہندوستان پر حملہ کرنے کی خبر مشہور ہوئی تو فیروز شاہ بہمنی نے لطف اللہ سبزواری کو ، جو گلبرگہ میں نائب السلطنت تھے ، تیمور کے پاس سفارت دے کر بھیجا تھا - سفارت میں ان کے ساتھ وزیر مالیات گلبرگہ مولانا محمد تقی الدین شیرازی بھی تھے - وہ چھ ماہ تک تیمور کے پاس رہے اور سفارت میں کامیاب ہو کر واپس لوٹے[۹۱]- تیمور نے فیروز شاہ کو ''فرزند خیر خواہ'' کے خطاب سے موسوم کیا تھا[۹۲] اور اس سے خوش ہو کر گجرات ، دکن اور مالوہ کی ''سلطنت عطا کی'' اور ایک فرمان فیروز شاہ کے لیے بھیجا[۹۳]- ہندوستان کی تاریخ میں سفارت بھیجنے کا یہ پہلا موقع

۸۵- شیروانی ''Bahaminis of Deccan'' ، ص ۱۹۲ -

۸۶- ایضاً و نیز آدم واٹسن ، تصنیف مذکور وجے نگر کے تعلق سے خاص تاریخ ہے - بہمنی حکمرانوں کے ساتھ ایرانی فوجیوں کے نام جا بجا نظر آتے ہیں -

۸۷- سید عبدالحئی ، جلد سوم ، ص ۴۵ -

۸۸- علی طبا طبا ، ص ۸۹ -

۸۹- شیروانی ''Studies in Political Thought and Administration'' ، ص ۱۹۹—۲۰۰ -

۹۰- ای جی براؤن ''تاریخ ادبیات ایران'' جلد سوم ، اردو ترجمہ ، ص ۵۵۷ -

۹۱- سید عبدالحئی ، جلد سوم ، ص ۱۵۷ -

۹۲- فرشتہ جلد اول ، ص ۴۸۲—۴۸۳ -

۹۳- عبدالجبار خاں ملکا پوری ''محبوب التواریخ'' ، ص ۸۵۹ -

Marfat.com

تھا - پہلے پہل بہمنیوں ہی نے عثمانیوں کے پاس بھی سفارت بھیجی تھی[۹۴]- محمد شاہ سوم نے عثمانی خلیفہ دوم کو ایک سفارت بھیجی تھی - بعد میں محمود شاہ نے بھی ایک سفیر بایزید دوم کے پاس بھیجا تھا[۹۵]- محمود گاواں کے دور میں سلطنت کے سفارتی تعلقات ایران کے علاوہ مصر اور ترکی سے بھی ہو گئے تھے[۹۶]- سلطان ابو سعید گورگاں اور سلطان محمد مراد بک سے محمود گاواں کی راست مراسلت تھی اور قاصد اور پیام آتے جاتے رہتے تھے[۹۷] - محمود گاواں بحیثیت وزیر بہمن سلاطین کی جانب سے مختلف ممالک کے سلاطین کو مراسلے بھیجتا تھا[۹۸] -

دیگر ممالک خصوصاً ایران سے سلاطین کے مذکورہ تعلقات قریبی اور مستقل رہے - غیر ملکیوں ، بالخصوص فوجیوں ، عالموں ، ادیبوں ، شاعروں کی حوصلہ افزائی نے دور دور کے ملکوں سے انہیں دکن آنے کی ترغیب دی - ان آنے والوں کی اپنی تہذیب اور روایات تھیں - انہوں نے یہاں آ کر اثر اندازی اور اثر پذیری کے عمل کو ایک نئی شکل دی - ایران اور دکن کے سیاسی روابط نے ان دونوں ملکوں کے درمیان علمی اور تمدنی تعلقات کا ایک نیا باب شروع کر دیا -

۵- علمی روابط

حسن بہمن شاہ کے زمانہ ہی میں ایران سے علمی روابط شروع ہو چکے تھے - خود اس کے دربار میں کئی علما اور شعرأ موجود تھے جن میں سے بیشتر ایران سے آئے تھے - مولانا لطف اللہ ، ملا حکیم علیم الدین تبریزی ، حکیم نصیرالدین شیرازی ، مولانا شریف سمرقندی ، رضی‌الدین جگاجوت ، شیخ زین الدین بغدادی جیسے علمأ ایران سے تعلق رکھتے تھے[۹۹]- شیخ برہان الدین غریب حضرت نظام الدین اولیاء کے خلیفہ تھے جو ان کے وصال کے بعد بہمن شاہ کے زمانہ میں اپنے سات سو مریدوں کے ہمراہ دولت آباد منتقل ہو گئے تھے - ان میں حضرت امیر حسن سجزی ، شیخ کمال خجندی ، شیخ جام اور شیخ فخر الدین وغیرہ بھی تھے[۱۰۰]- حضرت کاکا سعد بخت شیرازی ،

۹۴- عزیز احمد "Studies in Islamic Culture in Indian Environment" ، ص ۴۸ ؛ بازورتھ ص ۲۰۶ -

۹۵- عزیز احمد ص ۴۸ -

۹۶- "ریاض الانشأ" میں شاہ گیلان ، وزیر گیلان اور دیگر عمائدین گیلان کے نام خطوط ہیں : ص ۳۷ ، ۴۴ ، ۷۰ وغیرہ -

۹۷- ایضاً ، ص ۲۲ ، ۳۳ ، ۲۰۱ ، ۳۹۱ -

۹۸- ایضاً ، ص ۶۹ ، ۹۳ ، ۱۱۳ ، ۱۸۹ ، ۲۳۲ ، ۲۳۴ ، ۲۴۷ ، ۲۵۳ ، ۲۶۱ ، ۲۶۳ ، ۳۳۸ ، ۳۸۷ ، ۳۹۱ -

۹۹- عبدالمجید صدیقی "بہمنی سلطنت" ، ص ۷۳ -

۱۰۰- صباح الدین عبدالرحمن "بزم صوفیہ" ، ص ۲۸۳ -

Marfat.com

مفتی سید احمد بن ابو احمد غزنوی ، حضرت رکن الدین کاشانی اور حماد کاشانی بھی اسی وقت ایران سے پہنچے تھے[۱۰۱]- بہمن شاہ نے شیخ برہان الدین غریب کے خلیفہ شیخ زین الدین کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی جو شیراز سے دکن آئے تھے اور پھر دکن میں مقیم ہو گئے تھے[۱۰۲] - بہمن شاہ حضرت شیخ سراج الدین جنیدی کا بھی معتقد تھا[۱۰۳]- حسن کو شیخ جنیدی ہی نے سلطان قطب الدین کی مسجد میں تخت نشین کیا تھا[۱۰۴]- شیخ عین الدین گنج العلم بھی اس دور میں دولت آباد میں مقیم تھے - وہ شیخ جنیدی کے برادر نسبتی و نیز برادر طریقت بھی تھے - نسباً حضرت جنید بغدادی کی اولاد سے تھے- ان کے اجداد افغانستان میں فرشور سے آئے تھے- گنج العلم دہلی میں پیدا ہوئے اور حصول تعلیم کے بعد محمد تغلق کے زمانہ میں دولت آباد آئے - انھوں نے ابتدائی پانچ سلاطین بہمنیہ کا زمانہ دیکھا[۱۰۵] - ''فتوح السلاطین'' کا شاعر مؤرخ عصامی بھی سلطان محمد تغلق سے ناراض ہو کر بہمنی دربار میں آ گیا تھا[۱۰۶] - اس نے حسن شاہ کی سرپرستی میں ایک مبسوط تاریخ نظم میں—''فتوح السلاطین'' شاہنامہ فردوسی کے طرز پر لکھی - یہ تاریخ محمود غزنوی سے شروع ہو کر بہمن شاہ پر ختم ہوتی ہے -

محمد شاہ ثانی علم دوست مشہور ہے - عرب اور ایران کے بہت سے شعرأ اور علما اس کے دربار میں اس کی فیاضیوں سے بہرہ مند ہوتے رہے[۱۰۷] - عربی ، فارسی روانی سے بولتا تھا - خوش نویس تھا اور شاعری سے بھی شغف رکھتا تھا[۱۰۸]- شیخ زین الدین شیرازی کے ہاتھ پر اپنے اعمال قبیحہ سے توبہ کی تھی[۱۰۹] - علما کا بڑا قدردان تھا - شیخ سراج الدین جنیدی کی دعائیں پڑھتا رہتا تھا[۱۱۰]- اس کے عہد میں مولانا احمد بن ابو احمد قزوینی اور مولانا محمد بن ابو محمد مشہدی مشہور اکابرین میں تھے[۱۱۱]-

---

۱۰۱- ایضاً ، ص ۲۹۰ ، سید احمد غزنوی کے لیے : عبدالحئی جلد دوم ص ۱۳ -

۱۰۲- عصامی ، ص ۵۲۶ -

۱۰۳- محمد ظہیرالدین ''احمد شاہ ولی بہمنی''، ص ۸—۱۰ ؛ عبدالمجید صدیقی Sheikh ''Sirajuddin Junaidi'' ، ص ۲۳۸ ؛ سید اسد اللہ ''تاریخ مختار الاخیار'' ، ص ۳ ؛ -

۱۰۴- علی طبا طبا ، ص ۱۱ ؛ سید اسد اللہ ، ص ۱۳ ؛ عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ص ۶۵ -

۱۰۵- سخاوت مرزا ''اردو دکن میں''، ص ۳۲۴ -

۱۰۶- ''فتوح السلاطین'' مرتبہ یوشع ، ص ۴۱۸—۴۲۱ ؛ پی ہارڈی Historians ''of Medieval India'' ، ص ۹۶ ، ۱۰۸—۱۰۹ -

۱۰۷- فرشتہ جلد دوم ، ص ۳۲۸ -

۱۰۸- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ، ص ۹۰ -

۱۰۹- فرشتہ جلد اول، ص۲۹۴—۲۹۵ ؛ عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ص۸۳—۸۴-

۱۱۰- شیروانی ''Bahaminis of Deccan''، ص۱۰۱ ؛ عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ص ۹۳ -

۱۱۱- سید عبدالحئی جلد سوم ص ۴۵ ، ۱۶۸ -

Marfat.com

علامہ فضل اللہ انجو جیسے صاحب علم اور نامور عالم ، جو سعد الدین تفتازانی کے شاگرد تھے[112]، محمد شاہ ثانی ہی کے عہد میں شیراز سے دکن آئے - ان کے علم و فضل کی بادشاہ نے بڑی قدر کی - انہوں نے محمد شاہ کی شان میں ایک قصیدہ لکھا جس کے انعام میں ان کو ایک ہزار اشرفیاں دی گئیں - ان کی شاعرانہ خوبیوں کی وجہ سے انہیں دیگر انعامات بھی ملتے رہے اور خلعتوں سے نوازا گیا - جب وہ اپنے وطن واپس گئے تو ان کے پاس کثیر سرمایہ اور تحائف تھے[113]- علامہ فضل اللہ انجو کی وجہ سے کئی اور علما دکن میں جمع ہو گئے تھے- شعرأ کی خوب قدردانی ہونے لگی - میر فضل اللہ انجو اور مولانا محمد بن ابو محمد مشہدی کے ذریعہ حافظ شیرازی کو دکن آنے کی دعوت دی گئی[114]- حافظ کی شخصیت بحیثیت شاعر ہندوستان میں بہت مقبول تھی - سلطنت بہمنیہ میں فارسی کے فروغ نے اسے زیادہ مشہور کر دیا تھا - لوگ اس کے کلام کے اس قدر دیوانے ہوئے کہ محض اس کے کلام کو سمجھنے کے لیے فارسی سیکھنے لگے[115]- خواجہ زین العابدین ہمدانی اور خواجہ محمود گازرونی ، جو خود بھی دکن آنے کا ارادہ رکھتے تھے ، خواجہ حافظ کے مصارف راہ کے کفیل ہوئے[116]- لیکن حافظ سمندر کے سفر سے خائف ہوئے اور دکن آنے کا ارادہ ترک کر دیا - محمد شاہ اور فضل اللہ انجو کی دعوت اور عطیات کے شکریہ میں ایک غزل ارسال کر دی جس کا مطلع یہ ہے :

دہے با غم بسر بردن ، جہان یکسر نمی ارزد
بہ می بفروش دلق ما ، کزین بہتر نمی ارزد[117]

۱۱۲- فرشتہ جلد اول ، ص ۳۰۳ -
۱۱۳- ایضاً ، جلد دوم ، ص ۲۴۷ -
۱۱۴- تفصیلات کے لیے ایضاً جلد اول ص ۴۶۶—۴۶۷ ، مولانا محمد بن ابو محمد مشہدی کے تعلق سے : سید عبدالحئی ، جلد سوم ، ص ۱۶۸ -
۱۱۵- سبحان ، جان اے - ''Sufism, Its Saints and Shrines'' ، ص ۴۳ -
۱۱۶- براؤن ص ۴۰۷ -
۱۱۷- فرشتہ نے یہ غزل مکمل درج کی ہے، جلد اول (نولکشور) ص ۴۶۶ - براؤن نے شبلی کی بیان کردہ اس حکایت کی تردید کی ہے کہ ایک اور سلطان غیاث الدین ابن سلطان سکندر شاہ ، بنگالہ نے بھی حافظ کو ہندوستان آنے کی دعوت دی تھی اور حافظ نے جواب میں اس کو بھی غزل لکھ کر بھیجی تھی جس کا مطلع یہ ہے :

ساقی حدیث سرو و گل و لالہ میرود
وین بحث با ثلاثۂ غسالہ می رود

شعر العجم ، جلد دوم، ص ۱۷۰- براؤن کا خیال ہے کہ اس حکایت میں دعوت دینے والا سلطان وہی ہے جو پچھلی روایت میں بیان ہوا ہے—ص ۴۰۸—۴۰۹ - ویسے حافظ کا ایک بیٹا شاہ نعمان ہندوستان آیا تھا اور برہان پور میں فوت ہوا- غلام علی آزاد بلگرامی ''خزانۂ عامرہ'' ، ص ۱۸۱ -

Marfat.com

اس غزل کے عطیہ پر محمد شاہ نے ملا قاسم مشہدی کے ذریعہ متعدد بیش بہا تحائف حافظ کی خدمت میں بھیجے[۱۱۸]۔

فیروز شاہ بہمنی میر فضل اللہ انجو کا شاگرد تھا[۱۱۹]۔ حضرت شیخ زین الدین شیرازی اسے پند و نصائح کرتے تھے[۱۲۰]۔ یہ اعلیٰ قابلیت رکھتا تھا۔ فارسی کا زبردست عالم اور شاعر تھا۔ اس کی علم و فن کی سرپرستی کی وجہ سے ایران اور عرب سے ارباب کمال اس کے دربار میں آتے رہتے تھے۔ یہ اس کا بے مثال علمی ذوق تھا کہ اس کے جہاز گوا اور چول کی بندرگاہوں سے مختلف ممالک بھیجے جاتے تھے تاکہ علماء اور فضلاء کو لا سکیں[۱۲۱]۔ ایران سے مولانا لطف الدین سبزواری، حکیم حسن گیلانی اور سید محمود گازرونی کو بلایا تھا[۱۲۲]۔ اس کی نظر میں امیر غیاث الدین شیرازی اور مولانا تقی الدین شیرازی کی بڑی قدر و منزلت تھی[۱۲۳]۔ یہ علماء مختلف سرکاری امور کی انجام دہی پر مامور ہوئے۔ اس نے حکیم حسن گیلانی اور سید محمود گازرونی کو حکم دیا تھا کہ دولت آباد کے قریب ایک درے کی چوٹی پر ایک رصد گاہ تعمیر کریں۔ یہ علماء اس علم میں امتیاز رکھتے تھے۔ لیکن بعض اسباب کی وجہ سے جن میں حکیم حسن گیلانی کی وفات بھی شامل ہے، یہ رصدگاہ مکمل نہ ہو سکی[۱۲۴]۔

احمد شاہ ولی غیر معمولی صلاحیتوں کا حامل حکمراں تھا۔ علامہ فضل اللہ انجو سے مستفیض اور حضرت گیسو دراز کا بڑا معتقد تھا[۱۲۵]۔ اس کے دربار میں بڑے بڑے نامور علماء جمع تھے۔ مولانا احد بن ابو احمد قزوینی وکالت عظمیٰ پر حسب سابق برقرار رہے۔ شیخ ابوالقاسم جزجانی اسی عہد میں ہندوستان آئے تھے۔ انھوں نے دکن کو اپنا وطن ثانی بنا لیا تھا اور امرأ میں انھیں اچھا اثر و رسوخ حاصل ہو گیا تھا[۱۲۶]۔ مولانا شمس الدین کرمانی نے بھی اسی عہد میں بیدر میں سکونت اختیار کر لی

۱۱۸- فرشتہ، جلد اول (نولکشور)، ص ٤٦٦۔
۱۱۹- عبدالمجید صدیقی ''فیروز شاہ بہمنی'' ص ٦٤۔
۱۲۰- فرشتہ جلد اول (نولکشور)، ص ٢٩٤۔
۱۲۱- ایضاً، جلد دوم، ص ٣٦٦۔
۱۲۲- شیروانی "Bahaminis of Deccan"، ص ١٤٨۔
۱۲۳- سید عبدالحئی، جلد سوم، ص ١٤٤، ١٩٢۔
۱۲۴- فرشتہ، جلد اول (نولکشور)، ص ٣١٦؛ سید سلیمان ندوی ''مقالات سلیمان'' جلد دوم، ص ٢٦٢—٢٦٣۔
۱۲۵- علی طبا طبا، ص ٥٤؛ عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت''، ص ١٠٨۔
۱۲۶- سید عبدالحئی، جلد سوم، ص ٣٦۔

Marfat.com

تھی[۱۲۷]- اس کے عہد میں شاہ نعمت اللہ ولی کرمانی کے کشف و کرامات کا بڑا شہرہ تھا - احمد شاہ نے اس شہرت کو سن کر ان کی خدمت میں شیخ حبیب اللہ جنیدی کو ، جو ان کے خاندان کے مریدوں میں تھے[۱۲۸]، میر شمس الدین قمی کے ہمراہ وکیل بنا کر روانہ کیا اور ان کے ذریعہ سے ان کے ہاتھ پر بیعت کی - شاہ صاحب نے ملا قطب الدین کرمانی کو ، جو ان کے مرید تھے ، اپنے مکتوب کے ساتھ احمد شاہ کے پاس بھیجا - جس میں احمد شاہ کو— ''اعظم الشہاں شہاب الدین احمد شاہ ولی'' مخاطب کیا - اس وقت سے احمد شاہ نے اپنے نام کے ساتھ ''ولی'' کا اضافہ کیا اور حکم دیا کہ آئندہ سے خطبوں اور فرامین میں یہی نام استعمال کیا جائے[۱۲۹] - پھر خواجہ جمال الدین سمنانی اور مولانا سیف اللہ حسن آبادی کو شاہ صاحب کے پاس بھیج کر درخواست کی کہ اپنی اولاد میں سے کسی کو دکن روانہ فرمائیں اور عوام کو فیض روحانی بخشیں[۱۳۰]- شاہ صاحب کے صرف ایک فرزند شاہ خلیل اللہ تھے جن کی جدائی انھوں نے گوارا نہ کی اور اپنے پوتے شاہ نور اللہ کو روانہ کیا[۱۳۱]- جب وہ احمد آباد بیدر کے قریب پہنچے تو احمد شاہ نے ان کا والہانہ استقبال کیا اور جس جگہ ملاقات ہوئی تھی ، قریہ اور مسجد تعمیر کر کے اس جگہ کا نام نعمت آباد رکھا[۱۳۲] - شاہ نور اللہ کو ملک المشائخ کا خطاب دے کر اپنی لڑکی ان سے بیاہ دی - انہیں حضرت گیسو دراز اور ان کی اولاد پر فوقیت دی[۱۳۳] - جب شاہ نعمت اللہ کا انتقال ہو گیا تو ان کے بیٹے شاہ خلیل بھی اپنے دو فرزندوں : شاہ حبیب اللہ اور شاہ محب اللہ کے ساتھ بیدر منتقل ہو گئے - احمد شاہ نے شاہ نعمت اللہ کا مزار ، جو بہت شاندار بنا ہوا ہے[۱۳۴]، زر کثیر صرف کر کے تعمیر کرایا تھا[۱۳۵] - شاہ حبیب اللہ اور شاہ محب اللہ

۱۲۷- سید عبدالحئی ، جلد سوم ،

۱۲۸- فرشتہ جلد اول ، ص ۵۰۸ -

۱۲۹- ایضاً ، ص ۵۰۹ -

۱۳۰- سید علی طبا طبا نے یہ نام : شیخ خوجن، قاضی موسلی نولکھی ، اتالیق شہزادہ محمد اور ملک الشرق قلنقر خاں تحریر کیے ہیں ، ص ۵٤ -

۱۳۱- ایضاً ، ص ٦۵ -

۱۳۲- فرشتہ جلد اول (نولکشور) ، ص ۵۰۹ ، جواب ''نعمت اللہ آباد'' ہے اور یہ مانجھرا ندی پر حیدر آباد دکن کے شمال مشرق میں واقع ہے -

۱۳۳- فرشتہ جلد اول ، ص ۵۰۹ و نیز علی طبا طبا ، ص ٦۸ -

۱۳٤- ''سفر نامہ مولوی احمد یار خاں'' ، ص۳۰۱ بحوالہ محمد ایوب قادری ''مأثرالامرأ'' جلد سوم ، ترجمہ ، ص ۲۸٤ ح -

۱۳۵- سید شمس اللہ قادری ''رسالہ عمادیہ'' مقالہ ، ص ۱۱۱ بحوالہ حسام الدین راشدی ، حاشیہ ''مقالات الشعرأ'' از میر علی شیر قانع ، ص ۸٤۵ ح -

Marfat.com

بھی احمد شاہ ولی اور اس کے بیٹے شہزادہ علاؤ الدین بہمنی کی لڑکیوں سے بیاہے گئے - شاہ خلیل اللہ کے بارے میں دو روایتیں ہیں - ایک یہ کہ وہ اپنے وطن واپس چلے گئے تھے، دوسری یہ کہ وہ دکن ہی میں فوت ہوئے[۱۳۶] - آخری روایت درست ہے[۱۳۷] - ان کے انتقال ۱۴۶۰ء کے بعد ان کے مقبرہ کو مغیث شیرازی نے اپنی خطاطی سے منقش کیا تھا - اس کے قریب ''تخت کرمانی'' کے نام سے ایک خوبصورت اور دل کش عمارت بھی تعمیر ہوئی تھی[۱۳۸] - میرزا شاہرخ سلطان کا ملک الشعرأ شیخ نور الدین آذری اسفرائنی ، جو شاہ نعمت اللہ ولی سے مستفیض بھی تھا[۱۳۹] ، احمد شاہ ولی ہی کے زمانہ میں دکن پہنچا اور اس کے دربار میں باریاب ہوا - احمد شاہ نے اس کی بڑی آؤ بھگت کی اور ملک الشعرأ کا خطاب بھی دیا[۱۴۰] - اسی کے حکم سے آذری نے ''بہمن نامہ'' نظم کرنا شروع کیا تھا[۱۴۱] - احمد شاہ کے دور تک ، کہ جب تک وہ یہاں رہا ، اس نے بہمن نامہ نظم کیا اور پھر واپس ایران جا کر باقی نظم لکھ کر بھیجتا رہا - بہمن نامہ ہمایوں بہمنی تک آذری کی تصنیف ہے ، باقی ملا نظیری اور سامعی وغیرہ نے مکمل کی[۱۴۲] - شیخ بدر الدین ابن الدمامینی بھی اسی دور میں گلبرگہ وارد ہوئے تھے اور انھوں نے یہیں انتقال کیا - نحو ، لغت ، فقہ اور حدیث کے ائمہ میں سے تھے- انھوں نے عربی قواعد پر اپنی ایک کتاب ''المنھل الصافی'' احمد شاہ بہمنی کے نام معنون کی تھی[۱۴۳] - ان کے ساتھ انھیں کے مکتب فکر کے ایک اور محدث یحییٰ بن عبدالرحمان بھی گلبرگہ میں مقیم ہو گئے تھے - ملا عبدالغنی اور مفتی نجم بھی اسی کے دربار سے وابستہ تھے[۱۴۴] -

---

۱۳۶- فرشتہ جلد اول ، ص ۵۱۰ -

۱۳۷- مفید بافقی و ایرج افشار ''جامع مفیدی'' جلد سوم (تہران ، ۱۳۴۰ھ) بحوالہ حسام الدین راشدی ''تحفۃ الکرام'' مرتبہ ، ص ۳۷۸ (B) -

۱۳۸- شیروانی ''Bahaminis of Deccan'' ص ۲۲۶—۲۲۷ -

۱۳۹- دولت شاہ سمرقندی ''تذکرۃ الشعرأ'' ، ص ۲۷۴ ؛ لچھمی نرائن شفیق ''تذکرۂ شام غریباں'' ، ص ۲۰ -

۱۴۰- عبدالجبار خاں ملکا پوری ''تذکرۂ شعرائے دکن'' ، ص ۱۶۰ ؛ شیخ احمد علی خاں ہاشمی سندیلوی ، ''تذکرۂ مخزن الغرائب'' جلد اول ، ص ۱۲۶ -

۱۴۱- لچھمی نرائن شفیق ، ص ۲۰ -

۱۴۲- عبدالجبار خاں ملکا پوری ''تذکرہ شعرائے دکن'' ، ص ۱۶۰—۱۶۱ ؛ فرشتہ جلد اول (نولکشور) ، ص ۳۲۶ -

۱۴۳- سید عبدالحئی ، جلد سوم ، ص ۱۲۶ - تفصیلات کے لیے محمد اسحاق ''India's Contribution to Hadith Literature'' ص ۸۷—۸۹ و نیز زبید احمد ''عربی ادبیات میں پاک و ہند کا حصہ'' ، ترجمہ ص ۱۹۸ ، ۲۸۰ -

۱۴۴- شمس اللہ قادری ''اردوئے قدیم'' ، ص ۳۷ -

Marfat.com

علاؤ الدین بہمنی کی حکومت کے زمانہ میں شاہ حبیب اللہ کا انتقال ہو گیا - انھوں نے سجادہ نشینی کا کام اپنے چھوٹے بھائی شاہ محب اللہ کے سپرد کر دیا تھا[۱۴۵] - طاہر استر آبادی نے شاہ حبیب اللہ کے انتقال کی تاریخ کہی تھی[۱۴۶] - جب سلطان علاؤ الدین کا لڑکا ہمایوں شاہ تخت نشین ہوا تو اس نے شاہ محب اللہ کو ایک مخالفت کی بنیاد پر قید کر دیا[۱۴۷] ، لیکن وہ قید سے فرار ہو گئے اور آخر کار قتل ہوئے[۱۴۸] - علاؤ الدین بہمنی کے دور میں غیر ملکی نووارد ین نے بہت زیادہ اثر و رسوخ پیدا کر لیا تھا ، اور ان میں سے بعض نے شاہی محل سے تعلقات استوار کر کے اہمیت بھی حاصل کر لی تھی - علاؤ الدین شراب کا بڑا رسیا تھا - چنانچہ آذری اسفرائنی نے ، جو ابھی تک زندہ تھا ، ۸۵۵ھ میں ایک طویل نصیحت نامہ لکھا تھا - اس سے متأثر ہو کر علاؤ الدین نے شراب سے توبہ کر لی تھی[۱۴۹] -

ہمایوں شاہ نے خواجہ نجم الدین محمود گیلانی کو ، جو ایک قانون داں اور ممتاز دانشور تھے ، اپنا وزیر اعلیٰ بنایا تھا - ملا نظیری مشہدی نے ہمایوں شاہ کے انتقال پر تاریخ کہی تھی[۱۵۰] - ملا نظیری اور طاہر بیدری دونوں ہم طرح رہے ہیں - طاہر بیدری شاہ حبیب اللہ کرمانی کے مصاحب بھی تھے اور ان کے انتقال پر تاریخ بھی کہی تھی[۱۵۱] - شاہ خلیل اللہ اور شاہ حبیب اللہ کے خلیفہ اور بیدر کے مشہور بزرگ خلیل اللہ بت شکن کی اولاد میں ایک اردو کا شاعر مشتاق تھا - اس نے شاہ خلیل اللہ کی مدح میں ایک اردو قصیدہ لکھا تھا[۱۵۲] - لطفی بھی مشتاق کا ہمعصر شاعر تھا - اس نے مشتاق کی طرح شاہ محمد کی مدح کی ہے جو خلیل اللہ بت شکن کی اولاد میں تھے - اس نے خواجوئے کرمانی کے ایک مشہور فارسی قصیدے کی زمین میں

۱۴۵- علی طبا طبا ، ص ۸۱ -

۱۴۶- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ، ص ۱۲۹ -

۱۴۷- ایضاً ، ص ۱۲۶ ، علی طبا طبا ، ص ۸۸ -

۱۴۸- شاہنواز خاں ''مآثرالامرأ'' جلد سوم ، ترجمہ ، ص ۲۸۶ ؛ شاہ نعمت اللہ ولی کے سلسلۂ نسب مرتبہ حسام الدین راشدی [''تحفتہ الکرام'' از میر علی شیر قانع ، بخش اول مجلد سوم حیدرآباد ، ۱۹۷۱ء ، ص ۳۷۸ (A)] سے ان کے خاندان اور مریدوں کا قیام دکن اور وہاں ان کی کارکردگی کا مختصر احوال ظاہر ہوتا ہے - نیز شاہنواز خاں ، جلد سوم ، ص ۲۸۶—۲۹۰ -

۱۴۹- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ، ص ۱۲۵ -

۱۵۰- منقول ، علی طبا طبا ، ص ۹۵ -

۱۵۱- ایضاً ، ص ۹۴ -

۱۵۲- ڈاکٹر محی الدین قادری زور ''دکنی ادب کی تاریخ'' ، ص ۱۶ -

Marfat.com

بھی ایک قصیدہ لکھا تھا[۱۵۳] - شیخ نور سمنانی کے اثر سے جو اس عہد میں بہمنی دربار میں موجود تھے خواجوئے کرمانی کا کلام مقبول تھا کیونکہ خواجوئے کرمانی حضرت رکن سمنانی کا مرید خاص تھا[۱۵۴] -

خواجہ محمود گاواں سلطنت بہمنیہ کے مدبرین میں بہت ممتاز ہے - وہ علم و فضل کا بڑا سرپرست تھا - بلکہ خود دانشور ، عالم ، شاعر اور انشا پرداز کی حیثیت سے نمایاں مقام رکھتا ہے - گیلان کے قریہ قاوان میں پیدا ہوا تھا - اسی وجہ سے عرف عام میں گاواں کے لقب سے مشہور ہوا[۱۵۵] - اس کے اجداد شاہان گیلان کے وزرأ میں شامل تھے ، اور ان میں سے ایک شخص نے اپنی ذاتی کوششوں سے رشت کی بادشاہت حاصل کر لی تھی ، اور یہ خود مختار حکومت اس کے خاندان میں شاہ طہماسپ صفوی والئی ایران کے زمانہ تک ، جس نے اس کا خاتمہ کیا ، قائم رہی[۱۵۶] - محمود گاواں نے تحصیل علم کے لیے مختلف اسلامی ممالک کا سفر کیا تھا ، اس لیے اپنے ہم عصر علمأ سے یا تو ذاتی واقفیت تھی یا رسل و رسائل کے ذریعہ سے محبت و یگانگت پیدا کر لی تھی -

محمود گاواں ایک تاجر کی حیثیت میں شاہ محب اللہ نبیرۂ شاہ نعمت اللہ کرمانی کی زیارت کے شوق میں بیدر پہنچا تھا - علاؤ الدین بہمنی نے اس کی بہت قدر کی - اس نے وطن واپسی کا ارادہ ترک کر کے حکومت کے امور میں شرکت اختیار کر لی تھی - اپنی منصبی ذمہ داریوں کے ساتھ تجارت کا کام بھی انجام دیتا رہا - اس کی فیاضی ، علم و فضل اور تدبر کی سب مؤرخین نے تعریف کی ہے - اس کی خوبیوں نے اسے اقصائے عالم میں مشہور کر دیا تھا - شہرت کی وجہ خاندانی اعزاز اور بہمنی وزارت کا جلیل القدر عہدہ بھی تھا - قاضی شرف الدین شوستری اس کے اتالیق تھے جو بعد میں صدر جہاں کے عہدہ پر فائز ہوئے[۱۵۷] - پہلے یہ محمد شاہ کے بھی اتالیق رہ چکے تھے - محمود گاواں سے ان کے قریبی تعلقات تھے -

اپنے مدرسہ کے لیے ، جسے اس نے اپنے صرف خاص سے بیدر میں تعمیر کرایا تھا ، ممالک مختلفہ سے علما کو تدریس کے لیے دکن بلایا تھا - ان میں خصوصیت سے جلال الدین دوانی ، ابو بکر طہرانی اور شیخ صدر الدین رواسی شامل تھے[۱۵۸] - مولانا

۱۵۳- ڈاکٹر محی الدین قادری زور ''دکنی ادب کی تاریخ''

۱۵۴- ایضاً ، ص ۱۸ -

۱۵۵- شیروانی "Studies in Political Thought and Administration" ، ص ۱۹۴ -

۱۵۶- عزیز مرزا ''سیرۃ المحمود'' ، ص ۵ -

۱۵۷- فرشتہ ، جلد اول (نولکشور) ، ص ۴۸۵ -

۱۵۸- اس سلسلہ میں مکتوبات ''ریاض الانشا'' علی الترتیب ، ص ۱۷۲ ، ۱۷۵ ، ۱۴ -

Marfat.com

عبدالرحمان جامی کو تو دکن آنے کی کئی مرتبہ دعوت دی ہے[۱۵۹] - جامی سے اس کی بے تکلفی کا اندازہ ''ریاض الانشا'' میں شامل اس کے مکتوبات سے بخوبی ہوتا ہے - ''انشائے جامی'' میں بھی کئی مکتوبات خواجہ کے نام موجود ہیں - جامی نے اعتراف کیا ہے کہ خواجہ نے ہندوستان کو ''رشک روم'' یا ''مثل روم'' بنا دیا ہے - اس کی شاعری اور انشا پردازی کی بھی اس نے اپنے ایک قطعہ میں بڑی تعریف کی ہے[۱۶۰] - سفر کی مشکلات کے سبب وہ ہندوستان آنے سے معذرت کرتا رہا[۱۶۱] - جب اس نے ''فصوص الحکم'' کی شرح لکھی تو اس کا ایک نسخہ ہدیۃً خواجہ کے لیے بھیجا[۱۶۲]- اسی طرح جلال الدین دوانی نے ، جو ''اخلاق جلالی'' کے مترجم کی حیثیت سے شہرت رکھتے ہیں ، شیخ شہاب الدین سہروردی کی تصنیف ''ھیاکل النور'' کی شرح ''شواکل الحور'' لکھی تو اسے محمود گاوان کے نام سے معنون کیا[۱۶۳] - ملا عبدالکریم ہمدانی نے خواجہ کی سوانح لکھی[۱۶۴] - اس کا خلاصہ محمد قاسم ہندو شاہ فرشتہ نے اپنی تاریخ میں محمد شاہ بہمنی کے حالات کے آخر میں دیا ہے[۱۶۵] - ملا عبدالکریم ہمدانی محمود گاوان سے ایک عرصہ تک وابستہ رہا - اس کا والد علاؤالدین بہمنی کی مہم قلعہ مدکل میں شریک تھا[۱۶۶] - نامور شاعر سامعی محمود کے مصاحبوں میں شامل تھا - محمود نے جب بیدر میں مدرسہ تعمیر کیا تو سامعی نے تاریخی قطعہ کہا تھا[۱۶۷] - ملا نظیری مشہدی کو محمود ہی نے ملک الشعرأ کا خطاب دلوایا تھا[۱۶۸] - مشہور علماء سلامت اللہ اوحدی اور شمس الدین سامی اس کے ندیمان خاص تھے[۱۶۹] - اس کے عہد آخر میں عبدالعزیز بن محمود طومی دکن آئے تھے جنہیں محمود گاوان نے اپنے داماد کا اتالیق

۱۵۹- ''ریاض الانشا''، ص ۱۹—۲۲ ، ۱۵۲—۱۵۶ ، ۱۶۵—۱۷۲ ، ۲۰۸—۲۱۰ ، ۲۲۷—۲۳۲ -

۱۶۰- بشیر الدین احمد ''واقعات مملکت بیجا پور'' حصہ سوم ، ص ۱۰۹—۱۱۰ -

۱۶۱- شیروانی ''Bahaminis of Deccan'' ، ص ۳۴۶ ح -

۱۶۲- ''رقعات جامی'' قلمی بحوالہ غلام یزدانی ، مقدمہ ''ریاض الانشا'' ، ص ی—و -

۱۶۳- غلام یزدانی ، مقدمہ ''ریاض الانشا'' ، ص ی ، شیروانی ''Cultural Trends in Medieval India'' ، ص ۸۵ -

۱۶۴- عزیز مرزا ص ۷۰ -

۱۶۵- اسٹوری ''Persian Literature'' سیکشن دوم حصہ اول ، ص ، ۱۰۹ -

۱۶۶- خواجہ عبدالحمید یزدانی ، مقالہ منقول ''تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و بھارت'' فارسی ادب ، جلد اول ، ص ۲۸۷ -

۱۶۷- منقول ، عزیز مرزا ، ص ۷۴ -

۱۶۸- ایضاً ، ص ۷۱ -

۱۶۹- شمس اللہ قادری ، ص ۳۷ -

Marfat.com

مقرر کیا تھا - خواجہ کے قتل پر عبدالکریم ہمدانی نے مشہور تاریخی قطعہ کہا تھا[۱۷۰]۔ محمود شاہ کی تخت نشینی کے موقع پر عبدالکریم ہمدانی دربار میں موجود تھا - اس نے ''تاریخ محمود شاہی'' بھی تصنیف کی ہے[۱۷۱]- جن علماء اور شعراً سے محمود گاواں کی مراسلت تھی ان میں خواجہ عبید اللہ الاحرار ، شیخ بایزید خلخالی ، صدر الدین رواسی ، شرف الدین علی الیزدی ، مولانا ابو سعید ، سید مہدی تبریزی ، جلال الدین دوانی ، عبدالرحمان جاسی ، کمال الدین رومی ، ابوبکر طہرانی وغیرہ جیسے اکابر کے نام ہیں - سیاسی ناموران میں شاہ گیلان ، وزرائے گیلان اور دیگر عمائدین گیلان ابو سعید گورگان ، سلطان محمد مراد بک ، محمود شاہ رومی وغیرہ سے محمود گاواں کی خط و کتابت تھی -

فارسی میں شاعر بھی تھا اور انشا پرداز بھی - نثر میں مکتوبات کے مجموعہ ''ریاض الانشا'' کے علاوہ ''مناظر الانشا'' بھی ہے - جس میں فن انشا سے بحث کی ہے - شاعری میں قابل ذکر اس کے قصیدے ہیں ، جن میں سے دو قصیدے محمد شاہ بہمنی کی مدح میں انوری اور بدیع الزماں ہمدانی کے قصیدوں کے طرز میں نظم کئے تھے اور ایک قصیدہ کمال الدین اصفہانی کے قصیدے کے جواب میں نظم کیا تھا اور اس پر اپنا تفوق جتایا تھا[۱۷۲]۔

محمود گاواں کے بعد سلطنت کے انتشار ، سیاسی زبوں حالی اور مقامی اور غیرمقامی کی عصبیت نے دکن کی تہذیبی صورت حال کو کسی قابل نہ رہنے دیا[۱۷۳]۔ چنانچہ یہ مشکل تھا کہ دوسرے ممالک سے سلطنت کے علمی اور تمدنی روابط بھی بحال رہتے -

۶- لسانی روابط

اپنے دور امن و امان میں اس سلطنت نے ایران سے تہذیب و تمدن اور علم و ادب میں نمایاں اور دیرپا اثرات قبول کئے تھے جو واضح طور پر اس دور کی علمی و تمدنی تاریخ میں دیکھے جا سکتے ہیں - خصوصاً فارسی زبان کا دور دورہ ہو گیا - دکن میں عربوں کے بعد ایرانی ، افغانی اور ترکی آئے - ان کی زبان عربی ، فارسی اور ترکی تھی - دکن میں مسلمانوں کی جو نسلیں دکن فتح ہونے کے بعد پیدا ہوئیں ان کی زبان عموماً فارسی تھی - اس لیے عربی کے بعد فارسی کا زیادہ سے زیادہ رواج ہو گیا - چونکہ

۱۷۰- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ، ص ۱۵۳ - ''اس کی شہادت کی خبر سن کر مکہ معظمہ کے ادبی حلقہ پر غم کے بادل چھا گئے تھے''- عبدالرحمان سخاوی بحوالہ محمد اسحاق ''India's Contribution to Hadith Literature'' ، ص ۹۱ -

۱۷۱- عبدالمجید صدیقی ، ''بہمنی سلطنت'' ، ص ۱۶۴ -

۱۷۲- مکتوب ''ریاض الانشا'' ، ص ۱۴۱—۱۵۲ -

۱۷۳- بازورتھ ، ص ۲۰۶ -

Marfat.com

ایران اور ماوراء النہر سے نسبتاً زیادہ تعداد میں اصحاب علم و فن دکن آئے اور بعد میں ایران کی صفوی حکومت کا دکن کے فرماں رواؤں سے زیادہ تعلق رہا[۱۷۴] ، اس لیے بھی دکن میں فارسی کا دورہ دور ایک عرصہٴ دراز تک رہا - بہمنیہ سلطنت کے زمانہ میں خصوصاً فارسی کو زیاد، فروغ حاصل ہوا۔ کئی نامور شاعر ، ادیب اور علماٴ دکن کی سرزمین میں فارسی کو رواج دیتے رہے - خود سلاطین نے بھی اس کی خوب سرپرستی کی - انھوں نے اپنی سلطنت کی زبان فارسی قرار دی[۱۷۵] - یہ اہم سبب تھا کہ دکن میں اس زبان کو زیادہ فروغ اور رواج حاصل ہوتا رہا[۱۷۶] -

سلاطین کی حوصلہ افزائی کے سبب ابتدائے قیام سلطنت ہی سے ایران اور سمندر پار ملکوں سے اصحاب علم و فضل کی آمد نے سلاطین بہمنیہ کے دربار کو ایرانی دربار کا نمونہ بنا دیا تھا - ان نووارد‌ین نے دکن کو اپنا وطن ثانی بنا لیا اور ان کے قیام نے دکن کو ایران کوچک بنا دیا - ان کے اثر سے دکن میں زبان و ادب کو ہمہ جہتی فروغ حاصل ہوا اور فارسی ادب کی جملہ اصناف ، تاریخ ، انشا ، شاعری اور مذہبی و صوفیانہ ادب کو بڑی ترقی حاصل ہوئی[۱۷۷] - بیشتر ایرانی شاعروں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کی گئی - ان کی قدر و منزلت ہر دور میں عام رہی - ایران سے آنے والے شاعروں کے علاوہ خود دکن میں فارسی کے کئی شاعر موجود تھے - عصامی کی فتوح السلاطین ، حاجی محمد قندھاری اور آذری اسفرائنی کے بہمن نامے یہیں تصنیف ہوئے - محمود گاواں کی تصانیف مناظر الانشا اور ریاض الانشا فارسی ادب کی تاریخ میں لازمی ذکر کے قابل ہیں - علاوہ ازیں مذہب ، تصوف اور تاریخ میں دیگر متعدد تصانیف اس دور کی یادگار ہیں[۱۷۸]-

بہمنی سلطنت میں ایران سے تہذیبی اختلاط اور تمدنی روابط کا اظہار لسانی اعتبار سے اردو کی صورت میں بھی ہوا - فارسی کے زیر اثر اس نئی زبان—دکھنی—نے جو شمال سے آئی تھی ، اپنی ترقی کا ایک اور زینہ طے کیا[۱۷۹] - مسلمان عرب ، ترک اور ایرانی

---

۱۷۴ - نصیر الدین ہاشمی ''دکنی کلچر'' ، ص ۱۵۴ -

۱۷۵- ''تذکرہ سلاطین دکن'' جلد اول ، بحوالہ ایضاً -

۱۷۶- فیروز شاہ کے اس فرمان شاہی کو ہندوستان کی قدیم ترین فارسی تحریر قرار دیا گیا ہے ، جو حال ہی میں دستیاب ہوئی ہے - اس کی ایک عکسی نقل ڈاکٹر یوسف حسین خاں ''یادوں کی دنیا'' ، ص ۴۳۲—۴۳۳ میں ہے -

۱۷۷- ڈاکٹر عبدالمنان ، ص ۳۶۹—۳۷۰ -

۱۷۸- ان کا ایک مرسری جائزہ شمس‌اللہ قادری، تصنیف مذکور ص ۴۰—۴۲ میں ہے -

۱۷۹- شیروانی ''Cultural Trends in Medieval India'' - ص ۹۹ ، ''اردو کا یہ روپ زیادہ تر پنجابی اور اس کے زیر اثر مرٹھی اور دو دراوڑی زبانوں تلگو اور تامل سے مل کر بنا تھا'' - ڈاکٹر کارن لیونارڈ ''The Deccani Synthesis in Old Hyderabad'' ، ص ۲۱۱ -

Marfat.com

اس وقت تک برعظیم کے شمال مغربی علاقوں میں پانچ سو سال سے زیادہ بسر کر چکے تھے - اس اثنا میں عربی ، فارسی ، ترکی زبانوں کے اثرات اور خصوصیت سے اسلامی تعلیم اور اس سے متعلقہ وظائف ، اصطلاحات اور جملہ الفاظ مقامی زبانوں میں اس طرح داخل ہو چکے تھے کہ ایک مخلوط زبان کا پیدا ہو جانا لازمی اور فطری امر تھا - مسلمانوں کے ساتھ یہی زبان شمال مغربی علاقوں سے نقل مکانی کر کے وسط ہند میں داخل ہوئی اور وہاں کی برج اور شورسینی بولیوں سے مل کر قدیم اردو کی شکل میں نمودار ہوئی - یہی زبان دکن میں کچھ تو علاؤ الدین خلجی کے زمانہ میں دکنی فتوحات کی وجہ سے اور بیشتر محمد تغلق کے زمانہ میں دہلی کی آبادی کے دولت آباد منتقل ہونے کے سبب پہنچ چکی تھی اور دکن میں وہاں کی مقامی بولیوں کے اثرات قبول کر رہی تھی - جب بہمنی سلطنت آزادانہ طور پر قائم ہو گئی اور دکن کا سلطنت دہلی سے سیاسی تعلق منقطع ہو گیا ، تو دکنی اردو دہلوی اردو سے بڑی حد تک بے نیاز و لا تعلق ہو گئی - اس کی یہ لا تعلقی تقریباً تین صدیوں تک برقرار رہی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دکنی اردو متعدد پہلوؤں میں ، جو نہ صرف صوتیات ، الفاظ ، محاورے اور روزمرہ سے بلکہ صرف و نحو سے تعلق رکھتے ہیں ، دہلوی اردو سے مختلف ہو گئی - اب تک اس میں عربی اور ترکی زبانوں کے اثرات موجود تھے - دکن میں فارسی کے رواج کے زیر اثر اس میں فارسی کے بکثرت الفاظ داخل ہو گئے اور فارسی قواعد کا بھی خاصہ اثر شامل ہوا ، جیسے یائے نسبتی ، اضافت ، جمع بنانے کے قاعدے ، بیانیہ کے مرکبات بنانے کے طریقے وغیرہ - اس میں فارسی کی تشبیہیں ، استعارے ، تلمیحیں اور ترکیبیں بھی استعمال ہونے لگیں - بلکہ اس نے فارسی نظم ہی کے اوزان و بحور اور اصناف سخن مثلاً مثنوی ، قصیدہ ، غزل ، رباعی ، مخمس وغیرہ اختیار کر لیے ، اور نثر میں بھی فارسی کی طرح نثر عاری ، نثر مرجز اور نثر مسجع کو اپنا لیا - یہ زبان جب بول چال کے علاوہ تحریر میں بھی استعمال ہونے لگی[180] اور ادبی زبان کا درجہ حاصل کرنے لگی تو فارسی سے متاثر ہونے کے سبب قدرتاً فارسی رسم الخط میں لکھی جانے لگی - سلاطین بہمنیہ نے فارسی کی طرح اس کی بھی خوب سرپرستی کی اور اس کو بالآخر سلطنت کی سرکاری زبان کا درجہ بھی دے دیا[181] -

اردو کے شاعر بھی بہمنی دربار سے متعلق رہتے تھے - اس کی ایک مثال نظامی ہے جس نے ''کدم راؤ پدم راؤ'' تصنیف کی[182] - یہ احمد شاہ ولی بہمنی اور علاؤ الدین بہمنی کے دربار سے منسلک تھا - فیروز شاہ بہمنی کے قوم پرور اور روشن دور حکومت میں دوسری تمدنی ترقیوں کے ساتھ اس زبان کو بھی فروغ حاصل ہوا - خود بادشاہ کی مقامی

۱۸۰- ابتدائی عہد بہمنیہ میں اردو بول چال اور ملفوظات کے لیے سخاوت مرزا ، تصنیف مذکور ، ص ۳۲۴—۳۲۵ و بعدہ - نصیرالدین ہاشمی ''دکن میں اردو''، ص ۱۹-۲۰-

۱۸۱- ایضاً ، ص ۲۴ -

۱۸۲- ایضاً ، ص ۳۴—۳۵ -

Marfat.com

زبانوں سے دلچسپی نے اس نوزائیدہ زبان کے مستقبل کو تابناک بنا دیا - خود فارسی کا شاعر تھا لیکن اردو میں بھی اس کی طبع آزمائی ثابت ہے[۱۸۳] - عین الدین گنج العلم ، حضرت گیسو دراز ، سید محمد اکبر حسینی ، عبد اللہ حسینی ، سعدی دکنی ، نظامی ، مشتاق ، لطفی وغیرہ عہد سلطنت بہمنیہ کے مشہور شاعر اور نثر نگار ہیں - حضرت گیسو دراز کی ''معراج العاشقین'' نثر میں اور نظامی کی ''کدم راؤ پدم راؤ'' نظم میں ، اس دور کے کارنامے ہیں - عصامی کی ''فتوح السلاطین'' فارسی میں عہد بہمنیہ کا اولین ادبی اور تاریخی شاہکار ہے - یہ مقامی زبانوں کے الفاظ کے استعمال سے ، جو اس میں موجود ہیں ، لسانی و تمدنی اختلاط کی نشاندہی کرتی ہے - اسی قسم کی مثالیں حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کی فارسی تصانیف میں بھی ملتی ہیں[۱۸۴] -

۷- تمدنی روابط

سلاطین بہمنیہ نے اپنی خاص رغبت اور خوش ذوقی اپنے عہد کی تعمیرات میں بھی ظاہر کی ہے - دل کش فن تعمیر اس سلطنت کا ایک خاص امتیاز ہے - گلبرگہ اور بیدر کی عمارتیں فن تعمیر میں سلاطین کے ذوق تعمیر کی نمایاں مثال ہیں - ان کے ذوق اور فن کی تشکیل میں ایرانی اثرات نمایاں دیکھے جا سکتے ہیں[۱۸۵]- انھوں نے اپنے ذوق سے ایک خاص طرز تعمیر کو تشکیل دیا - جو ہندوستانی ، ترکی ، مصری اور ایرانی طرز تعمیر کے امتزاج کا نمونہ تھا - ایرانی اور دکنی طرز تعمیر کا امتزاج شعوری اور فطری تقاضوں کے زیر اثر وجود میں آیا تھا - مسلمان اپنے ساتھ بالخصوص ایرانی طرز تعمیر لے کر آئے تھے[۱۸۶] - اس کے اثرات سلطنت بہمنیہ کی تعمیرات میں ابتدائی دور ہی سے نمایاں ہونے لگے تھے ، جس کا ثبوت اس دور کی مذہبی اور غیر مذہبی عمارتوں سے ملتا ہے[۱۸۷]- دولت آباد میں جو عمارتیں تعمیر ہوئیں ، ان کا تعلق براہ راست ایران سے تھا ، اور دوسرے مقامات پر جو مضبوط قلعے بنائے گئے تھے وہ فوجی فن تعمیر کا اعلیٰ نمونہ ہیں[۱۸۸] - یہ بات طے ہے کہ بانیٔ سلطنت نے ایرانی افراد کو سیاسی مصلحت کے تحت فوج میں شامل کیا تھا - بعد میں دیگر سلاطین نے اس روایت کو برقرار رکھا اور دوسری اہم ذمہ داریاں بھی ایرانی نوواردین کے سپرد رہیں - چنانچہ فوجی نوعیت سے تعمیر ہونے والے قلعوں کا ایرانی اثرات کا حامل ہونا فطری تھا -

---

۱۸۳- ڈاکٹر سیدہ جعفر ''نادر دکنی رباعیاں'' منقول ''قدیم اردو'' جلد اول ، ص۵۲۳-

۱۸۴- ڈاکٹر عبدالمنان ، ص ۳۶۸ -

۱۸۵- شیروانی ''Cultural Trends in Medieval India'' ، ص ۱۴ -

۱۸۶- ڈاکٹر تاراچند ''Influence of Islam on Indian Culture'' ، ص ۱۳۸ وغیرہ -

۱۸۷- تفصیلات کے لیے شیروانی ''Cultural Trends in Medieval India''، ص۱۴—۱۸-

۱۸۸- تاراچند بحوالہ شیخ محمد اکرام ''آب کوثر'' ، ص ۵۱۴ -

Marfat.com

محمد شاہ بہمنی کے عہد میں جتنی تعمیرات ہوئیں ان سب میں ایرانی اثرات دیکھے جا سکتے ہیں - اس کے دور کا ''معمار اول'' شکر اللہ قزوین کا باشندہ تھا - محمد شاہ بہمنی نے گلبرگہ میں ایک مثالی 'جامع مسجد' تعمیر کرائی[۱۸۹] - اس کا معمار رفیع بن شمس بن منصور قزوینی تھا جس نے اسے ۷۶۹ھ میں مکمل کیا تھا - یہ جنوبی ہند کی سب سے پر کشش مسجد تھی[۱۹۰]- اور تمام عالم میں اپنی نوعیت کی واحد مسجد ہے - اس پر بے شمار گنبد ہیں اور مسجد کا کوئی صحن نہیں - تمام گنبد مقرنسوں اور قطری کمانوں پر قائم ہیں - شکر اللہ قزوینی نے احمد شاہ بہمنی کا مقبرہ تعمیر کیا تھا[۱۹۱] - مقبرہ کو سرسری طور پر بھی دیکھا جائے تو سمرقند میں امیر تیمور کے روضہ اور اس میں گہری مماثلت نظر آئے گی - جو فن کار ایران سے یہاں آئے ان میں ایک کاتب کا نام ''مطالعہ خاں'' تھا - یہ ایران سے آیا تھا - اس نے احمد شاہ بہمنی کے گنبد کے اندر قبور پر کتبات لکھے تھے - غیاث الدین بہمنی نے جو ''ہفت گنبد'' تعمیر کرایا تھا ، ان گنبدوں کی تعمیر میں ایرانی اثرات زیادہ نمایاں تھے[۱۹۲]- مجاہد اول سے شمس الدین تک سب اسی گنبد میں دفن ہوئے - تعمیرات میں ایرانی اثرات فیروز شاہ کے زمانہ میں اپنی معراج پر تھے - ''فیروز گنبد'' جو اس نے تعمیر کرایا تھا ، ایرانی اثرات کی نمایاں مثال ہے[۱۹۳] - گلبرگہ میں اس کا تعمیر کرایا ہوا قلعہ بھی اس کا ایک اہم کارنامہ ہے - یہ بھی ایرانی اثرات کا بھرپور اظہار کرتا ہے - خصوصاً مشرقی اور شمالی سمتوں میں ، دونوں جانب شیر کے مجسمے ایرانی طرز فکر پیش کرتے ہیں[۱۹۴]- اس کے علاوہ قلعہ کی عالیشان مسجد ، جو اسی کے دور میں تعمیر ہوئی تھی ، ہندوستان میں اسلامی فن تعمیر کا پہلا مثالی نمونہ سمجھی جاتی ہے - بعد میں جب سلطنت کا پایۂ تخت بیدر قرار پایا تو وہاں بھی نئی نئی عالیشان عمارتیں تعمیر کر کے

۱۸۹- فرگوسن ''History of Indian Architecture'' ، ص ۲۶۴- معمار کا نام کتبہ میں اس طرح آیا ہے :

''- - - - تعمیر مساجد اللہ - - - -توفیقہ الشرایف رفیع بن شمس بن منصور القزوینی فی عبدالسلطان محمد شاہ - سنہ تسع و ستین و سبعمایہ'' - ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی ''پاک وہند کے فن تعمیر پر ایران و توران کا اثر'' ، ص ۱۲۳ -

۱۹۰- پرسی براؤن ''Indian Architecture'' ، ص ۶۹ -

۱۹۱- ڈبلیو ہیگ ''The Religion of Ahmed Shah'' بحوالہ ہولسٹر، ص ۱۰۹ جس کا نام اس روضہ کے گنبد کے حلقہ پر تحریر ہے—محمد عبد اللہ چغتائی ''پاک و ہند کے فن تعمیر پر ایران و توران کا اثر-'' ، ص ۱۲۳ -

۱۹۲- شیروانی ''Bahaminis of Deccan'' ، ص ۱۱۷ -

۱۹۳- ایضاً ، ص ۱۴۹ -

۱۹۴- ایضاً ، ''Cultural Trends in Medieval India'' ، ص ۱۶ -

Marfat.com

سلطنت کی تعمیری سرگرمیوں میں اضافہ کیا گیا - ان میں خصوصیت سے قابل ذکر احمد شاہ اول کے گنبد اور اس کے اندر کے نقش و نگار اور کتبات ہیں - یہ کتبات رسم الخط کے اعتبار سے نسخ ، کوفی اور ثلث میں ہیں - اس قسم کی نفیس نقاشی مصر اور عرب اور اس کے بعد سمرقند کی عمارتوں میں تھی - ہندوستان میں یہ اس کا واحد نمونہ ہے[۱۹۵] - فیروز کے مقبرہ میں مغیث شیرانی خوش نویس نے متعدد مقامات پر حضرت محمد مصطفیٰ ص اور حضرت علی رض کے نام نقش کئے تھے[۱۹۶] - احمد شاہ ولی کا محل بھی ایرانی طرز تعمیر کا شاہکار ہے[۱۹۷]- شاہ خلیل اللہ کرمانی کے وصال کے بعد ان کے مقبرہ کو بھی مغیث شیرازی نے خطاطی سے منقش کیا تھا - اس کے قریب شاہ نعمت اللہ کرمانی کی یادگار کے طور پر ''تخت کرمانی'' کے نام سے ایک خوبصورت عمارت تعمیر ہوئی تھی[۱۹۸]- ملا شرف الدین مازندرانی نے جو مشہور زمانہ خوش نویس اور شاہ نعمت اللہ ولی کے مرید تھے ، شیخ آذری کے دو بیت قصر دارالامارۃ بیدر کے صدر دروازہ پر کندہ کئے تھے[۱۹۹]- دولت آباد کے قلعہ سے ملحق ''چاند مینار'' بھی خالص ایرانی فن تعمیر کا شاہکار تھا[۲۰۰]- محمود گاواں کا مدرسہ کئی حیثیتوں سے مشہور ہے - یہ ۱۴۷۲ء میں مکمل ہوا تھا - اس کا طرز تعمیر سمرقند کے قدیم مدارس اور اصفہان کی مساجد کا سا ہے - اس کی دیواروں کی کاشی کاری اس کے حسن کو مزید دوبالا کرتی ہے - اس کی عمارتوں کے کتبات کا رسم الخط ملا جلا نسخ اور نستعلیق ہے - اسے ہندوستانی کتبات میں فارسی رسم الخط کی ابتدأ قرار دیا جا سکتا ہے[۲۰۱]-پیشانی پر سر بسر قرآن کی آیات نہایت اعلیٰ خط ثلث میں سفید زمین پر نیلے حروف میں مرقوم ہیں - کاتب نے اپنا نام ''کتبہ العبد علی الصوفی'' لکھا ہے - اس کاتب کو محمود گاواں نے خاص طور پر شیراز سے مدعو کیا تھا[۲۰۲] - بیدر میں ہمایوں شاہ بہمنی کا مقبرہ اور چوکھنڈی کی عمارتیں بھی خاص اہمیت رکھتی ہیں - ان میں بھی ایران کا براہ راست اثر واضح طور پر دکھائی دیتا ہے -

۸- مذہبی روابط

سلطنت بہمنیہ میں ایران سے روابط کی مثالیں رسم و رواج اور مذہب میں بھی

۱۹۵- ڈاکٹر عبدالمنان ، ص ۳۶۷ -

۱۹۶- شیروانی "Bahaminis of Deccan" ، ص ۱۹۰ -

۱۹۷- ایضاً -

۱۹۸- شیروانی "Bahminis of Deccan" ، ص ۲۲۶—۲۲۷ -

۱۹۹- لچھمی نرائن شفیق نے یہ دو بیت نقل کئے ہیں - تصنیف مذکور ، ص ۲۱ -

۲۰۰- شیروانی "Bahaminis of Deccan" ، ص ۲۲۸ -

۲۰۱- ڈاکٹر عبدالمنان ، ص ۳۶۷ -

۲۰۲- محمد عبداللہ چغتائی ''پاک وہند کے فن تعمیر پر ایران وتوران کا اثر''ص ۱۲۴ -

Marfat.com

دیکھی جا سکتی ہیں - ہر سال جشن نوروز کی روایت عام تھی[۲۰۳]- اس وقت ایران میں شیعہ مذہب اپنے عروج پر تھا ، جب کہ شاہان دہلی کا مذہب آخر تک اہل سنت والجماعت رہا - ایران اور دیگر ممالک سے آنے والے نووارد‌ین میں زیادہ تعداد شیعہ مذہب کے حامل افراد کی تھی[۲۰۴]- سلاطین میں سے اکثر شیعہ نہیں تھے بلکہ بعد میں کچھ سلاطین نے شیعہ مذہب اختیار کر لیا تھا[۲۰۵]- ان کے مذہب کی اس تبدیلی میں بلا شبہ ایرانی روابط و اثرات اور ان کا تہذیبی و سیاسی ماحول کارفرما تھا - ان سلاطین کے علاوہ ایرانی اثرات کی وجہ سے کئی سنی تفضیلی خیالات سے متاثر ہوئے[۲۰۶]- یوسف عادل شاہ نے جو دربار بہمنیہ کا ترک امیر تھا ، بغاوت کر کے بیجا پور میں اپنی خود مختاری کا اعلان کیا تو اس نے شیعہ طریقہ سے خطبہ پڑھانا شروع کیا جو دکن تو کیا برعظیم کے لیے ایک نئی بات تھی - اب تک ہندوستان کے کسی خطے میں شیعہ مذہب کو سرکاری سرپرستی حاصل نہ تھی[۲۰۷]- بہمنی سلطنت میں متعدد شیعہ افراد نے ، جو ایران سے آنے کے بعد بااثر ہو گئے تھے ، اپنے اثرات میں خاصہ اضافہ کر لیا تھا[۲۰۸]- یہ اثرات زیادہ تر فوج میں اور سرکاری شعبوں میں موجزن رہے - عوام میں یہی کام ان عالموں ، ادیبوں ، شاعروں نے کیا جو ایران سے آ کر بس گئے تھے -

---

فہرست اسناد محولہ

آزاد بلگرامی ، غلام علی - ''خزانۂ عامرہ'' (کانپور ، ۱۸۷۱ء) -

اسد اللہ ، سید ''تاریخ مختار الاخیار'' (حیدر آباد دکن ، ۱۲۹۴ھ) -

اسٹوری ، سی - اے ''Persian Literature'' حصہ اول ، جزو دوم (لندن ، ۱۹۳۵ء) -

اسحاق ، محمد ''India's Contribution to Hadith Literature'' (ڈھاکہ ، ۱۹۶۵ء) -

---

۲۰۳- عبد المجید ''بہمنی سلطنت'' ، ص ۶۹ — ۱۰۹ -

۲۰۴- ہولسٹر ، ص ۱۰۵ -

۲۰۵- سلاطین اور ان کی سرکاری امور کی انجام دہی میں شیعہ مذہب کے اثرات کا تفصیلی مطالعہ ، ایضاً ، ص ۱۰۵—۱۱۰ میں ہے -

۲۰۶- شیخ محمد اکرام ، ص ۵۱۵ -

۲۰۷- عبدالمجید صدیقی ''بہمنی سلطنت'' ، ص ۱۸۳ - مزید تفصیلات کے لیے محمد اسحاق ، تصنیف مذکور ، ص ۱۰۱—۱۰۴ -

۲۰۸- ہولسٹر ص ۱۰۷—۱۱۰ -

Marfat.com

اکرام ، شیخ محمد ''آب کوثر'' (لاہور ، ۱۹۵۸ء) -
اوترکار اور کھر ''The Origin of Gango Bahamani'' مشمولہ ''Proceedings of the Indian History Congress.'' (الہ آباد ، ۱۹۳۸ء) -
بازورتھ ، سی - ای ''The Islamic Dynasties'' (ایڈنبرگ ، ۱۹۶۷ء) -
براؤن ، ای - جی ''تاریخ ادبیات ایران'' جلد سوم ، اردو ترجمہ (کراچی ، ۱۹۴۹ء) -
براؤن ، پرسی ''Indian Architect'' (بمبئی ، ۱۹۴۹ء) -
برگس ، جان ''History of the Rise of the Mohammadan Power in India'' (کلکتہ ، ۱۹۱۰ء) -
برنی ، ضیاالدین ''تاریخ فیروز شاہی'' اردو ترجمہ (لاہور ، ۱۹۶۹ء) -
بشیرالدین احمد ''واقعات مملکت بیجا پور'' حصہ سوم (آگرہ ، ۱۹۰۶) -
بلگرامی ، علی اصغر ''Landmarks of Deccan'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۲۷ء) -
بیل ، ٹی - ڈبلیو ''An Oriental Biographical Dictionary'' (لاہور ، حالیہ اشاعت) -
پرشاد ، ایشوری ''Medieval India'' (الہ آباد ، ۱۹۳۳ء) -
تاراچند ، ڈاکٹر ''Influence of Islam on Indian Culture'' (الہ آباد ، ۱۹۴۶ء) -
تھامس ، ایڈوارڈ ''The Chronicles of the Pathan Kings of Delhi'' (لاہور ، ۱۹۷۵ء) -
چغتائی ، محمد عبداللہ ''پاک و ہند کے فن تعمیر پر ایران و توران کا اثر'' مشمولہ ''صحیفہ'' (لاہور ، جولائی ، ۱۹۷۲ء) -
_____مقدمہ ، ''تاریخ منظوم سلاطین بہمنیہ'' از سہیل (دہلی ، ۱۹۴۱ء) -
خافی خاں ''منتخب اللباب'' جلد اول ، جلد سوم (کلکتہ ، ۱۹۲۵ء) -
دولت شاہ سمرقندی ''تذکرۃ الشعرأ'' (لاہور ، ۱۹۳۹ء) -
راشدی ، پیر حسام الدین ''تحفتہ الکرام'' از میر علی شیر قانع ، مرتبہ ، شجرہ ، (حیدر آباد سندھ ، ۱۹۷۱ء) -
_____''مقالات الشعرأ'' از میر علی شیر قانع ، حاشیہ (حیدر آباد سندھ ، ۱۹۵۷ء) -
زبید احمد ، ڈاکٹر ''عربی ادبیات میں پاک و ہند کا حصہ'' اردو ترجمہ (لاہور ، ۱۹۷۳) -
زور ، ڈاکٹر محی الدین قادری ''دکنی ادب کی تاریخ'' (کراچی ، ۱۹۶۰ء) -
سبحان ، جان - اے ''Sufism, Its Saints and Shrines'' (نیویارک ، ۱۹۷۰) -

Marfat.com

سخاوت مرزا ''اردو دکن میں'' مشمولہ ''تاریخ ادب اردو'' مرتبہ ڈاکٹر عبدالقیوم (کراچی ، ۱۹۶۱ء) -
سلیمان ندوی ، سید ''مقالات سلیمان'' جلد اول ، جلد دوم (اعظم گڑھ ، ۱۹۶۶ء — ۱۹۶۸ء) -
سہیل ''تاریخ منظوم سلاطین بہمنیہ'' مرتبہ محمد عبد اللہ چغتائی (دہلی ، ۱۹۴۱ء) -
سیدہ جعفر ، ڈاکٹر ''نادر دکنی رباعیاں'' مشمولہ ''قدیم اردو'' جلد اول (حیدر آباد دکن ، ۱۹۶۵ء) -
شاہنواز خاں ، صمصام الدولہ ''ماثرالامرأ'' جلد سوم ، اردو ترجمہ (لاہور ، ۱۹۶۹ء) -
شبلی نعمانی ''شعرالعجم'' جلد دوم (لاہور ، تاریخ ندارد) -
شفیق ، لچھمی نرائن ''شام غریباں'' مشمولہ ''اردو'' (کراچی ، اکتوبر ، ۱۹۶۹ء) -
شیروانی ، ہارون خاں ''Bahaminis of Deccan'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۵۱ء) -
————''Cultural Trends in Medieval India'' (لندن ، ۱۹۶۸ء) -
————''Mahmud Gawan'' (الہ آباد ، ۱۹۴۲ء) -
————''Studies in Political Thought and Administration'' (لاہور ، ۱۹۴۵ء) -
صباح الدین عبدالرحمان ''بزم صوفیہ'' (اعظم گڑھ ، ۱۹۴۹ء) -
صدیقی ، عبدالحفیظ ''برصغیر میں نظام عدل گستری'' (اسلام آباد ، ۱۹۶۹ء) -
صدیقی ، عبدالمجید ''بہمنی سلطنت'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۵۲ء) -
————''سلطنت بہمنیہ کی باقیات'' مشمولہ ''سب رس'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۶۴ء) -
————''فیروز شاہ بہمنی'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۴۳ء) -
————''Malik Saifuddin Ghori'' مشمولہ ''Proceedings of the Indian History Congress'' (کلکتہ ، ۱۹۳۹ء) -
————''Sheikh Sirajuddin Junaidi'' مشمولہ ''Proceedings of the Indian History Congress'' (کلکتہ ، ۱۹۳۹) -
ظہیر الدین احمد ''احمد شاہ ولی بہمنی'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۳۷) -
عبدالجبار خاں ملکا پوری ''تذکرہ شعرائے دکن'' (حیدرآباد دکن ، ۱۳۲۹ھ) -
————''محبوب التواریخ'' (حیدر آباد دکن ، ۱۳۳۱ھ) -
عبدالحئی ، سید ''نزہتہ الخواطر'' جلد دوم ، جلد سوم ، اردو ترجمہ (لاہور ، ۱۹۶۷ء) -

Marfat.com

عبدالمنان ، ڈاکٹر محمد ''فارسی ادب اور تمدن میں بہمنیوں کا حصہ'' مشمولہ ''معارف'' (اعظم گڑھ ، نمبر ۱۵ جلد ۱۰۲) -

عزیز احمد ''Studies in Islamic Culture in Indian Environment'' (لندن ، ۱۹۶۶ء) -

عزیز مرزا ''سیرۃ المحمود'' (بدایون ، ۱۹۲۷ء) -

عصامی ''فتوح السلاطین'' مرتبہ ڈاکٹر مہدی حسین (آگرہ ، ۱۹۳۸ء) -

مرتبہ ڈاکٹر یوشع (مدراس ، ۱۹۴۸ء)-

علی طبا طبا ''برہان ماثر'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۳۸ء) -

فرشتہ ، محمد قاسم ہندو شاہ ''تاریخ فرشتہ'' (کانپور ، ۱۸۷۴ء) -

اردو ترجمہ ، چار جلدیں (جامعہ عثمانیہ ، ۱۹۳۶ء) -

و نیز اردو ترجمہ دو جلدیں (نولکشور ، لکھنؤ ، ۱۹۳۳ء) -

فرگوسن ، جیمز ''History of Indian Architect'' (لندن ، ۱۹۱۰ء) -

قادری ، شمس اللہ ''اردوئے قدیم'' (لکھنؤ ، تاریخ ندارد) -

قادری ، محمد ایوب ''ماثرالامرأ'' مصنفہ شاہنواز خاں ، جلد سوم ، اردو ترجمہ (لاہور، ۱۹۷۰ء) -

کمال ، ڈاکٹر رحیم الدین ''ڈاکٹر زور ، شخصیت'' مشمولہ ''سب رس'' زور نمبر (حیدر آباد دکن ، ۱۹۶۲ء) -

لین پول ، اسٹینلے ''History of Medieval India'' (لندن ، ۱۹۲۱ء) -

_____''فرمانروایان اسلام'' اردو ترجمہ ''Mohammadan Dynasties'' (لاہور ، ۱۹۶۸ء)

لیونارڈ ، ڈاکٹر کارن The Deccani Synthesis in Old Hyderabad مشمولہ Journal of the Pakistan Historical Society''. (کراچی ، اکتوبر ۱۹۷۳ء) -

محمود گاواں ''ریاض الانشأ'' (حیدر آباد دکن ، ۱۹۴۸ء) -

مہدی حسین ، ڈاکٹر ''The Rise and Fall of Mohammad Bin Tughlaq'' (لندن ، ۱۹۳۸ء) -

واٹسن ، آدم ''The War of the Goldsmith's Daughter'' (لندن ، ۱۹۶۴ء) -

ہارڈی ، پی ''Historians of Medieval India'' (لندن ، ۱۹۶۰ء) -

ہاشمی سندیلوی ، شیخ احمد علی خاں ''تذکرۂ مخزن الغرائب'' جلد اول (لاہور ، ۱۹۶۸ء) -

Marfat.com

ہاشمی ، نصیرالدین ''دکن میں اردو'' (لاہور ، ۱۹۶۰ء)۔
————''دکنی کلچر'' (لاہور ، ۱۹۶۳ء) ۔
ہولسٹر ، جے این ''Shia of India'' (لندن ، ۱۹۵۳ء) ۔
یزدانی ، خواجہ عبدالحمید ۔ مقالہ مشمولہ ''تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و بھارت'' فارسی ادب ، جلد اول مرتبہ پنجاب یونیورسٹی (لاہور ، ۱۹۷۲ء) ۔
یزدانی ، غلام ''ریاض الانشا'' مقدمہ (حیدرآباد دکن ، ۱۹۴۸ء) ۔
یوسف حسین خاں ، ڈاکٹر ''یادوں کی دنیا'' (اعظم گڑھ ، ۱۹۶۷ء) ۔

Marfat.com

PERSIAN LITERATURE AND RARE MANUSCRIPTS

Marfat.com

PERSIAN LITERATURE AND
RARE MANUSCRIPTS

Marfat.com

RARE BOOKS ON IRANOLOGY IN THE CENTRAL ARCHAEOLOGICAL LIBRARY OF THE DEPARTMENT OF ARCHAEOLOGY, PAKISTAN

By

MIRZA MAḤMŪD BAIG

Librarian, Central Archaeological Library, Karachi

Knowledge is an accumulated experience and a Library is the storehouse of such accumulated knowledge for onward dissemination. For studying subjects like Archaeology and other related disciplines, it is essential not only to trap the age old buried treasures of wisdom by means of scientific probing, but also to have their correct appreciation in a wider perspective so as to build a comprehensive picture of the life of the people who are no more with us. Library houses all such records, reports, memoirs, documents, manuscripts, etc., thus enabling the present generation to go into the vista of the achievements of man in the past. Recent trends in researches, and the mode in which they are conducted, have placed stupendous scholastic and academic responsibility on the role of the Library in general and in particular on those who cater to the needs of researches on archaeology, art, culture and ancient civilizations. Judged from this standpoint a well equipped library, as is the one attached to the Department of Archaeology, is of vital importance for a scientific and technical Department such as the Department of Archaeology and Museums is.

In 1947 when Pakistan emerged as an independent State, the Library of the Department of Archaeology had only a meagre collection of 28 books. By the persistent efforts of the Department of Archaeology duly encouraged by the enlightened policy of the Government of Pakistan in prompting and promoting the cause of education and research, today we can take pride in having built up a Library possessing more than 3,000 valuable books, including periodicals. Obviously the Library

Marfat.com

has been built up keeping in view the special requirements of furthering researches on Pakistan Archaeology without ignoring the subjects closely interwoven with Pakistan Archaeology, that is, a careful study of Iranology.

For the benefit of casual readers, a list of some of the very valuable and rare books is given here. These are out of print, limited and early editions. Some of them are illustrated with works of the famous oriental painters and some of the finest steel engravings giving a panoramic view of the cities of Iran.

BALFOUR, FRANCIS. Tr.

Forms of Herkern corrected from a variety of Manuscripts, supplied with distinguishing marks of construction, and translated into English: with an Index of Arabic words explained and arranged under their proper Roots. Calcutta, 1781.

(Form of Herkern (*Inshā-i-Herkern*) is a common form of business official correspondence in Persian language. The author, Harkaran, was the son of Mutrādās, a Kumbōh of Multan. He was a Munshī in the service of Nawāb I'itibār Khān).

BRUN, CORNEILLE

Voyages de Corneille le Brun par la Moscovie, en Perse, et aux Indes Orientales. Ouvrage enrichi de plus de 320. Tailles douces, des plus curieufes, Representat..... (Two volumes in one).

Amsterdam, Ches les Freres Wetstein, 1718.

(A rare book. Russian gilt. Published in the first quarter of the eighteenth century. Profusely illustrated. Notable engravings are the general view of the city of Ispahān, the site of Persepolis and Iranian Men and Women in their national dresses).

CHARDIN, CHEVALIER

Voyages du Chevalier Chardin en Perse, et Autres Lieux de L'Orient.

Marfat.com

Enrichis de figures en Taille-douce, qui representent les Antiquitès and les choses remarquables du Pais. Nouvelle Edition. (In four volumes)
Amsterdam, Aux Depens de la Compagnie 1735.
(A rare book in French, 2nd edition. The first edition was printed in 1711).

Contents

Vol. 1. It gives the description of the Voyage from Paris to Ispahān.
Vol. 2. Gives the description of Ispahān and contains a number of interesting drawings and engravings.
Vol. 3. Gives general description of Persian Empire and its Art, Sciences, Government, politics, customs and manners.
Vol. 4. This volume is on the religion of the Persians and other related subjects.
The third edition of this book appeared in 1811 under the editorship of L. Langles. This edition is in 10 volumes with an additional large volume of plates.

KELEKIAN, DIKRAN KHAN

The Kelekian Collection of Persian and Analogous Potteries 1885-1910. Printed for private circulation only. Paris, Herbert Clarke, 338 Rue Saint-Honore, 1910.

(One hundred and one copies of this catalogue were printed. Each copy was numbered. The number of the copy in the Central Archaeological Library is 87. The author has given a detailed description with the reproduction of Pottery Pieces).

MARTIN, F. F.

Miniatures from the period of Tīmūr in a MS. of the poems of Sulṭān Aḥmad Jalā'ir. Vienna (Austria) Adolf Hoizhausen, 1926.

(The edition was limited to three hundred copies. Aḥmad Jalā'ir studied Arabic and Persian and wrote

Marfat.com

poetry in both these languages. He was a calligraphist and could write in six different styles. He was also well versed in music. Aḥmad Jalā'ir was killed by Qarā Yūsuf near Tabriz in 1410).

MILLS, L. H.

(The) Ancient Manuscript of the Yasna. With its Pahlavi translation (A.D. 1323), generally quoted as J2 and now in the possession of the Bodleian Library. Reproduced in fascimile and edited, with an introductory note, by L. H. Mills. Oxford, Clarendon Press, 1893.

(This manuscript of Yasna is the most ancient dated one with a commentary in Pahlavi. It was written at Cambay in the year 1323 A.D. by Ervad Mehrbān Kai Khusro. The ancestors of Dastūr Jāmāsp Āsa of Naosari acquired it at Broach which he subsequently inherited. After the death of Dastūr Jāmāsp Āsa, it passed on to his third son, Dastūr Behrām and after his death to his four grandsons who were celebrated men of learning. Subsequently the Manuscript was in the possession of Dastūr Jāmāspjī Minocheherjī Jāmāsp Asana, a high Priest of the Parsees in Bombay. Dastūr Jī presented it to the University of Oxford where it is preserved now.

The Yasna consists of several sacred compositions of widely varying age and character, grouped around the Gāthās, the ancient hymns of Zoroaster (Zarathushtra), the founder of the original Parsee religion.

The manuscript was collotyped at the University of Oxford Press. An edition of 200 copies of this collotyped copy was published and each copy was numbered. This copy is No. 39).

MOSER, CHARLOTTENFELS HENRI

Collection Henri Moser-Charlottenfels.
Oriental Arms and Armour.
Leipzig, Karl W. Heirsemann, 1912.

Marfat.com

(A rare book. English edition limited to 75 copies and each copy was numbered, the copy in Central Archaeological Library being No. 47).

VINCENT, WILLIAM

(The) Voyage of Nearchus from the Indus to the Euphrates, collected from the original journal preserved by Arrian and illustrated by Authorities, Ancient and Modern, containing an account of the first Navigation attempted by Europeans in the Indian Ocean by William Vincent. To which are added three dissertations: Two on the Acronychal rising of the Pleiades, by Samuel Horsley, and by William Wales and one by Mr. De la Rochette on the first Meridian of Ptolemy. London, T. Cadell jun. and W. Davies, 1797.
(Rare book with numbers of important and interesting maps).

OGILBY, JOHN

Asia, the first part being an accurate description of Persia, and the several provinces thereof. The Vast Empire of the Great Mogol, and other parts of India: and their several Kingdoms and Regions: with the Denominations and Descriptions of the Cities, Towns, and Places of Remark therein contain'd. The various Customs, Habits Religion, and Languages of the inhabitants. Their political Governments, and way of Commerce. Also the Plants and Animals peculiar to each country.
Collected and Translated from most authentick authors, and augmented with later observations, illustrated with notes, and Adorn'd with peculiar maps and proper Sculptures, by John Ogilby Esq; His Majesty's Cosmographer, Geographick Printer, and Master of his Majesty's Revels in the kingdom of Ireland.
London, House in White-Friers, M. DCLXXIII (1673).
(One of the earliest printed accounts of Iran and Mughal India. The book is profusely illustrated).

Marfat.com

OUSELEY, WILLIAM, KNIGHT

Travels in various countries of the East, more particularly Persia.
A work wherein the Author has described, as far as his own observations extended, the state of those countries in 1810, 1811 and 1812; and has endeavoured to illustrate many subjects of Antiquarian Researach, History, Geography, Philology and Miscellaneous Literature, with extracts from rare and valuable, oriental Manuscripts. (In three vols.) London, Rodwell and Martin, New Bond Street, 1919. (A rare book well illustrated).

RIEFSTAHL, R. MEYER

The Parish-Watson collection of Mohammadan Potteries. New York, E. Weyhe 710 Lexington Avenue, 1922. (Five hundred copies of this book were printed and each copy was numbered).

SARRE, FRIEDRICH AND ERNST HERZFELD

Iranische Felsreliefs. Aufnahmen und Untersuchungen Von Denkmalern Aus Alt und Mittelpersischer Zeit. Berlin, Verlegt Bie Ernst Wasmuth, 1910.
(Iranian Rock Reliefs). Survey and examination of monuments from Middle Persian time.

SCHULZ, WALTER

Die persisch-islamische Miniaturemalerei in two volumes. Leipzig, Verlag Von Karl, W. Hiersemann, 1914.
(A rare book printed in limited edition).

STEVENS, JOHN

The history of Persia.
Containing the lives and memorable actions of its Kings from the first Erecting of that Monarchy to this Time; and exact Description of all its Dominions; a curious account of India, China Tartary, Kermon, Arabia, Nixabur, and the

Marfat.com

Islands of Ceylon and Tmor; as also of all Cities occasionally mention'd, as Schiras, Samarkand, Bokara, &c. Manners and customs of those people, Persian Worshippers of Fire; Plants, Beasts, Product, and Trade.

With many instructive and pleasant digressions, being remarkable Stories of Passages, occasionally occurring, as Strange Burials; Burning of the dead; Liquors of several countries; hunting; fishing; practice of physick; famous Physicians in the East; Actions of Tamerlan, &c . . . .

London, Jonas Brown at the Black Swan without Temple Bar 1715.

(A rare book. One of the earliest printed).

WILLIS, HENRY

The Godman Collection

Persian Ceramic Art belonging to Mr. F. DuCane Godman, With examples from other collections. The thirteenth century lustred Wall-tiles.

London, Tayler and Francis, 1874.

(Two hundred copies of this work had been printed, the copy with the Library being 55).

Marfat.com

ASIA,

THE FIRST PART.

BEING

An Accurate Deſcription

OF

PERSIA,

And the Several PROVINCES thereof.

From The Vaſt Empire

OF THE

GREAT MOGOL,

And other Parts of

INDIA:

And their Several

Kingdoms and Regions:

WITH

The Denominations and Deſcriptions of the Cities, Towns, and Places of Remark therein contain'd.

The Various Cuſtoms, Habits, Religion, and Languages of the Inhabitants.

Their Political Governments, and way of Commerce.

ALSO

The Plants and Animals peculiar to each Country.

Collected and Tranſlated from moſt Authentick Authors, and Augmented with later Obſervations; Illuſtrated with Notes, and Adorn'd with peculiar Maps and proper Sculptures, By JOHN OGILBY Eſq; His MAJESTY's Cosmographick Printer, and Maſter of His MAJESTY's Revels in the Kingdom of Ireland.

LONDON,

Printed by the Author at his Houſe in White-Friers. M.DC.LXXIII.

ARCHAEOLOGY Reg. No. PAKISTAN

محکمہ آثار قدیمہ پاکستان ذخیرہ لاہور

1. Title Page of John Ogilby's Book, published in 1673.

Marfat.com



2. KOM : A general view, Ogilby's *Asia*, Pl. facing p. 16.

Marfat.com

3. A general view of the city of Ispahān. Ogilby's *Asia*, Pl. facing p. 12.

Marfat.com



4. A general view of the ancient city of Kasch

Marfat.com



5. A general view of the city of Soltanie. This city was built by Sulṭān Muḥammad Khodābandā who was a Tatar of the Uzbegis Clan. Ogilby's *Asia*, Pl. facing p. 20.

Marfat.com



6. A general view of the city of Ardabel. A great trading centre. The name of Shāh Safi of Persia and Alexander the Great associated with this city, because the former [illegible]

Marfat.com

7. Depiction of Social Life in Ispahan of 17th century, from John Ogilby's Book.

Marfat.com



8. Depiction of Social Life in Ispahan of 17th century, from John Ogilby's Book.

Marfat.com



9. A general view of Ardebil from the book by John Ogilby, published in 1673.

Marfat.com

10. A Persian grandee attended by his courtier. A 17th century scene from John Ogilby's Book.

Marfat.com



11. 17th Century Map of Persia from John Ogilby's Book.

Marfat.com

Marfat.com

VOYAGES
DU
CHEVALIER CHARDIN,
EN
PERSE,
ET AUTRES LIEUX
DE
L'ORIENT.

Enrichis de Figures en Taille-douce, qui repréſentent les Antiquités & les choſes remarquables du Païs.

NOUVELLE EDITION,

Augmentée du COURONNEMENT DE SOLIMAN III. & d'un grand nombre de Paſſages tirés du Manuſcrit de l'Auteur, qui ne ſe trouvent point dans les Editions précédentes.

TOME PREMIER,

Contenant le Voyage de PARIS à ISPAHAN.

A AMSTERDAM,
DEPENS DE LA COMPAGNIE
M. DCC. XXXV.

12. Title Page with a Facsimile of the book of *Voyages du Chevalier Chardin,* published in 1735

13. A general view of the city Sultanie as depicted in *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 12

Marfat.com



14. A general view of the city of Tabrez, in *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 11

Marfat.com



15. A general view of the city of Kom as depicted in *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 13

Marfat.com



16. A general view of the city of Kashan as depicted in *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 17.

Marfat.com

Marfat.com



Portail du

Marfat.com

میدان (*Meïdân chàh*)

Another view of the Royal Palace showing the Mosque (Meïdan Shah). *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 35.

Marfat.com



19. The Royal Mosque. *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 36.

Marfat.com



20. Bazar-e-Shahi and Naqar Khana. *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 37.

Marfat.com



21. The Bridge of Allah Verdi Khan. *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 43.

Marfat.com



22. A view of the Arches of Allah Verdi Khan's Bridge. *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 44.

Marfat.com



23. Coronation of Suleiman. *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 81.

Marfat.com



24. Coronation of Suleiman. Another view. *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 81.

Marfat.com



25. The Royal Throne and the Ornaments. *Voyages du Chevalier Chardin* (New edition), Atlas Pl. 79

Marfat.com



26. The Caravan Sarai of Kashan from the book, *Voyages du Chevalier Chardin*, published in 1735.

Marfat.com

27. Title Page with a Facsimile of the Book on Voyages of Corneille Le Brun's Book, published in 1718.

Marfat.com



28. Chahar Bagh. *Voyages de Le Brun*, Pl. 79.

Marfat.com



29. Chahar Bagh. Another view. *Voyages de Le Brun*, Pl. S:.

Marfat.com



30. Sadet Abad. A general view. *Voyages de Le Brun*, Pl. 83.

Marfat.com



31. Sadet Abad. Another view. *Voyages de Le Brun*, Pl. 84.

Marfat.com

32. King Hossen, Portrait. *Voyages de Le Brun*, Pl. 85.

Marfat.com

33. A view of Persepolis. *Voyages de Le Brun*, Pl. 117.

Marfat.com

34. Persepolis : a second view. *Voyages de Le Brun*, Pl. 118.

Marfat.com



35. Persepolis: a third view. *Voyages de Le Brun*, Pl. 119.

Marfat.com



36. Persepolis: a fourth view. *Voyages de Le Brun*, Pl. 120.

Marfat.com

37. An Iranian Lady in her National Dress from the book, *Voyages de Corneille Le Brun.*

Marfat.com

38. Iranian Man in his National Costume from the book, *Voyages de Corneille Le Brun.*

Marfat.com



39. The Bridge of Allawerdie Khan from the book *Voyages de Corneille Le Brun.*

Marfat.com



Marfat.com

41. An illuminated title page of Henri Moser's book on Oriental Arms and Armour.

Marfat.com

Marfat.com

آردو شعرأ کے تذکرے فارسی زبان میں

ڈاکٹر فرمان فتح پوری
شعبۂ آردو ، کراچی یونیورسٹی

شعر و ادب کی بعض دوسری اصطلاحات و اصناف کی طرح تذکرہ نگاری کا فن بھی آردو میں فارسی سے آیا ہے اور اس کی روایت فارسی ہی کے زیر اثر آگے بڑھی ہے - آس کی وجہ یہ ہے کہ اب سے کوئی سو سال پہلے تک آردو کے بارے میں جو کچھ لکھا گیا ہے فارسی ہی میں لکھا گیا ہے - علم و فن اور شعر و سخن کے موضوعات و مسائل سے لے کر ہر قسم کی نجی اور کاروباری تحریریں ، حتٰی کہ خطوط تک ، فارسی ہی میں ملتے ہیں ؛ شاید اسی لیے ہماری روزمرہ کی زندگی اور مذاق سخن پر جتنا گہرا اثر فارسی کا ہے کسی اور زبان کا نہیں ہے۔ اس اثر کی اولین اور بھرپور نمود ، آردو شعرا کے تذکروں میں ہوتی ہے ، لیکن اس نمود کی تفصیل میں جانے سے پہلے ، فارسی شعرا کے تذکروں پر ایک نظر ڈالنا ضروری ہے -

فارسی میں باقاعدہ تذکرہ نگاری کا آغاز تقریباً ساتویں صدی ہجری سے ہوتا ہے - بعض قدیم ماخذوں سے یہ ضرور پتہ چلتا ہے کہ طغرل ارسلان کی خواہش پر چھٹی صدی ہجری کے وسط میں معروف شعرا کے منتخب اشعار جمع کرنے اور شعرا کی تصویروں کے ساتھ ایک مصور تذکرہ مرتب کرنے کا کام شروع ہوا تھا لیکن اس تذکرے کا وجود اب تک ثابت نہیں ہو سکا[1] -

فارسی شعرا اور اشعار کے قدیم ماخذوں کے سلسلے میں بالعموم مندرجہ ذیل تین کتابوں کے نام ملتے ہیں :

اول - مناقب الشعرا

دوم - مجمع النوادر یا چہار مقالہ

سوم - راحت الصدور و آیۃ السرور

مناقب الشعرا کو ابو طاہر خاتونی کی تالیف بتایا جاتا ہے - اس کا نام صرف دولت شاہ سمرقندی کے تذکرۃ الشعرا مولفہ ۸۹۲ھ میں ایک جگہ آیا ہے - آقائے سعید نفیسی کے مطابق مناقب الشعرا کا وجود مشتبہ ہے -

دوسری تالیف جس کا نام مجمع النوادر یا چہار مقالہ ہے[2] ، حقیقت میں شعرا کا

۱- دیباچہ لباب الالباب ، ص ۱۰ ، مرتبہ سعید نفیسی ، چاپ تہران -

۲- چہار مقالہ کا سال تصنیف ۵۵۱ھ ہے -

Marfat.com

تذکرہ نہیں ، نظامی عروضی سمرقندی کے چار مختلف الموضوعات مقالوں کا مجموعہ ہے۔ اس میں مصنف نے شاہان وقت کے چار خاص مصاحبین: دبیر ، شاعر، منجم اور طبیب کے دستورالعمل سے بحث کی ہے ۔ مقالہ دوم میں شعر و سخن کی ماہیت اور بعض شعرا کا ذکر آیا ہے لیکن تذکرہ نگاری کے فن یا اس کی روایت سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے ؛ فارسی شعر و ادب کا ایک قدیم ماخذ اسے البتہ کہہ سکتے ہیں ۔

تیسری کتاب راحت الصدور بھی تذکرے کے ذیل میں نہیں آتی ۔ یہ دراصل آل سلجوق کی تاریخ ہے، اس میں ایک باب ''ذکر شاعران مدح آل سلجوق و شعر ہائے آنان'' کے عنوان سے ضرور شامل ہے[1] ۔ اس لحاظ سے اسے بھی فارسی شعر کا ایک قدیم ماخذ ہی کہنا چاہیے، تذکرے کا نام دینا مناسب نہ ہوگا ۔

فارسی شعرا کا پہلا مکمل اور دستیاب تذکرہ ''لباب الالباب'' ہے۔ لباب الالباب کا مولف نور الدین محمد عوفی ہے ۔ عوفی نے اس تذکرے کو ۶۱۷ھ اور ۶۱۸ھ کے درمیان مکمل کیا ہے ۔ ہم پاکستانیوں کے لیے فخر کی بات یہ ہے کہ فارسی شعرا کا یہ تذکرہ سر زمین پاکستان میں بعہد ناصر الدین قباچہ والی اوچ (موجودہ بہاولپور) لکھا گیا ہے ۔

لباب الالباب صرف یہی نہیں کہ تاریخی اعتبار سے فارسی شعرا کا قدیم ترین تذکرہ ہے ، معنوی حیثیت سے بھی یہ حد درجہ اہم ہے ۔ بعد کے اکثر فارسی تذکرہ نگاروں نے لباب الالباب ہی کو سامنے رکھ کر اپنے تذکرے مرتب کیے ہیں ۔ یہ الگ بات ہے کہ بعض نے اس کا حوالہ دیا ہے اور بعض نے نہیں دیا ۔ ''خزانۂ عامرہ'' کے مصنف غلام علی آزاد بلگرامی نے بہت صحیح لکھا ہے کہ ''شعرائے قدیم کے سارے تذکرہ نگاروں نے عوفی کے تذکرے سے فائدہ اٹھایا ہے[2]''۔

لباب الالباب کی اشاعت سے قبل ، جن تذکرہ نگاروں نے اس کتاب سے براہ راست مدد لی ہے اور اس کا اعتراف بھی کیا ہے ، ان میں تقی‌الدین اوحدی مولف ''عرفات العاشقین'' سید علی بن محمود حسینی مولف ''بزم آرا'' ، امین احمد رازی مولف ''ہفت اقلیم'' اور حسن بن لطف اللہ رازی طہرانی مولف ''میخانہ'' کے نام خصوصیت سے قابل ذکر ہیں ۔ دولت شاہ سمرقندی نے اپنے تذکرۃ الشعرا اور سام مرزا نے ''تحفۂ سامی'' میں بھی لباب الالباب سے پورا فائدہ اٹھایا ہے ، لیکن انھوں نے اس کا حوالہ نہیں دیا ۔ علاوہ ازیں بعض تذکرہ نگار اور مورخین ایسے بھی ہیں جو لباب الالباب سے براہ راست فائدہ اٹھانے کا دعویٰ تو کرتے ہیں لیکن قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ لباب الالباب ان کی نظر سے نہیں گزرا مثلاً ''خزانۂ عامرہ'' کے مولف غلام علی آزاد بلگرامی اور ''شعرالعجم'' کے مصنف مولانا شبلی نعمانی — دونوں لباب الالباب کو اپنا ماخذ بتاتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان بزرگوں نے ثانوی

۱- دیباچہ لباب الالباب مرتبہ سعید نفیسی ، چاپ تہران ۔
۲- خزانۂ عامرہ ، ص ۶ ، مطبوعہ کانپور ۱۸۷۱ ع ۔

Marfat.com

ذرائع سے لباب الالباب کے بعض تراجم نقل کیے ہیں ، براہ راست استفادے کا موقع انھیں نہیں ملا[1] -

''لباب الالباب'' کے بعد فارسی شعرا کے تذکرے مرتب کرنے کا رواج عام ہو گیا - ایک دو نہیں سینکڑوں کی تعداد میں تذکرے لکھے گئے اور قدیم ایرانی شعر و ادب کے اہم ماخذ بن گئے - یہ تذکرے ایران ہی میں نہیں بلکہ جیسا ڈاکٹر علی رضا نقوی[2] کی کتاب سے ظاہر ہے ، پاک و ہند میں بھی لکھے گئے - فارسی شعرا کے یہی تذکرے بعد کو اردو شعرا کے تذکرہ نگاروں کے لیے راہنما ثابت ہوئے - دوسرے لفظوں میں یوں کہہ لیجیے کہ اردو میں تذکرہ نگاری کی روایت براہ راست فارسی سے متأثر و ماخوذ ہے -

اٹھارویں صدی کے اوائل سے لے کر اس وقت تک اردو شعرا کے جتنے اہم تذکرے لکھے گئے ہیں ، ان میں سے بیشتر فارسی زبان میں ہیں اور فارسی ہی کی مقبول روش پر لکھے گئے ہیں - فارسی شعرا کے تذکرے ظاہری صورت میں دو قسم کے ہیں : ایک وہ جن میں فارسی شاعری کے آغاز سے لے کر معاصرین تک کا ذکر کیا گیا ہے ؛ دوسرے وہ جن میں کسی خاص عہد یا دور کے شعرا کا ذکر آیا ہے - یہی صورت اردو شعرا کے تذکروں کی ہے - معنوی اعتبار سے بھی اردو شعرا کے تذکرے ، فارسی تذکروں سے ہر طرح مستفید ہیں - فارسی تذکرہ نگاروں کی عام روش یہ ہے کہ وہ شاعر کے حالات زندگی سے زیادہ ، انتخاب اشعار کو اہمیت دیتے ہیں یعنی عام طور پر حالات بہت ہی مختصر اور اشعار کے منتخبات خاصے طویل ہوتے ہیں - اردو شعرا کے تذکرے بھی اسی نہج پر مرتب کیے گئے ہیں - تذکرہ نگاروں کا سارا زور ، سوانح کے بجائے اشعار پر صرف ہوا ہے - فارسی تذکرہ نگاروں نے شعرا کے ناموں کی ترتیب میں کہیں حروف تہجی سے کام لیا ہے اور کہیں ابجدی ترتیب کو پسند کیا ہے - اردو شعرا کے تذکروں میں بھی یہ دونوں صورتیں ملتی ہیں - فارسی تذکرہ نگار کلام پر بالعموم ، بہت مختصر رائے دیتے ہیں اور چند بندھے ٹکے تحسینی کلمات ہر جگہ استعمال کرتے ہیں - حالات زندگی کے سلسلے میں بھی ، تفصیل میں جانے کے بجائے صرف شاعر کے تخلص ، ولدیت ، سکونت اور تلمذ کی نشان دہی کو سب کچھ جانتے ہیں - اردو شعرا کے تذکروں میں بھی سوانح اور تنقید کی کم و بیش یہی کیفیت ہے ؛ مختصر یہ کہ اردو شعرا کے بیشتر تذکرے ، فارسی کے زیر اثر ، نہ صرف یہ کہ فارسی میں لکھے گئے ہیں بلکہ اصول و اسالیب بھی وہی برتے گئے ہیں جن کا چلن فارسی میں تھا[3] -

---

۱- تنقید شعرالعجم از حافظ محمود شیرانی ، ص ۴ ، مطبوعہ انجمن ترقی اردو ۱۹۴۲ء ، طبع اول -

۲- ''تذکرہ نویسی فارسی در ہند و پاک'' چاپ تہران ۱۹۶۴ء -

۳- اردو شعرا کے تذکرے اور تذکرہ نگاری از راقم الحروف ، ص ۲۱ ، مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاہور ۱۹۷۲ء -

Marfat.com

اردو شعرا کے اولین اور قدیم ترین دستیاب تذکروں میں مندرجہ ذیل تین تذکروں کے نام آتے ہیں:

۱- لغات الشعرا مولفہ میر تقی میر ۔
۲- گلشن گفتار مولفہ حمید اورنگ آبادی ۔
۳- تحفۂ الشعرا مولفہ افضل بیگ قاقشال ۔

''لغات الشعرا'' شمالی ہند میں اور باقی دونوں ، دکن میں لکھے گئے ہیں ۔ تینوں تذکرے فارسی زبان میں ہیں اور تینوں کا سال تصنیف ۱۱۶۵ھ مطابق ۱۷۲۲ء ہے ۔ قریب قریب اسی زمانے میں دو تذکرے اور وجود میں آئے:

۱- تذکرۂ ریختہ گویاں مولفہ فتح علی حسینی ۔
۲- مخزن لغات مولفہ قیام الدین قائم ۔

یہ بھی فارسی زبان میں ہیں اور علی الترتیب ۱۱۶۶ھ اور ۱۱۶۸ھ میں مکمل ہوتے ہیں ۔ حسینی اور قائم دونوں نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ اردو شعرا کے اولین تذکرہ نگار ہیں لیکن یہ صحیح نہیں ہے ۔ میر تقی میر ، حمید اورنگ آبادی اور قاقشال کے تذکرے ان سے مقدم ہیں اور قائم و حسینی کے تذکروں میں لغات الشعرا سے فائدہ اٹھانے کے واضح نشانات ملتے ہیں ۔

میر کے لغات الشعرا مرقومہ ۱۱۶۵ھ (۱۷۲۲ء) سے لے کر محمد حسین آزاد کے ''آب حیات'' مرقومہ ۱۸۸۰ء تک اردو شعرا کے تقریباً ستر تذکرے لکھے گئے ہیں[1]۔ ان میں اساسی تذکرے وہ ہیں جو اٹھارویں صدی عیسوی کی تصنیف ہیں — اساسی ان معنوں میں کہ بعد کے سارے تذکرہ نگاروں نے انھیں تذکروں کے مواد اور اسلوب سے فائدہ اٹھایا ہے ۔ ہر چند کہ اٹھارویں صدی تک شمالی ہند میں بھی اردو کی مقبولیت عام ہو گئی تھی اور میر ، سودا ، درد ، حاتم ، مصحفی ، قائم اور میر حسن جیسے بزرگ شاعروں نے اردو زبان کو ایک بلند اور معتبر معیار دے دیا تھا — با ایں ہمہ یہ عجیب بات ہے کہ اٹھارویں صدی کے سارے تذکرے فارسی زبان میں ہیں ۔ میر تقی میر ، مصحفی ، قائم اور میر حسن اردو کے ان شاعروں میں سے ہیں جن کی مہارت زبان و بیان کی بدولت اردو بہت جلد فارسی کی مد مقابل بن گئی لیکن علمی و ادبی اور تہذیبی زندگی پر فارسی کا اتنا گہرا اثر تھا کہ یہی شعرا ، جب تذکرے مرتب کرنے بیٹھے تو انھوں نے اردو پر فارسی کو ترجیح دی ۔ یہ ترجیحی عمل انیسویں صدی عیسوی کے وسط تک کسی نہ کسی طور پر قائم رہا ۔ چنانچہ اردو شعرا کے دو تذکرے ''طور کلیم'' اور ''بزم سخن'' ۱۸۸۰ء میں اس وقت مرتب کیے گئے جبکہ محمد حسین آزاد ''آب حیات'' کے نام سے اردو زبان میں ایک ایسا تذکرہ مکمل کر رہے تھے جو تذکرہ نگاری کو سوانح نگاری و تاریخ نگاری کی حدوں میں داخل کر دیتا ہے اور بعض وجوہ سے قدیم طرز کا آخری تذکرہ قرار پاتا ہے ۔

۱- ''اردو شعرا کے تذکرے اور تذکرہ نگاری'' چاپ لاہور ۱۹۷۲ء ۔

Marfat.com

اردو شعرا کے جو تذکرے فارسی زبان میں لکھے گئے ان کو معنوی اعتبار سے دو خاص گروہوں میں بانٹ سکتے ہیں:

۱- اٹھارویں صدی کے تذکرے -

۲- انیسویں صدی کے تذکرے[1] -

اول الذکر میں لغات الشعرا ، ریختہ گویاں ، گلشن گفتار ، مخزن لغات ، تذکرۂ میر حسن ، طبقات الشعرا ، تذکرۂ شورش، چمنستان شعرا ، بہار دختراں ، گل عجائب ، ریاض حسنی ، مسرت افزا ، گلشن سخن ، گلزار ابراہیم ، تذکرۂ ہندی ، تحفۃ الشعرا وغیرہ کے نام آتے ہیں - ان تذکروں کی واضح خصوصیت یہ ہے کہ یہ سب انیسویں صدی کے تذکروں کے مقابلے میں عموماً مختصر ہیں - ان میں پانچ تذکرے ایسے ہیں جن میں شعرا کی تعداد ایک سو سے بھی کم ہے - بقیہ میں تراجم کی زیادہ سے زیادہ تعداد تین یا سوا تین سو ہے - ایک آدھ کو چھوڑ کر سب کے تراجم کی نوعیت بھی تقریباً ایک سی ہے - یعنی بلحاظ حروف تہجی شعرا کے تخلص مرتب کیے گئے ہیں ، اور پھر دو چار سطریں حالات زندگی کے بارے میں لکھ کر کلام کا انتخاب دے دیا گیا ہے - کلام پر تنقید یا رائے زنی کے لحاظ سے میر کا نکات الشعرا اور سوانح کے لحاظ سے گلزار ابراہیم سب سے بہتر ہیں - بعد کے تذکرہ نگاروں نے مذکورہ بالا سارے تذکروں سے کم و بیش فائدہ اٹھایا ہے -

اونیسویں صدی کے تذکروں کی روش ، اٹھارویں صدی کے تذکروں سے قدرے مختلف ہے - اس صدی میں سب سے اہم اور نمایاں بات یہ ہوئی کہ اردو شعرا کے تذکرے ، فارسی زبان کے ساتھ ساتھ ، اردو میں بھی لکھے جانے لگے اور شعرا کے تذکروں سے اہل مغرب کو بھی دلچسپی پیدا ہوئی - اس دلچسپی کے نتیجے میں فارسی اور اردو کے علاوہ ، فرانسیسی[2] اور انگریزی[3] زبان میں بھی اردو شعرا کے تذکرے مرتب کیے گئے - پہلے یہ ہوتا تھا کہ خود شاعر یا اس کے دوستوں اور شاگردوں سے جو کچھ بآسانی معلوم ہو جاتا تھا اسی کو تذکروں کے مولفین ، بغیر تحقیق کے اپنے تذکروں میں درج کر دیتے تھے - اگر کسی کی بیاض یا تذکرے سے استفادہ بھی کیا جاتا تو اسے راز ہی رکھا جاتا تھا ، ماخذ کا سراغ یا حوالہ دینے کا رواج نہ تھا - انیسویں صدی میں حالات زندگی کی فراہمی میں دوستوں اور عزیزوں کے علاوہ اخبار ، رسائل ، اشتہارات ، فہرست کتب اور باہم مراسلت سے بھی مدد لی جانے لگی - یوں سمجھ لیجیے کہ انیسویں صدی میں تذکرہ نگاری ، دستاویزی شہادتوں اور کارآمد حوالوں کی بدولت بیاض سے بہت آگے بڑھ کر ادبی تنقید ، ادبی تاریخ اور ادبی سوانح نگاری کی حدود میں داخل ہو گئی -

---

۱- تاریخ ادبیات (اردو) ، جلد چہارم ، ص ۵۵۵ ، مطبوعہ پنجاب یونیورسٹی لاہور ۱۹۷۲ء -

۲- تاریخ ادب ہندوستانی از گارسین دتاسی مرحوم ۱۸۳۹ء تا ۱۸۷۰ء -

۳- یادگار شعرا از ڈاکٹر اشپرنگر -

Marfat.com

اردو شعرا کے جو تذکرے انیسویں صدی میں بزبان فارسی مرتب ہوئے ان میں عمدہ منتخبہ مولفہ اعظم الدولہ سرور، مجمع الانتخاب مولفہ شاہ کمال، ریاض الفصحا مولفہ مصحفی ، مجموعہ نغز مولفہ قدرت اللہ قاسم ، طبقات سخن مولفہ محی الدین مبتلا میرٹھی ، تذکرہ بے جگر مولفہ خیراتی لال بے جگر ، گلشن بے خار مولفہ مصطفی خاں شیفتہ ، مدائح الشعرا مولفہ عنایت حسین خاں مہجور ، بہار بے خزاں مولفہ احمد حسین سحر ، گلشن ہمیشہ بہار مولفہ نصراللہ خاں خویشگی اور عروض الاذکار مولفہ نصرالدین احمد نقش خاص طور پر قابل ذکر ہیں - ان تذکروں میں کئی ایسے ہیں جو مواد اور تراجم کی تعداد کے لحاظ سے اردو شعرا کے پچھلے تذکروں کی بہ نسبت زیادہ ضخیم اور اہم ہیں - ان سب میں شعرا کے حالات زندگی خصوصاً تلمذ ، توطن ، تعلیم ، خاندان اور ماحول وغیرہ کے بارے میں پہلے کے مقابلے میں زیادہ تحقیق و تفصیل سے مواد جمع کرنے کی کوشش ملتی ہے - اس کوشش نے ان تذکروں کو تنقیدی ، سوانحی اور تاریخی ہر لحاظ سے زیادہ کارآمد اور مفید بنا دیا ہے -

یہ صحیح ہے کہ اردو فارسی کے اکثر تذکروں میں شعرا کے حالات زندگی بہت مختصر اور منتخبات کلام طویل ہیں اور ان پر ایک دوسرے کی تقلید کا اثر بھی بہت نمایاں ہے - سوانح اور شاعری کے بارے میں تقریباً سب کے یہاں ایک ہی سی رائے ملتی ہے اور سب کے یہاں تنقیدی لب و لہجہ پر اخلاقی رکھ رکھاؤ غالب ہے- عموماً سبھی کو اچھے لفظوں میں یاد کیا گیا ہے ، زندوں کو درازی عمر کی اور متوفی شعرا کو مغفرت کی دعا دی گئی ہے ؛ لیکن ان خامیوں کے باوجود ، ان تذکروں کی اہمیت کم نہیں ہوتی - ان میں ایک دو نہیں سینکڑوں باتیں کام کی مل جاتی ہیں - اگر ہم اس زمانے کے عربی و فارسی اصول تنقید کو ذہن میں رکھیں تو اندازہ ہوگا کہ ہمارے قدیم تذکرہ نگار مثلاً میر تقی میر ، قیام الدین قائم ، میر حسن اور غلام ہمدانی مصحفی بھی ان اصولوں کا احساس رکھتے ہیں - مثال کے طور پر میر نے لغات الشعرا میں تنقید کے جن اصولوں پر جگہ جگہ زور دیا ہے ان میں ربط کلام ، خوش فکری ، تلاش تازہ ، صفائی گفتگو ، ایجاد مضامین ، تہ داری ، درد مندی ، اور طرز خاص وغیرہ شامل ہیں - ان اصولوں کی پاسداری کم و بیش ہر قدیم تذکرہ نگار کے یہاں ملتی ہے - یہ مانا کہ ان اصولوں پر مفصل بحثیں نہیں کی گئیں لیکن اشارات کی صورت میں یہ ہر جگہ ملیں گی - اردو تنقید کی تاریخ میں ان تنقیدی اشاروں کی بڑی اہمیت ہے - ان اشاروں کی مدد سے یہ معلوم کرنا بہت آسان ہو جاتا ہے کہ دور قدیم میں شعر و سخن کا مذاق کیا تھا اور کن اصولوں کو ملحوظ رکھ کر کسی تخلیق کو معیاری یا غیر معیاری خیال کیا جاتا تھا -

مختصر یہ کہ اردو میں ادبی تاریخ ، تنقید اور سوانح نگاری کے ابتدائی نقوش اردو شعرا کے تذکروں ہی میں ملتے ہیں بلکہ یوں سمجھنا چاہیے کہ شعرائے قدیم کی زندگی اور سیرت و شخصیت کے متعلق جتنی کتابیں یا مقالات اب تک مرتب ہوئے ہیں ، ان سب کا سرچشمہ اور حقیقی ماخذ یہی تذکرے ہیں - مثلاً حاتم ، سودا ، میر ، یقین ، قائم ، مصحفی ، انشاء ، آتش ، ناسخ ، جرأت ، ممنون ، میر حسن ، تاباں ،

Marfat.com

غالب ، مومن ، ذوق ، نسیم ، انیس ، دبیر اور اس طرح کے دوسرے پرانے شعرا کے کلام و زندگی کی جتنی تصویریں ہمارے سامنے ہیں وہ انھیں تذکروں کی مدد سے تیار کی گئی ہیں اور آئندہ بھی ان کے بارے میں جو کام کیا جائے گا وہ ان تذکروں کے سہارے ہی کیا جائے گا۔

———

Marfat.com

Marfat.com

تذکرۃ الشعراء دولت شاہ کا خود نوشت

قلمی نسخہ

مرزا نظام بیگ جام

شعبۂ مخطوطات ، پاکستان نیشنل میوزیم ، کراچی

فارسی زبان میں نثری ارتقا کے ساتھ ساتھ گوناگوں علمی موضوعات وجود میں آتے رہے لیکن تذکرہ نگاری بحیثیت فن دولت شاہ سمرقندی کی تصنیف تذکرۃ الشعراء سے پہلے معرض وجود میں نہیں آئی ، اگرچہ دولت شاہ سے قبل دو کتابیں موجود تھیں جن میں فارسی شعرا کا ذکر ہے — ایک مناقب الشعرا جسے ابو طاہر خاتونی (متوفی ۵۰۰ھ/۱۱۰۷ء) نے لکھا تھا اور جو دست برد زمانہ کی نذر ہو چکا ہے لیکن بہرحال دولت شاہ نے خاتونی کا تذکرہ دیکھا تھا کیوں کہ وہ اپنے تذکرے میں طبقات شعرائے فارسی کے تحت بہرام گور کے ضمن میں ابو طاہر خاتونی کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتا ہے : ''اما ابو طاہر خاتونی گوید کہ بعہد عضد الدولہ دیلمی ہنوز قصر شیرین کہ بنواحی خانقین است بالکل ویران نشدہ بود ، درکتابہ آن قصر این بیت نوشتہ یافتند کہ بد ستور فارسی قدیم است :

''ہژ بر انکہبان انوثہ بذی جہان را بدیدار توشہ بذی''

اس کے علاوہ کئی مقامات پر دولت شاہ نے خاتونی کا حوالہ دیا ہے لہذا پروفیسر براؤن کا یہ خیال درست نہیں کہ دولت شاہ خاتونی سے واقف نہیں تھا ۔ (دیباچہ براؤن ، تذکرۃ الشعرا دولت شاہ ، مرتبہ براؤن)

دوسری کتاب ''لباب الالباب'' ہے جسے نور الدین محمد عوفی (متوفی ۶۲۵/ ۱۲۲۸) نے مرتب کیا تھا ۔ لیکن اسے تذکرہ کہنا مناسب نہیں کیونکہ اس میں شعرائے فارسی کے مختصر ذکر کے ساتھ ان کے کلام کو جمع کر دیا گیا ہے ۔ خود براؤن نے اسے شعرا کی بیاض کا درجہ دیا ہے (دیباچہ لباب الالباب جلد دوم) ۔

چنانچہ فارسی نثر میں اس موضوع کی داغ بیل پڑ چکی تھی لیکن دولت شاہ کو اس لحاظ سے تقدم حاصل ہے کہ اس نے شعرا کا باقاعدہ مبسوط تذکرہ لکھا ، اگرچہ اس میں تاریخی فروگذاشتیں بیشتر موجود ہیں جن پر ملک الشعرا بہار نے سیر حاصل تبصرہ اپنی کتاب سبک شناسی جلد سوم میں کیا ہے ۔

دولت شاہ بن علاء الدولہ بختیشاہ الغازی السمرقندی کا تعلق امرا سے تھا ۔ خراسان کے علاقے اسفرائین میں اس کے اہل خاندان کی جائدادیں تھیں ۔ اس کا باپ

Marfat.com

علاء الدولہ بختیشاہ امیر تیمور کے لڑکے شاہ رخ (۵۰–۸۰۷/۴۷–۱۴۰۴) کا قریبی ندیم تھا - وہ خود بھی شاہی دربار سے وابستہ تھا اور تیموری سلطان حسین بن منصور بن بائقرہ کے ساتھ انداخد کی جنگ میں شریک ہوا تھا جو سلطان حسین اور اس کے لڑکے کے درمیان ۸۷۶ھ میں ہوئی تھی - لیکن پچاس سال کی عمر میں اس نے امیرانہ زندگی ترک کر کے خود کو علمی کاموں کے لیے وقف کر دیا اور اپنی اس کاوش کا آغاز کیا جو تذکرۃ الشعرا کے نام سے موسوم ہے - دولت شاہ نے اپنی اس کتاب کو میر علی شیر نوائی (متوفی ۹۰۷/۱۵۰۱) کے نام معنون کیا ہے جو تیموری سلطان ابوالغازی حسین بن منصور (۹۱۳–۸۶۳/۱۵۰۷–۱۴۶۰) کا مشہور وزیر تھا - میر علی شیر بڑا دیدہ ور اور صاحب عام شخص تھا - اس کے عہد کے بڑے بڑے علما اور شعرا اس کے جود و سخا کے خوشہ چین رہے ہیں - وہ خود بھی فارسی اور ترکی زبان کا ایک خوش گو شاعر تھا - فارسی میں فانی اور ترکی میں نوائی اس کا تخلص تھا - اس کی متعدد تصانیف فارسی اور ترکی زبانوں میں موجود ہیں - جملہ کتب میں اس کا مشہور تذکرۂ شعرا ''مجالس النفائس'' کے نام سے ترکی زبان میں ہے جس کا فارسی ترجمہ بھی ہوا ہے اور جو نادر اور کم یاب ہے - اس ترجمے کا ایک قلمی نسخہ قومی عجائب خانہ کراچی میں موجود ہے -

دولت شاہ نے اپنا تذکرہ ۲۸ شوال ۸۹۲/۱۴۸۷ میں مکمل کیا - برٹش میوزیم ، انڈیا آفس اور بانکی پور کے کیٹلاگ اس کی تاریخ وفات ۹۰۰/۱۴۹۴ بتاتے ہیں ، لیکن کشف الظنون کا مصنف چلیپی ۹۱۳/۱۵۰۷ لکھتا ہے (کشف الظنون ، عربی ، جلد اول ، ص ۳۸۸ ، طبع استنبول) کہ تاریخ پیدائش کا ذکر کہیں نہیں ملتا - میر علی شیر نوائی نے بھی ''مجالس النفائس'' (۸۹۶/۱۴۹۱) میں اس کی تاریخ پیدائش کا ذکر نہیں کیا - لیکن ظاہر ہے کہ یہ کوئی ضخیم تذکرہ نہیں جس کے لکھنے میں کئی سال گزر گئے ہوں ، زیادہ سے زیادہ چار سال لگے ہوں گے - کتاب کے دیباچے میں وہ خود لکھتا ہے : ''من بندہ روزگار شباب و ایام فضل و اکتساب در جہالت و بطالت بسر بردم و دو سہ روزۂ زندگانی کہ سرمایہ سعادت جاودانی است بما لا یعنی تلف کردم - چون از روی محاسبت و مراقبت بروز نامۂ حیوۃ نظر نمودم ، دیدم کہ کاروان عمر گرانمایہ در تیہ گم راہی پنجاہ مرحلہ قطع نمودہ بود -''

جب اس نے اپنی کتاب لکھنی شروع کی وہ پچاس سال کا تھا - اگر تصنیف کا زمانہ دو سال سے چار سال تک فرض کر لیا جائے (جو ضخامت کے لحاظ سے بہت کافی ہے) تو اس حساب سے اس کی تاریخ پیدائش ۸۳۶/۱۴۳۳ سے ۸۳۸/۱۴۳۵ کے درمیان یقینی ہے اور وفات کے وقت اس کی عمر ۶۴ سے ۶۶ سال کے درمیان ہوگی -

تذکرۃ الشعرا دولت شاہ کا یہ خود نوشت قلمی نسخہ قومی عجائب خانہ کراچی کی ملکیت ہے - اس کا نمبر داخلہ ۳۶۲ء ، ۱۹۶۷ع این ، ایم ہے ، سائز 9·4'' × 6·8'' کتابت نہایت پختہ نسخ میں ہے ؛ متن سنہری جدول کے درمیان ہے جو خاصی ماند پڑ چکی ہے - عنوانات سرخ روشنائی سے رقاع اور توقیع میں لکھے گئے ہیں - کسی قسم کی تزئین سے معرا ہے - جلد چمڑے کی گہرے کتھئی رنگ کی ہے جس

Marfat.com

پر چار جگہ ابھری ہوئی یہ تحریر درج ہے: ''عمل ملای شور صحاف'' - جلد کے بیچ میں دونوں طرف ابھرے ہوئے بیضوی شکل کے نقوش ہیں - یقیناً یہ کوئی معروف جلد ساز تھا اور اس کا تعلق افغانستان سے معلوم ہوتا ہے ، لیکن جلد بندی بعد کے زمانے میں ہوئی ہے اور اب تک اچھی حالت میں ہے - شروع کے ٦ اوراق الحاقی ہیں - مخطوطے کے درمیان میں بھی ورق ۱۲۷ ، ۱۳۸ ، ۱۴۳ ، ۱۸٦ اور ۲۳۳ بعد کے زمانے میں ملحق کیے گئے ہیں - الحاقی اوراق نستعلیق میں لکھے گئے ہیں - کاغذ خان بالغ یعنی چینی ساخت کا ہے جو نویں صدی ہجری کے مخطوطات میں عام طور پر استعمال ہوتا تھا - نسخے میں چھ اہم مہریں ہیں - پہلے صفحے پر حکومت افغانستان کے شاہی کتب خانے کی مہر ہے جس کی عبارت یہ ہے: ''مہر کتاب خانۂ مبارکہ ۱۲۱۰ دولت خدا داد افغانستان'' - افغانستان کے شاہی کتب خانے کی تین مہریں اور ہیں — ایک ورق ۱۳ پر ، دوسری ۱۹۷ پر اور تیسری آخری صفحے پر - دوسرے صفحے پر ایک مہر افغانستان کے حکمران امیر حبیب اللہ خان (۱۹۰۱—۱۹۱۹ء) کی ہے جس کی عبارت یہ ہے: ''سراج الملت والدین امیر حبیب اللہ خان'' - دوسری آخری صفحے پر ہے - چار مہریں امیر عبدالرحمٰن خان (۱۸۸۰—۱۹۰۱) کی بھی ہیں - دو تیسرے صفحے پر ، ایک ورق ۱۳۵ پر اور ایک آخری صفحے پر - ان مواہیر سے پتہ چلتا ہے کہ یہ نادرالوجود نسخہ افغانستان کے شاہی کتب خانے کی زینت رہ چکا ہے ، لیکن اب خوش قسمتی سے پاکستان کے قومی عجائب خانے کے ذخیرۂ مخطوطات میں ایک در نایاب کی حیثیت رکھتا ہے -

دولت شاہ سمرقندی کا یہ نسخہ روایتی انداز میں شروع ہوتا ہے یعنی حمد و ثنا سے اس کا آغاز ہوتا ہے جسے دیباچہ کہہ سکتے ہیں - لیکن افسوس کہ شروع کے ٦ اوراق تلف ہو گئے ہیں جو بعد میں ملحق کیے گئے ہیں - دولت شاہ کے ہاتھ کی عبارت ورق ۷ سے شروع ہوتی ہے - تمہید کے بعد فہرست درج ہے - تقسیم فہرست مندرجہ ذیل ہے:

مقدمہ

جو شعرا عرب کے اسماء پر مشتمل ہے ، اس میں دس نام ہیں - آخری نام العاصی کا ہے لیکن متن میں العاصمی کا تذکرہ نہیں ہے - اس کے بعد سات طبقات ہیں اور ہر طبقے کے تحت فارسی شعرا کے نام درج ہیں ؛ آخر میں خاتمہ ہے - طبقات کی تقسیم کا التزام کتابت میں ملحوظ رکھا گیا ہے ، لیکن متن میں طبقات کی ابتدا کو عنوان کے طور پر نہیں لکھا گیا ، محض شعراء کے اسماء بطور سرخی درج ہیں - ان سات طبقات میں ۱۳۴ شعراء کا تذکرہ ہے ، علاوہ چند بادشاہوں اور امراء کے ذکر کے - سات طبقات کی تقسیم کے بعد خاتمہ ہے جس میں دولت شاہ ان اکابر شعرا کا ذکر کرتا ہے جو اس کے معاصر تھے - سر فہرست مولانا جامی کا ذکر ہے - پھر اپنے مربی میر علی شیر نوائی کا ذکر کرتا ہے ، اس کے بعد سہیلی کا تذکرہ ہے - اپنی تحریر کو سہیلی کے ذکر پر ختم کر دیتا ہے - کچھ جگہ چھوڑ کر اس کے ہاتھ کی آخری تحریر ہے:

Marfat.com

''وما از دیوان ترکی و فارسی این امیر فاضل دو غزل و چند مطلع و بیت اختیار نمودہ ثبت کردیم'' - اس کے بعد خالی جگہ ہے جس میں نستعلیق میں غزل لکھی ہوئی ہے جو بعد کا اضافہ ہے -

قرائن اور اندرونی شواہد سے یہ بات پایۂ ثبوت تک پہنچتی ہے کہ یہ پہلی کاپی ہے جو خود دولت شاہ نے لکھی ہے - متن میں مختلف مقامات پر الفاظ سرخ روشنائی سے قلم زد کیے گئے ہیں - ایک مقام پر پوری عبارت لکھ کر کاٹی گئی ہے - تذکرۂ شعرا عرب کے ضمن میں صفحہ ۳۰ پر یہ عبارت لکھ کر تمام کی تمام کاٹ دی گئی ہے: ''اشتباہ نیست در انک فصاحت و بلاغت حق اعرابست و ایزد تبارک و تعالیٰ ایشان را درین باب حظی ذاتی و ہدایتی شافی کرامت فرمودہ و از اقسام بلاغت اعراب را در فن شعر مہارتی کاملیست و اکثر اصطلاحات شعرا و فضلا عرب مدون ساختہ اند و صنایع و بدایع و محاسن و معایب شعر جمع کردۂ اعراب است و اہل عجم درین قسم (تکرار) متابع عرب اند - فی الجملہ چون این مختصر تاریخ و تذکرۂ شعرای عجم است درین کتاب از ایراد و ذکر شعرای عرب زیادہ فائدہ متصور نبود و شعرای عرب زیادہ ازاں اند کہ این کتاب متحمل تذکرۂ آن تواند آورد ، اما بیکبار ازان در گذشتن نیز نقصان این کتاب می نمود - از روی ایجاز بذکرہ فاضل از اکابر شعرا عرب اختیار نمودیم بر فحوای (خالی جگہ کے بعد) لبید ، فرزدق ، دعبل ، ابن الرومی ، متنبی ، ابوالعلای معری ، حریری ، ابوالفتح بستی ، کثر عاصمی -

چونکہ پیشتر یہی خیال وہ بیان کر چکا تھا ، یہاں اس کا اعادہ ہو رہا تھا ، لہٰذا یہ عبارت لکھ کر منسوخ کر دی گئی - میرے پیش نظر دولت شاہ کے پانچ دیگر قلمی نسخے ہیں جن سے نسخۂ زیر بحث کا تقابل کیا گیا ہے - متذکرہ تنسیخ شدہ عبارت کسی نسخے میں نہیں ملتی سوائے ایک نسخے کے جس کے شروع اور آخیر کے چند اوراق الحاقی ہیں جس میں ترقیمہ بھی شامل ہے - کاتب کا نام خواجہ کلان لکھا ہوا ہے اور سنہ کتابت ۹۷۷ ہجری ہے - خواجہ کلان بایزید کا لڑکا تھا - سلطان بایزید اکبری عہد کا نامور خطاط تھا - خط نستعلیق میں برصغیر ہند و پاکستان میں اس کا کوئی ہمسر نہیں تھا - اکبر نے اسے کاتب الملک کا خطاب دیا تھا (بزم تیموریہ ، ص ۱۰۹) - اس نسخے میں پہلے ۴ ورق اور آخیر کے تین اوراق باقی متن سے الگ خط میں اور مختلف کاغذ پر لکھے گئے ہیں - قیاس یہ ہے کہ غالباً یہ اوراق تلف ہونے کے قریب تھے، اس لیے دوبارہ لکھوائے گئے؛ لیکن حیرت ہے کہ اس میں نسخۂ زیر بحث کی تنسیخ شدہ عبارت پوری کی پوری شامل ہے جو باقی پانچ نسخوں میں نہیں ہے - اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ خواجہ کلان والا نسخہ کسی ایسے نسخے سے نقل کیا گیا ہے جو نسخۂ زیر بحث سے نقل ہوا ہوگا۔ لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر دولت شاہ کے خود نوشت نسخے سے یہ نسخہ نقل کیا گیا ہے تو تنسیخ شدہ عبارت کیسے لکھی گئی؟ اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ دولت شاہ نے لکھنے کے بعد عبارت فوراً نہیں کاٹی ہوگی ، بعد میں اس کی تنسیخ کی ہوگی - دولت شاہ

Marfat.com

یقیناً معاشرے میں اپنا اونچا مقام رکھتا تھا ۔ اس کے اس علمی کام میں یقیناً اس کے کچھ منشی بھی اس کی معاونت کرتے ہوں گے ، کتاب جزوی طور پر لکھی جاتی تھی اور اس کے منشی اس کی مزید نقل کرتے جاتے تھے ۔ چنانچہ کتاب کا وہ جزو جس میں تنسیخ شدہ عبارت تھی مزید نقل ہوا ؛ اس طرح نقل کا سلسلہ آگے بڑھ گیا ہوگا ۔ دولت شاہ نے اپنے نسخے میں بعد میں اس حصے کی تنسیخ کر دی ہوگی لیکن چند کاپیوں میں یہ برقرار رہ گیا ہوگا ، اگرچہ اس نسخے میں بھی جگہ جگہ متن میں نسخہ زیر بحث سے اختلاف ہے ۔ دوسرے پانچوں نسخوں میں فہرست شروع میں نہیں ہے ۔ عبارت کے تسلسل میں مقدمہ ، مختلف طبقات اور خاتمہ کا ذکر کیا گیا ہے ۔ نسخہ نوشتہ دولت شاہ کا دوسرے پانچ نسخوں سے تقابل کرنے کے بعد متن کا اختلاف بھی معلوم ہوا ۔ بعض نسخوں میں کتابت کی غلطیاں بھی ہیں ۔ لیکن نسخۂ زیر بحث اپنے متن کی صحت کے لحاظ سے مکمل ہے ۔ یہ نسخہ قلم برداشتہ لکھا گیا ہے ، بغیر کتابت کے التزام کے جو مخطوطات میں کاتب ملحوظ رکھتے ہیں اور یہ انداز جیسا اس نسخے میں ہے صرف مصنف ہی روا رکھ سکتا ہے ؛ لیکن با این ہمہ کتاب کے تمام عنوانات رقاع اور توقیع میں سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں جسے دیکھ کر یہ پتا چلتا ہے کہ دولت شاہ ایک بڑا خطاط بھی تھا ۔

میرے پیش نظر محمد عباسی کا طہران سے شائع کیا ہوا نسخہ بھی ہے ۔ دولت شاہ کے شائع شدہ نسخوں میں موصوف کا نسخہ جدید ترین ہے ۔ عباسی نے پروفیسر براؤن کے شائع شدہ نسخے کو پیش نظر رکھ کر متن کی از سر نو تدوین کی ہے ۔ اس نسخے میں عباسی نے براؤن کی فروگذاشتیں بتائی ہیں ۔ پروفیسر براؤن نے تین قلمی نسخے اور بمبئی کا طبع شدہ نسخہ سامنے رکھ کر اپنے متن کی درستی کی تھی ۔ براؤن کے پیش نظر نسخوں میں قدیم ترین نسخہ ۹۷۹ھ کا مکتوبہ نسخہ تھا لیکن براؤن کو دولت شاہ کے اس نسخے کا علم نہ تھا جو اس وقت افغانستان کے امیر عبدالرحمن کے کتب خانے میں تھا ۔ محمد عباسی نے اپنی تحقیق کا دائرہ اور وسیع کرتے ہوئے دولت شاہ کے تذکرے کے متن کی تصحیح کی اور اسے شائع کیا ۔ محمد عباسی کے پیش نظر ۱۱ قلمی نسخے تھے ۔ اس کے علاوہ موصوف نے ہندوستان کے چھپے ہوئے ملک الکتاب شیرازی کے نسخے سے بھی استفادہ کیا ہے ۔ عباسی متن کی تدوین کے سلسلے میں سب سے زیادہ اہمیت آقای رفیع الملک کے قلمی نسخے کو دی ہے جس کا عکس بھی کتاب میں شائع کیا ہے ۔ عکس ترقیمے کا ہے ۔ سنہ کتابت درج نہیں اور نہ کاتب کا نام درج ہے ۔ عکس میں ترقیمے کے آخیر کی عبارت محمد عباسی کے اقتباس میں دی ہوئی عبارت سے نہیں ملتی ۔ عکس میں عبارت یہ ہے : ''مصلحت آن است کہ کتاب را بدعای بادشاہ اسلام ختم کنیم تمت الکتاب در بناء المحمود ولہ المکارم والعلی والجود هذه بتالیف و تحریر هذه التذکره شریف اقل عباد الله دولت شاہ بن علاء الدولہ الغازی فی ثامن عشرین شوال اثنی و تسعین و ثمانمائہ الہجریہ''۔ موصوف نے اس کا اقتباس یہ دیا ہے :

''خدم بتالیف و تحریر هذاالتذکرة اقل عباد الله دولت شاہ بن علاء الدولہ بختیشاہ الغازی السمرقندی اصلح الله شانہ فی ثامن عشرین شوال سنہ اثنی و تسعین و ثمانمائہ

Marfat.com

الہجریہ النبویہ'' - موصوف نے اس نسخے پر تبصرہ کرنے سے گریز کرتے ہوئے محض اسے قدیم نسخہ کہتے ہوئے ترقیمہ کا اقتباس پیش کر دیا ہے - لیکن اس انداز فکر سے ان کا تحت الشعور ظاہر ہو جاتا ہے - ان کے خیال میں ترقیمے کی یہ عبارت غمازی کر رہی ہے کہ یہ دولت شاہ کے زمانے کا نسخہ ہے کیونکہ اس میں ۸۹۲ھ درج ہے - یہاں فاضل مصنف سے تسامح ہوا ہے - ترقیمے کی مذکورہ بالا عبارت میں جو تاریخ درج ہے وہ تصنیف کی تاریخ ہے کتابت کی نہیں - دوسری قابل غور بات یہ ہے کہ اس میں دولت شاہ کا نام بھی درست نہیں لکھا ہے -

مخطوطات کی کتابت میں عام دستور تھا کہ کاتب کسی مخطوطے کو نقل کرتے ہوئے مصنف کی آخری عبارت تک لکھا کرتا تھا؛ اس کے بعد اپنا نام اور تاریخ کتابت درج کرتا تھا - لیکن بیشتر مخطوطات میں یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ کاتب مصنف کی آخری عبارت تک لکھ کر نسخے کی نقل ختم کر دیتا ہے ؛ اپنا نام یا تاریخ کتابت درج نہیں کرتا - چنانچہ محمد عباسی کا مذکورہ نسخہ ایسا ہی نسخہ ہے جس میں کاتب نے دولت شاہ کی عبارت لکھ کر اپنی کتابت ختم کر دی ہے - دوسری بات قابل غور یہ ہے کہ یہ نسخہ زیادہ قدیم نہیں ہے - خط کا انداز بتا رہا ہے کہ گیارہویں صدی ہجری کا لکھا ہوا ہے - نویں صدی ہجری میں اول تو نستعلیق کا عام رواج نہیں تھا اگرچہ وجود میں آ چکا تھا لیکن ابھی عبوری دور سے گزر رہا تھا - عام طور سے کتابیں نسخ میں لکھی جاتی تھیں - محمد عباسی نے تدوین کے وقت مندرجہ ذیل چار نسخوں کو زیادہ اہمیت دی ہے :

۱ - شہزادہ مرزا کا نسخہ ، تاریخ کتابت درج نہیں -

۲ - آقای رفیع الملک کا نسخہ جس کا عکس انھوں نے کتاب میں دیا ہے -

۳ - ۸۹۲ء کا لکھا ہوا نسخہ جس کی تاریخ وہ خود مشکوک بتاتے ہیں ، لیکن ان کا خیال ہے کہ اس کی کتابت خود مصنف کے ہاتھ کے لکھے ہوئے نسخے سے کی گئی ہے ، لیکن استدلال پیش نہیں کرتے -

۴ - ڈاکٹر مہدی بیان کا نسخہ -

تذکرۃ الشعراء دولت شاہ کا خود نوشت نسخہ :

اب میں نسخہ زیر بحث کی اہم خصوصیات کا ذکر کرتا ہوں جن سے یہ باور کرنے کے لیے کافی وجوہ ہیں کہ تذکرۃ الشعرا کی یہی وہ پہلی کاپی ہے جسے دولت شاہ سمرقندی نے خود لکھا ہے - تدوین متن میں یہی نسخہ بنیاد ہونا چاہیے تھا لیکن پروفیسر براؤن اور محمد عباسی دونوں اس نسخے کی موجودگی سے بے خبر تھے -

۱ - چونکہ یہ نسخہ ناقص الاول اور نا مکمل ہے لہذا تاریخ کتابت نہ ملنے کی وجہ سے تعین کتابت کرنا پڑا - مخطوطے کا کاغذ اور خط بلاشبہ نویں صدی ہجری کا ہے جیسا کہ میں نسخے کے تعارف کے تحت لکھ چکا ہوں کہ اس کا کاغذ خان

Marfat.com

بالغ ہے جو چینی ساخت کا عمدہ اور دبیز کاغذ ہوتا تھا اور اس عہد کے مخطوطات میں یہی عام طور پر استعمال کیا جاتا تھا -

۲ - بعض الفاظ کا مخصوص املا مثلاً ''از انک'' بجائے ''ازاں کہ'' ''چنانک'' بجائے ''چناں کہ'' - ''بلک'' بجائے ''بلکہ'' - ''انک'' بجائے ''آنکہ'' ''چند انک'' بجائے ''چنداں کہ'' وغیرہ - پوری کتاب میں جہاں کہیں ''س'' آیا ہے اس کے نیچے تین نقطے لگے ہوئے ہیں - یہ املا نویں صدی کے مخطوطے میں عام طور پر نظر آتا ہے - تقابلی جائزے کے لیے میرے پاس جو دیگر پانچ نسخے ہیں کسی میں ان الفاظ کا املا مذکورہ انداز پر نہیں ہے - محمد عباسی کے مرتبہ نسخے میں بھی یہ املا نظر نہیں آتا -

۳ - کتاب کے شروع میں شعراء عرب کے دیباچے میں پورا پیراگراف لکھ کر سرخ روشنائی سے کاٹا گیا ہے جس کا اقتباس شروع میں پیش کیا گیا ہے - تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ خود مصنف نے اسے کاٹا ہے - پرانے مخطوطات کے مطالعے سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ کاتب اتنی بڑی عبارت لکھ کر کبھی نہیں کاٹ سکتا ، یہ صرف مصنف ہی کر سکتا ہے - تنسیخ شدہ عبارت عباسی کے متن میں بھی نہیں ہے -

۴ - محمد عباسی نے متن کی درستی میں براؤن کی جو فرو گذاشتیں بتائی ہیں ، سب درست ہیں - نسخہ زیر بحث میں یہ تمام درست حالت میں موجود ہیں - سوائے عرب شاعر معین الدین طنطرانی کے ذکر میں وہی عبارت نسخہ زیر بحث میں بھی درج ہے جو براؤن نے لکھی ہے - اس کے کچھ ممکنات ہیں جن کا ذکر بیان کرتا ہوں - ممکن ہے دولت شاہ نے آخیر میں جیسا کہ اس نے لکھا ہے پورا قصیدہ درج کیا ہو - چونکہ نسخہ زیر بحث نامکمل ہے اور یہ پتا لگانا نا ممکن ہے کہ کتاب کا اختتامی حصہ کب اور کیسے تلف ہوا؟ لہذا یہ نہیں کہا جا سکتا کہ آخیر میں یہ قصیدہ درج ہے یا نہیں - مواہیر کے ثبت ہونے کے انداز سے یہ امر واضح ہو جاتا ہے کہ جب یہ نسخہ افغانستان کے شاہی کتب خانے میں داخل ہوا، اس وقت بھی ناقص الطرفین تھا کیونکہ یہ مہریں الحاقی اوراق پر بھی ثبت ہیں- گو یہ بات شاہی کتب خانوں میں مخطوطات کی جمع آوری کے عام اصول کے منافی دکھائی دیتی ہے- عام اصول یہ ہے کہ شاہی کتب خانوں کے نسخے ہمیشہ مطلا، مرصع اور نہایت دیدہ زیب ہوتے ہیں یا پھر ایسے نسخے ہوتے ہیں جن میں کوئی معنوی ندرت ہو- بظاہر یہ نسخہ اہم خوبیوں سے معرا ہے - یقیناً اپنی معنوی خوبی ہی کی وجہ سے افغانستان کے شاہی کتب خانے کی زینت بنا کیونکہ دولت شاہ کا تذکرہ کوئی نایاب کتاب نہیں - ایک مہر ورق ۱۳ (ب) پر ثبت ہے لیکن اتنی مسخ ہو چکی ہے کہ کسی صورت پڑھی نہیں جا سکتی- ہو سکتا ہے کہ یہ دولت شاہ کی مہر ہو اور امیر حبیب اللہ اور عبدالرحمن کے زمانے تک اتنی مسخ نہ ہوئی ہو -

۵ - نسخہ زیر بحث اپنے متن کی صحت کے لحاظ سے مکمل ہے - ۵ نسخوں میں تقابلی جائزے کے دوران کچھ نہ کچھ املا کی غلطیاں ہر نسخے میں نظر آئیں -

Marfat.com

٦ - مولانا جامی کے تذکرے کے سلسلے میں بطور سرخی جب ان کا نام لکھا گیا ہے تو اس کے ساتھ مدظلہ کا ٹکڑا لگا ہوا ہے جو واضح ثبوت ہے کہ جب کتابت ہو رہی تھی تو مولانا جامی بقید حیات تھے - مولانا جامی کا انتقال ۸۹۸ھ میں ہوا اور تذکرہ دولت شاہ کی تکمیل ۸۹۲ھ میں ہوئی -

اب میں تمام نسخوں سے فہرست شعرا عرب اور خاتمے کے شعرا کا گوشوارہ پیش کرتا ہوں تاکہ نسخہ زیر بحث کی افادیت واضح ہو سکے :

فہرست شعرائے عرب

۱ - نسخہ زیر بحث :

(۱) لبید (۲) فرزدق (۳) دعیل[1] خزاعی (۴) ابن الرومی (۵) متنبی (٦) ابوالعلای معری (۷) حریری (۸) ابوالفتح بستی (۹) معین الدین طنطرانی (۱۰) العاصی -

۲ - نسخہ مکتوبہ ۹۷۷ھ (تفصیلاً ذکر شروع میں آ چکا ہے) :

(۱) لبید (۲) فرزدق (۳) دعیل خزاعی (۴) ابن رومی (۵) ابوالعلای معری (٦) متنبی (۷) حریری (۸) ابوالفتح بستی (۹) معین الدین طنطرانی (۱۰) عاصمی -

۳ - نسخہ مکتوبہ ۱۰۰۲ھ :

(۱) لبید (۲) فرزدق (۳) دعیل خزاعی (۴) ابن الرومی (۵) متنبی (٦) ابوالعلا معری (۷) حریری (۸) ابوالفتح بستی (۹) معین الدین طنطرانی (۱۰) عاصمی -

۴ - نسخہ مکتوبہ گیارھویں صدی ہجری :

(۱) لبید (۲) فرزدق (۳) دعیل خزاعی (۴) ابن رومی (۵) متنبی (٦) ابوالعلا معری (۷) حریری (۸) ابوالفتح بستی (۹) معین الدین طنطرانی (۱۰) عاصمی -

۵ - دوسرا نسخہ گیارھویں صدی ہجری :

(۱) لبید (۲) فرزدق (۳) ذعیل خزاعی (۴) ابن رومی (۵) متنبی (٦) ابوالعلا معری (۷) حریری (۸) ابوالفتح بستی (۹) معین الدین طنطرانی (۱۰) عاصمی -

٦ - نسخہ مکتوبہ بارھویں صدی :

(۱) لبید (۲) فرزدق (۳) ذعیل خزاعی (۴) ابن الرومی (۵) متنبی (٦) ابوالعلا معری (۷) حریری (۸) ابوالفتح بستی (۹) معین الدین طنطرانی (۱۰) عاصمی -

---

۱ - متن میں بھی دعیل لکھا ہے - کشف الظنون اور ابن الندیم کی الفہرست میں دعبل ہے- محمد عباسی نے درست لکھا ہے - میرا خیال ہے کہ دولت شاہ کی جملہ تاریخی فروگذاشتوں میں سے یہ بھی ایک فروگذاشت ہے -

Marfat.com

۷ - نسخہ بہ تصحیح متن محمد عباسی :

(۱) لبید (۲) فرزدق (۳) دعبل خزاعی (۴) ابن الرومی (۵) متنبی (۶) ابوالعلا المعری (۷) حریری (۸) ابوالفتح بستی (۹)معین الدین طنطرانی (۱۰) کعب بن زہیر -

فہرست شعرا اور خاتمہ

۱ - نسخہ زیر بحث :

(۱) مولانا عبدالرحمن الجامی (۲) امیر علی شیر (۳) امیر معزالدین شیخ احمد سہیلی (۴) امیر حسین علی جلائر (۵) نام مٹ گیا ہے (۶) خواجہ شہاب الدین عبداللہ مروارید -

۲ - نسخہ مکتوبہ ۹۷۷ھ (تفصیلی ذکر شروع میں آ چکا ہے) :

(۱) مولانا جامی (۲) علی شیر (۳) احمد سہیلی (۴) خواجہ افضل الدین محمود وزیر (۵) خواجہ شہاب الدین عبداللہ مروارید (۶) وزیر زادہ خواجہ آصفی -

۳ - نسخہ مکتوبہ ۱۰۰۲ھ :

(۱) جامی (۲) علی شیر (۳) سہیلی (۴) امیر حسن علی جلائر (۵) خواجہ شہاب الدین (۶) خواجہ آصفی -

۴ - نسخہ مکتوبہ گیارھویں صدی ہجری :

(۱) جامی (۲) علی شیر (۳) سہیلی (۴) خواجہ افضل الدین محمود (۵) خواجہ شہاب الدین عبداللہ مروارید (۶) خواجہ آصفی -

۵ - نسخہ مکتوبہ گیارھویں صدی ہجری :

(۱) جامی (۲) علی شیر (۳) سہیلی (۴) خواجہ افضل الدین (۵) خواجہ عبداللہ مروارید (۶) خواجہ آصفی -

۶ - نسخہ مکتوبہ بارھویں صدی ہجری :

(۱) جامی (۲) علی شیر (۳) سہیلی (۴) امیر حسن جلائر (۵) خواجہ شہاب الدین عبداللہ مروارید (۶) خواجہ آصفی -

۷ - نسخہ بہ تصحیح متن محمد عباسی :

(۱) جامی (۲) علی شیر (۳) سہیلی (۴) خواجہ افضل الدین محمد وزیر (متن میں محمود ہے) (۵)خواجہ عبداللہ مروارید (۶) مولانا خواجہ آصفی (۷) حسین جلائر

فہرست شعرا عرب میں آخری نام العاصمی کا آتا ہے لیکن العاصمی کا تذکرہ نہ تو نسخہ زیر بحث میں موجود ہے اور نہ دیگر ۵ نسخوں میں ملا۔ محمد عباسی کے نسخے

Marfat.com

میں العاصمی کی جگہ کعب ابن زہیر کا نام ہے اور متن میں اس کا ذکر بھی ہے - اس کا ماخذ کیا ہے ؟ العاصمی کی جگہ پر یہ کیسے داخل ہو گیا ؟ اس کے متعلق عباسی خاموش ہیں - کعب ابن زہیر کا داخلہ تحریف ہے کیونکہ اس کے داخلے میں تقدم اور تاخر کا لحاظ نہیں رکھا گیا ہے - دولت شاہ نے عربی شعرا کی ترتیب میں تقدم اور تاخر کا بڑی حد تک خیال رکھا ہے - زمانے کے اعتبار سے اسے پہلے نمبر پر ہونا چاہیے، اس کا زمانہ لبید سے پہلے کا زمانہ ہے اور لبید کی تاریخ وفات ۴۱ھ ہے اور کعب ابن زہیر کی وفات ۱ یا ۹ ہجری ہے - اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دولت شاہ نے العاصمی کو فہرست میں داخل کرنے کے بعد اس کا ذکر کیوں نہیں کیا ؟ اس کی تاویل اس کے علاوہ کوئی دوسری نظر نہیں آتی کہ دولت شاہ کو اس کے بارے میں مواد نہیں ملا ہوگا، اگرچہ اس کا ذکر اسے اپنی کتاب میں کرنا چاہیے تھا۔ لیکن چونکہ فن کتب نگاری اتنا سائنسی نہیں تھا جتنا اس دور میں ہے لہذا اس نے اسے معمولی بات سمجھ کر نظر انداز کر دیا -

دولت شاہ نے خاتمہ میں ۶ معاصر شعرا کا ذکر کیا ہے - نسخہ زیر بحث کی فہرست میں اس نے ان شعرا کے نام درج کیے ہیں اگرچہ اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ سہیلی کے ذکر تک ہے - علاوہ نسخہ زیر بحث کے خاتمہ کی فہرست میں ایک نام خواجہ آصفی کا زائد نظر آتا ہے جو ہر نسخے میں ہے اور محمد عباسی کے متن میں بھی موجود ہے ؛ یہ نام بھی الحاقی معلوم ہوتا ہے - اگر دولت شاہ نے اس کا ذکر کیا ہوتا تو یقیناً اس کا نام وہ اپنی فہرست میں شریک کرتا کیونکہ فہرست اس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی شروع میں موجود ہے - محمد عباسی کے متن میں ۷ شعرا کا ذکر ہے - ساتویں نمبر پر حسین جلائر کا نام ہے - یہ عجیب بات ہے کہ دولت شاہ خود خاتمہ کی تمہید میں لکھتا ہے : ''شش جہات را ما بحوالہ بدیگران کردیم و وجود شریف شش فاضل کہ خلاصہ ہفت اقلیم اند برگذیدم کہ طبع سلیم ہر یکی گنجینۂ معانی و فضایلست''- اگر سات فضلا کا ذکر اس نے کیا ہوتا تو اپنی عبارت میں تعداد کا تعین نہ کرتا - چنانچہ یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خواجہ آصفی کا نام بعد میں شریک کیا گیا ہے - محمد عباسی کے مرتبہ متن اور نسخہ زیر بحث کے متن میں بیشتر اختلاف ہے - چونکہ میرا مقصد متن کی ازسر نو ترتیب نہیں ہے بلکہ میرا منشاء یہ ہے کہ تذکرۃ الشعرا دولت شاہ کو مدون کرتے وقت نسخۂ زیر بحث بنیاد ہونا چاہیے کیونکہ یہی وہ پہلی کاپی ہے جو خود مصنف کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے - یہاں بطور اجمال دو اہم اختلافات کا ذکر کرتا ہوں - مولانا جاسی کے حالات میں وہ قصیدہ جو جاسی نے امیر خسرو کے قصیدۂ ''بحرالابرار'' کے جواب میں لکھا تھا محمد عباسی کے نسخے میں اس کے اشعار کی تعداد ۹۹ ہے جب کہ نسخۂ زیر بحث میں ۲۵ ہے - اسی طرح علی شیر نوائی کے قصیدے کی تعداد (بحرالابرار کے جواب میں) عباسی کے نسخے میں ۷۳ ہے اور نسخۂ زیر بحث میں ۲۶ - اشعار کی تعداد میں اتنا تفاوت حیرت انگیز ہے اور جاسی اور علی شیر نوائی پر مزید تحقیق کا دروازہ کھول دیتا ہے - جاسی کا قصیدہ پیش کرتے ہوئے وہ لکھتا ہے : ''بتماسی بخواہیم آورد''- کوئی وجہ نہیں

Marfat.com

کہ اس نے اقتباس پیش کیا ہو۔ یقیناً جب اس نے جامی کا ذکر اپنی کتاب میں قلم بند کیا ہوگا قصیدے کے اشعار کی تعداد ۲۵ ہی ہوگی۔ ایسا بھی نہیں ہے کہ مولانا جامی اس وقت کسی دوسرے دور دراز شہر میں مقیم ہوں اور دولت شاہ تک باالواسطہ ان کا یہ قصیدہ پہنچا ہو۔ دولت شاہ اور مولانا جامی دونوں ہرات ہی میں تھے۔ اشعار کی تعداد میں اتنا اضافہ کب اور کیسے ہوا یہ نکتہ محققین کی مزید دریافت کے لیے چھوڑتا ہوں۔



تذکرۃ الشعراء دولت شاہ کے خود نوشت نسخے کا ایک ورق

Marfat.com



تذکرۃ الشعراء دولت شاہ کے خود نوشت نسخے کا ایک ورق - فہرست شعراء

Marfat.com

شیخ فرید الدین عطار کی مثنوی منطق الطیر کا ایک نادر نسخہ

عبدالجبار قریشی ، ایم - اے
شعبۂ مخطوطات ، نیشنل میوزیم ، کراچی

فارسی زبان و ادب سے آشنا لوگوں کے لیے شیخ فریدالدین عطار اور ان کی مثنوی بہت جانی پہچانی حیثیت رکھتی ہے اور سلوک و طریقت میں تو اس کا درجہ بہت بلند ہے - عطار فارسی شاعری کے دور اول کے ان شعراء میں سے ہیں کہ جن پر فارسی ادب آج بھی ناز کر سکتا ہے اور جن کی فنی مہارت کا لوہا اپنے اور غیر سبھی ماننے پر مجبور ہیں - بقول شبلی ، صوفیانہ شاعری کے چار ارکان ہیں : سنائی ، اوحدی ، مولانا روم اور خواجہ فریدالدین عطار - خود مولانا روم باوجود ہم رتبگی کے فرماتے ہیں :

ع ما از پس سنائی و عطار آمدیم
ہفت شہر عشق را عطار گشت ما ہمان اندرخم یک کوچہ ایم[1]

شیح عطار کا پورا نام ابوطالب (کچھ لوگوں کے نزدیک ابو حامد) محمد بن ابوبکر ابراھیم بن مصطفٰی بن شعبان ہے[2] - حکمت اور دوا سازی ان کا آبائی پیشہ تھا اور اسی مناسبت سے انھیں عطار کہا گیا ہے - ان کے مطب کا یہ عالم تھا کہ ایک اندازے کے مطابق پانچ سو مریضوں کی نبض روزانہ دیکھا کرتے تھے - حکمت میں ان کے استاد شیخ مجدالدین بغدادی تھے -[3]

افسوس ہے کہ شیخ فریدالدین عطار کے حالات زندگی اس عہد کی سیاسی افراتفری کی نذر ہو گئے - یہ وہ دور تھا جب چنگیز خانی طوفان نے تاتار سے نکل کر خراسان سے شام تک غارتگری مچا رکھی تھی - اس قیامت صغریٰ میں کم و بیش چالیس لاکھ آدمیوں کا خون بہہ گیا[4] - ہزاروں شہر پیوند خاک ہو گئے - مدارس اور خانقاہوں کی حرمت بری طرح پامال کر دی گئی - اسی طوفان نے کچھ عرصے کے بعد

۱- شعر العجم ، جلد دوم ، ص ۱۲
۲- A Literary History of Persia by E.G. Browne, Vol. II, p. 507
۳- ریاض العارفین ، رضا قلی خاں
٤- شعرالعجم ، جلد دوم

Marfat.com

عروس البلاد بغداد کی رونق و عظمت کو اس طرح ملیامیٹ کیا کہ بغداد کو دوبارہ پہلے جیسا عروج آج تک نصیب نہ ہو سکا۔

یہ وہ حوصلہ شکن واقعات تھے کہ جن سے مسلمانوں کی شجاعت اور مردانگی کے جوہر ماند پڑ گئے[1]۔ دنیاوی کلفتوں اور چیرہ دستیوں سے محفوظ رہنے کے لیے خانقاہی نظام میں فلاح کی راہ ڈھونڈی گئی اور دین و سیاست کی اس دوئی کا آغاز ہوا کہ جس کا خمیازہ آج تک مسلمان بھگت رہے ہیں۔ یہ حالات تصوف کے فروغ میں بہت مدد گار ثابت ہوئے۔ عطار، مولانا روم، اوحدی، عراقی، سعدی اور مغربی انھی اسباب کے نتائج ہیں[2]۔

اسی دور میں شیخ عطار ۵۱۳ ھ میں نیشاپور کے نواح میں کدگن نامی ایک گاؤں میں پیدا ہوئے[3]۔ بچپن کے تیرہ سال امام رضا کے مزار پر گزارے۔ اس کے بعد حصول علم کی خاطر رے، کوفہ، مصر، دمشق، مکہ، ہندوستان اور ترکستان کے طول طویل سفر اختیار کیے اور پھر اپنے آبائی گاؤں ہی میں سکونت پذیر ہو گئے[4]۔ ان کی تاریخ وفات کے سلسلے میں اختلاف آراء بہت اہمیت اختیار کر گیا ہے، یہاں تک کہ دو مختلف تاریخ ہائے وفات کی درمیانی مدت ۴۳ سال تک جا پہنچی ہے[5]۔ علامہ شبلی نے ان کی تاریخ وفات ۶۲۷ھ تحریر کی ہے۔ ای۔ جی۔ براؤن نے اس تاریخ کے بارے میں اختلاف کا اظہار تو کیا ہے، لیکن کسی دوسری تاریخ کے حق میں بھی اپنی رائے نہیں دی ہے۔

خواجہ صاحب بچپن ہی سے درد آشنا دل کے مالک تھے۔ ان کے والد قطب الدین حیدر کے مرید تھے جو مشہور مجذوب گزرے ہیں اور ۵۹۷ ھ تک بقید حیات تھے جب کہ خواجہ صاحب کی عمر ۸۴ برس کی تھی[6]۔ خواجہ صاحب نے بچپن ہی میں ان سے فیض حاصل کیا تھا۔ خواجہ صاحب کے ترک دنیا کے سلسلے میں ارباب تذکرہ متفقاً لکھتے ہیں کہ خواجہ صاحب ایک دن دکان میں بیٹھے ہوئے تھے کہ کسی طرف سے ایک فقیر آ نکلا اور ان کی دکان کے ساز و سامان اور آرائش کو دیر تک غور سے دیکھا کیا۔ خواجہ صاحب نے ناراض ہو کر کہا: کیوں بے فائدہ وقت ضائع کرتے ہو، اپنا راستہ لو۔ اس نے کہا کہ: تم اپنی فکر کرو، میرا جانا کیا مشکل ہے؛ میں یہ چلا۔ یہ کہہ کر وہیں لیٹ گیا۔ خواجہ صاحب نے اٹھ کر دیکھا تو تمام ہو چکا تھا۔ سخت متأثر ہوئے۔ کھڑے کھڑے دکان لٹوا دی اور سارا کاروبار چھوڑ کر فقیر ہو گئے[7]۔

۱- شعر العجم، جلد دوم
۲- ایضاً
۳- ایضاً
۴- ای۔ جی، براؤن، ص ۵۰۸
۵- ایضاً
۶- شعرالعجم، جلد دوم
۷- ایضاً

Marfat.com

علامہ شبلی اس واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں :

''لیکن افسوس ہے کہ ہمارے تذکرہ نویسوں نے خود خواجہ صاحب کی تصنیفات نہیں پڑھیں۔ ان کی کتابوں سے ثابت ہوتا ہے کہ تصوف اور فقر کے کوچہ میں آنے کے بعد بھی وہ اپنے قدیم پیشہ میں مشغول رہے اور اسی حالت میں اسرار اور عرفان کے حقائق پر کتابیں لکھتے رہے''[1]۔

چونکہ اسلام رہبانیت کو گوارا نہیں کرتا اور اسی وجہ سے حضرات صوفیا کو ان کے مجاہدات اور ریاضتیں مشاغل دنیوی سے مانع نہیں آتیں، اس لیے خواجہ صاحب نے فقر اور تصوف کے باوجود عطار خانہ اور مطب کا تعلق قائم رکھا ، اور متعدد کتابیں اسی حالت میں تصنیف کیں - مصیبت نامہ اور الہٰی نامہ جوان کی قابل قدر تصانیف ہیں اسی زمانہ کی تصنیف ہیں - چنانچہ خود لکھتے ہیں[2] :

مصیبت نامہ کاندوہ جہان است الٰہی نامہ کاسرار عیان است
بہ داروخانہ ہر دو کردم آغاز چہ گویم زو در ستم این و آن است[3]

یہ ممکن ہے کہ اخیر عمر میں جب جذبۂ محبت زیادہ بڑھا تو خودبخود اور چیزوں سے دل اچاٹ ہو گیا اور اسی حالت میں فقیر کا واقعہ گزرا اور اس نے آگ پر تیل کا کام کیا -

شیخ فریدالدین عطار کی تصنیفات کے سلسلے میں یوں تو بہت مبالغہ سے کام لیا گیا ہے اور ان کی شہرت سے فائدہ اٹھانے کی غرض سے مختلف فرقوں نے انھیں اپنی اپنی اخوت کارکن بنانے کی کوشش کی ہے ، لیکن ان کی تصنیفات جو ہر قسم کے شک و شبہ سے پاک ہیں وہ یہ ہیں :

(۱) اسرار نامہ (۲) الٰہی نامہ (۳) پند نامہ (۴) تذکرہ اولیأ (۵) خسرو نامہ
(٦) دیوان (۷) منطق الطیر (۸) مصیبت نامہ (۹) مختار نامہ[4]

اس وقت ہمارے پیش نظر شیخ فریدالدین عطار کی مثنوی منطق الطیر کا ایک قلمی نسخہ ہے جو حال ہی میں قومی عجائب گھر میں خرید کیا گیا ہے اور جس کا نمبر داخلہ N.M.1973.98 ہے - اس کا سائز $9.3'' \times 5.7''$ ہے اور اس کے اوراق کی تعداد 195 ہے -

منطق الطیر چار ہزار چھ سو اشعار پر مشتمل ایک تمثیلی مثنوی ہے جس میں مختلف قسم کے پرندوں کی ، سیمرغ کی تلاش اور جستجو کے پیرائے میں سلوک و معرفت

۱- شعرالعجم ، جلد دوم
۲- ایضاً
۳- ایضاً
٤- تصنیفات شیخ عطار از حافظ محمود شیرانی ، ہفت مقالہ مرتبہ پیر حسام الدین راشدی ، ص ۷۵

Marfat.com

کے دقیق مسائل بیان کیے گئے ہیں - دیگر کتب کی طرح اس کا آغاز بھی حمد ، نعت رسول مقبول اور خلفائے راشدہ کی تعریف و توصیف سے ہوتا ہے - اصل مضمون ۴۵ مقالہ جات اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے - مضمون کی ابتدا پرندوں کے اجتماع سے ہوتی ہے جو اپنی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے ہدہد کو سربراہ منتخب کرتے ہیں - جب سیمرغ کی تلاش کے لیے طویل سفر اختیار کرنے کا فیصلہ کر لیا جاتا ہے تو مختلف پرندے اپنا ایک ایک عذر پیش کرتے ہیں - لیکن ہدہد مختلف حکایتیں اور تمثیلوں کے ذریعے ان کے اعتراضات کو ختم کر دیتا ہے - پھر یہ عظیم سفر شروع ہوتا ہے اور تلاش ، عشق ، علم ، آزادی ، اتحاد ، تحیر اور فنا کی وادیوں سے گذر کر اور تمام امتحانوں میں کامیابی سے ہمکنار ہونے کے بعد آخرکار سیمرغ کو پالیتے ہیں اور اس کے پانے میں اپنے آپ کو پا جاتے ہیں ؛ اور یہی وحدت الوجود کے صوفیأ کا مسلک ہے -

مثنوی کا آغاز اس شعر سے ہوتا ہے :

آفرین جان آفرین پاک را آنکہ جان بخشید و ایمان خاک را

اور اختتام اس شعر پر :

گفت عطار از ہمہ مردان سخن گر تو ہم مردی بخیرش یا دکن

نسخہ زیر بحث کی کتابت عمدہ نستعلیق خط میں ہے - کاتب کا نام محمد خلوتی ہے اور تاریخ کتابت ۹۷۴ھ - اول دو صفحات انتہائی مزین ہیں - باقی تمام صفحات کے حاشیے پر سنہرے بیل بوٹے انتہائی مہارت سے بنائے گئے ہیں - متن دوہرے سنہرے حاشیے کے درمیان کتابت کیا گیا ہے - عنوانات کہیں کہیں سونے سے کتابت کیے گئے ہیں - دیگر مقامات پر سرخ روشنائی استعمال کی گئی ہے - نسخہ کا حاشیہ قدرے کرم خوردہ ہے ، لیکن متن بالکل محفوظ ہے -

یہ نسخہ سلطنت گجرات (کاٹھیاواڑ) کے آخری وزیر اعظم اعتماد خان گجراتی کے زیر ہدایت کتابت کیا گیا تھا - ترقیمہ کے الفاظ اس سلسلے میں یہ ہیں :

"... با تمام رسید و با ختتام انجامید کتاب منطق الطیر حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمتہ اللہ علیہ بامر نواب کامیاب ظفر اشاب ، ناصر الشریعتہ الغرا ، محب العلمأ و فضلأ ، صاحب الجود والسخا ، المختص بعنایت الملک المنان ، مسند عالی خان اعظم اعتماد خان خلد اللہ تعالٰی دولتہ و حشمتہ الٰی یوم الدین - کتبہ العبد الفقیر محمد خلوتی فی ۹۷۴ھ ..."

نسخہ کی کتابت کے صرف چھ سال بعد ۹۸۰ھ میں مغل بادشاہ اکبر اعظم نے گجرات کو فتح کر لیا - اس وقت گجرات علم و فضل کا بہت بڑا مرکز تھا - شاہی کتب خانے کے علاوہ بہت سے امرأ اور علمأ کے ذاتی کتب خانے تھے جن کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے - ان کتب خانوں میں بے شمار نادر مخطوطات تھے - تسخیر گجرات کے بعد یہ کتب خانے مغلوں کے ہاتھ لگے - بہت سے مخطوطات مختلف اصحاب علم میں تقسیم ہوئے جس کی شہادت عبدالقادر بدایونی اپنی کتاب منتخب التواریخ میں

Marfat.com

بھی دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مال غنیمت کی تقسیم کے موقع پر مجھے مشکواۃ شریف کا ایک عمدہ مطلا نسخہ بھی ملا -

بہر حال فتح گجرات کے بعد یہ نسخہ مغلوں کے شاہی کتب خانے میں داخل ہوا اور مختلف بادشاہوں کے زیر مطالعہ رہا - صفحہ اول اور صفحہ آخر پر مغل بادشاہوں کی مواہیر اور شاہی کتب خانے کے عہدیدارون کے اندراجات موجود ہیں -

صفحہ اول پر گیارہ مقامات پر اور صفحہ آخر پر تین مقامات پر ''عرض دیدہ شد'' (Seen—File) کے الفاظ مندرج ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نسخہ کا مغل بادشاہوں نے چودہ مرتبہ مطالعہ کیا ہے -

صفحہ اول پر بہت سی مواہیر ثبت ہیں جن میں سے سات مہروں کو پڑھا جا سکا ہے -

۱- قلیچ ، ۹۹۴ھ

صفحہ اول کی سب سے قدیم مہر ہے - قلیچ محمد خان اند جانی پانچ ہزاری منصبدار تھے[۱]، پہلے اکبر اور پھر جہانگیر کے دربار سے منسلک رہے[۲]- فتح گجرات کے موقع پر اکبری سپہ سالاروں میں سے ایک تھے[۳] - اور اس مہم میں انھوں سے بہت سے اہم امور انجام دیے - اس کا تخلص الفتی تھا[٤] -

۲- شریف ، ۱۰۰۳ھ

شریف محمد خان دربار اکبری سے وابستہ تھے اور خان اعظم شمس الدین محمد خان اتکہ کے بھائی تھے[۵] - اور سہ ہزاری منصبدار تھے[٦] -

۳- امانت خاں شاہجہانی ، ۱۰۴۲ھ

امانت خان میرک معین الدین احمد خان خوافی دو ہزاری منصبدار تھے او، اپنی امانت و دیانت ہی کی وجہ سے امانت خان کا خطاب پایا تھا -[۷]

۴- عبدالرشید دیلمی بندۂ شاہجہان ، ؟—۱۰۰ھ

ایران کے مشہور خطاط تھے جو اپنے وطن میں ناسازگاریٔ حالات کی بنا پر ہندوستان آ کر شاہجہان کے دربار سے منسلک ہوگئے تھے[۸] -

۵- عبدالملک ... ؟ ، ۱۰۴۸ھ

۱- منتخب التواریخ ، جلد ۳

۲- Beal's Oriental Dictionary

۳- مرأۃ احمدی ، نواب علی محمد خان ، قلمی نسخہ ، قومی عجائب گھر ، کراچی

٤- منتخب التواریخ ، عبدالقادر بدایونی ، جلد ۳

۵- طبقات اکبری ، نظام الدین ، جلد دوم ، ص ۴۳٦

٦- ماثرالامراء ، جلد دوم

۷- ماثرالامراء ، جلد اول

۸- خط و خطاطان ، عبدالمحمد خان ایرانی ، ص ۱۰۹

Marfat.com

دور شاہجہانی میں خان سامان اور فاضل خان کے خطابات سے سرفراز ہوئے ، عہد عالمگیری میں پنج ہزاری منصب اور وزارت سے نوازے گئے[1] -

۶- اعتماد خان بندۂ شاہجہان ، ۱۰۶۳ ھ

شاہجہان کے دور حکومت میں دوہزاری پانصد سواری منصبدار تھے[2] -

۷- سید علی الحسینی مرید بادشاہ عالگیر - ؟ تاریخ پڑھی نہیں جا سکی -

صفحہ آخر پر دو مواہیر ہیں جن میں سے ایک پڑھی جا سکی ہے : عبد (اللہ) خانہزاد بادشاہ عالمگیر—؟ تاریخ پڑھی نہیں جا سکی -

یوں تو خواجہ فریدالدین عطار نے بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں جن کا تذکرہ پہلے آ چکا ہے ، لیکن جو قبول عام منطق الطیر اور تذکرۃ الاولیأ کو حاصل ہوا وہ کسی اور کتاب کا حصہ نہ بن سکا - بالخصوص منطق الطیر کے جو عرف عام میں Parliament of Birds کے نام سے معروف ہے ، تو بہت کثرت سے دوسری زبانوں میں تراجم ہوئے - اسکا ایک دوسرا نام مقامات الطیور بھی ہے اور اس کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ خیالات امام غزالی کی کتاب رسالہ الطیر سے ماخوذ ہیں[3] - بہر حال گجرات کاٹھیاوار میں اس مخطوطے کی سرکاری سرپرستی میں کتابت جہاں ارباب بست و کشاد کی علم پروری پر دلالت کرتی ہے وہاں اس کتاب کی مقبولیت کا واضح ثبوت ہے -

یہ خطی نسخہ صوبہ گجرات کے فن زیبائش (Provincial School of Art) کا بہترین نمونہ ہے اور فارسی اور اہل فارس سے ان کے برادرانہ اور مخلصانہ جذبات کا بہترین مظہر ہے - نسخہ زیر بحث میں متن کے اطراف دو جدولوں کے درمیان مختلف رنگوں اور مختلف انداز سے جو حاشیہ آرائی کی گئی ہے وہ قابل ستائش ہے - جدول کے باہر سنہری گل کاری جنوبی ہندوستان کے مختلف پھولوں کا خوبصورت مرقع ہے - علاوہ ازیں اس نسخہ کی کتابت اتنی بلند پایہ اور پختہ ہے کہ اس کے کاتب محمد خلوتی کا ہندوستان کے بہترین خطاطوں میں شمار کیا جا سکتا ہے -

---

۱- عمل صالح ، محمد صالح کنبوہ ، جلد سوم
۲- ایضاً
۳- Encyclopedia of Islam, Vol. I

Marfat.com

قابلیتش کہ بود بر بالای او
در زمان افتاد و اندر پای او

چون ثنا و انی خویش اقرار کرد
شیخ خوش شد قابلیت را بستود

خالقا پروردگارا منعما
پادشاہا کارسپارا مکرما

چون جوانمردی خلق عالمی
ہست از دریای لطفت شبنمی

قایم مطلق تویی آمابدات
وز جوانمردی نیایی در صفات

شوخی و بی شرمی ما درگذار
شوخی ما پیش چشم ما میار

منت ایزد را و حمد بیشمار
ہم سپاس او را و شکر آشکار

جان ما در بوستان حمد تو
وانگہ و ممتنع از صفات حمد تو

دل کہ طوطی شکرخای ثناست
مست عشق و عندلیب خوش نواست

در مقام وصل حیران آمدہ
ہم سر انگشتش بدندان آمدہ

از تعدد نعمت اللہ گردہ یاد
وادلا تحصوا بسوزد در دواد

پس درود بی نہایت از خدا
باد بر جان رسول مجتبا

زانکہ باشد این درود دلنشین دایما
مرہم ریش و دوای درد ما

مثنوی منطق الطیر کا ایک ورق

Marfat.com

جان بکلی شیفتهٔ دلدار تست
ای رسول او شبنهٔ دیدار تست

از لب و لطفی بسوی او نگر
تا به پیند روی تو در تو نگر

همچنان دل در تحیر مست بود
گاه اندر حمد و گاهی در سجود

حق تعالی از مدد درها کشاد
واتفاق ختم این نسخه فتاد

روز سه شنبه بوقت استوا
بیستم روزی ز ماه خدا

در صفای وقت و در آسایشی
دم بدم وقت خوش از بخشایشی

یا نصد و هفتاد و بگذشته ز سال
هم ز تاریخ رسول ذوالجلال

گفت عطار از همه مردان سخن
کرد تو هم مردی بخیر خویش کن

تمام رسید و باختتام انجامید کتاب منطق الطیر حضرت شیخ فرید الدین عطار رحمه الله علیه بامر نواب کامیاب ظفر انتساب ناصر الشریعة الغراء محب العلماء و الفضلا صاحب الجود و السخا المخصص بغایات الملک المنان سپهر عالی خان اعظم اعتماد خان خلد الله تعالی دولته و حشمته الی یوم الدین کتبه العبد الفقیر محمد حلوائی سنه ۹۷۲

تتمهٔ مثنوی منطق الطیر

Marfat.com

مہر عبد (اللہ) خانہ زاد بادشاہ عالمگیر

Marfat.com

Marfat.com

شعرائے فارسی کا ایک نو دریافت تذکرہ:
گلشن مشتاق

جناب مشفق خواجہ ، کراچی

برصغیر پاک و ہند کی ادبی تاریخ میں تیرھویں صدی ہجری کا نصف اول اس اعتبار سے اہمیت رکھتا ہے کہ اس مدت میں فن تذکرہ نگاری میں بعض نئے رجحانات نظر آئے ہیں - بعض تذکرہ نگاروں نے جامعیت کو مطمح نظر بنایا اور اپنے تذکروں (مثلاً صحف ابراہیم از علی ابراہیم خلیل ، مخزن الغرائب از شیخ احمد علی سندیلوی) میں زیادہ سے زیادہ شعرا کے تراجم جمع کیے - بعض نے انتخاب کلام کی جامعیت کو ترجیح دی اور نظم کے ساتھ نثر کے نمونے بھی پیش کیے (جیسے خلاصۃ الافکار از ابو طالب خاں اصفہانی) - بعض نے شعرا کے کلام کی نوعیت کے اعتبار سے تذکرے مرتب کیے (مثلاً تذکرۂ نو بہار از محمد رفیع الدین آن شعرا کا تذکرہ ہے جن کا کلام عارفانہ ہے ، اور نشتر عشق از عاشقی عظیم آبادی میں صرف عاشقانہ کلام جمع کیا گیا ہے) - بعض تذکرہ نگاروں نے صرف معاصر شعرا کے حالات و کلام کی جمع آوری تک اپنے کام کو محدود رکھا (جیسے سفینۂ ہندی از بھگوان داس ہندی یا طبقات سخن ، طبقہ دوم از مبتلا میرٹھی) - اسی طرح بعض ایسے تذکرے بھی ملتے ہیں جن میں شہروں کے اعتبار سے شعرا کے حالات لکھے گئے ہیں (جیسے ریاض الوفاق از مست بنارسی اور گلدستہ کرناٹک از غلام علی موسٰی رضا رایق) -

تذکرہ نگاری کے ان رجحانات کی وجہ سے اگر ایک طرف شعرا سے ذاتی واقفیت کی بناء پر آن کے حالات جامعیت کے ساتھ سامنے آ گئے تو دوسری طرف کلام کے براہ راست مطالعے کے نتیجے میں خاصا ادبی سرمایہ محفوظ ہو گیا - یہ عجیب اتفاق ہے کہ برصغیر میں تذکرہ نگاری کے مذکورہ زریں عہد کے بیشتر تذکرے تا حال شائع نہیں ہوئے اور وہ دنیا کے مختلف کتب خانوں میں مخطوطات کی صورت میں محفوظ ہیں - بعض تذکرے ایسے بھی ہیں جن کے نام سے تو ہم واقف ہیں ، لیکن اب وہ ناپید ہیں - اور بعض یقیناً ایسے بھی ہوں گے جن کا ذکر آج تک کہیں نہیں آیا -

"گلشن مشتاق" ایک ایسا ہی تذکرہ ہے جسے پہلی مرتبہ متعارف کرایا جا رہا ہے -

Marfat.com

یہ تذکرہ حافظ علی مشتاق کی تالیف ہے اور خود مصنف کا مکتوبہ نسخہ ہمارے پیش نظر ہے - یہ اس تذکرے کا واحد نسخہ ہے جو دستبرد زمانہ سے محفوظ رہ گیا ہے[1] -

مشتاق نے اس تذکرے میں اپنا احوال نہایت مختصر لکھا ہے جو یہ ہے :
''محمد حافظ علی بن الحکیم محمد حسن رضا بن القاضی غلام مصطفٰی الصدیقی الحنفی الفلشوری ثم الہندی المليح آبادی'' -

خاندان مشتاق کے افراد کے پاس جو خاندانی یادداشتیں اور شجرۂ نسب ہے ، اُن کے مطابق یہ خاندان حضرت ابوبکر صدیق رض کی اولاد سے ہے - اس خاندان کے تین افراد : حاجی بدیع الدین آہن دوش ، حاجی عبدالفتاح اور حاجی احمد ، فرشور سے میری نگر (بعد ازاں بلگرام) آئے جہاں انھوں نے راجہ سیری سنگھ کو قتل کرکے اُس علاقے پر قبضہ کر لیا[2]- بلگرام میں انھوں نے اوپر کوٹ نامی بستی میں قیام کیا - یہاں سے حاجی بدیع الزماں آہن دوش موضع کوندری میں آئے اور کافروں کو تہہ تیغ کر کے اس علاقے پر قبضہ کر لیا اور اس کا نام ملیح آباد رکھا - مشتاق کا خاندان پانچویں صدی ہجری کے آغاز سے ملیح آباد میں آباد ہے -

خاندان مشتاق میں جو شاہی یا خاندانی دستاویزات موجود ہیں اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ منصب قضا اس خاندان میں موروثی ہے - مشتاق کے جد امجد قاضی محمد زمان تھے - ان کے بیٹے قاضی محمد عوض تھے اور اُن کے بیٹے قاضی غلام مصطفٰی تھے جو حاجی بدیع الزماں آہن دوش کی چھبیسویں پشت میں تھے - مشتاق انھیں کے پوتے تھے -

مشتاق کے والد کا نام حکیم حسن رضا تھا - اُن کی پیدائش ۲۳ جمادی الاول ۱۱۸۸ھ کی ہے اور وفات ۱۲۵۳ھ میں ہوئی (یاد داشت بقلم مشتاق) - مولوی محمد علی عرش ملیح آبادی نے ''واقعات ملیح آباد'' [3] میں قاضی حکیم حسن رضا کے بارے میں یہ اطلاعات فراہم کی ہیں :

۱- یہ تذکرہ اور مشتاق کی دوسری تصانیف کے قلمی نسخے اور دیگر دستاویزات ڈاکٹر قاضی فضل عظیم کے کتب خانے (کراچی) میں محفوظ ہیں - ڈاکٹر قاضی فضل عظیم ، قاضی احمد رضا کے پڑ پوتے ہیں جو حافظ علی مشتاق کے حقیقی بھائی تھے - ڈاکٹر صاحب کے بڑے بھائی قاضی محمد شمیم صاحب کی عنایت سے میں نے مذکورہ کتب خانے کے نوادر سے استفادہ کیا ہے - اس مقالے میں جہاں کہیں بھی خاندان مشتاق کی دستاویزات کا ذکر آیا ہے ، وہ اسی کتب خانے میں موجود ہیں -

۲- منشی محمد محمود احمد عثمانی بلگرامی کے بقول بلگرام کے متعدد خاندان فتح بلگرام کو اپنے اجداد کا کارنامہ بتاتے ہیں اور ''تحقیق سے ثابت ہوتا ہے کہ ۴۰۹ھ مطابق ۱۰۱۸ء عہد سلطان محمود غزنوی میں بلگرام کی فتح واقع ہوئی'' (تنقیح الکلام فی تاریخ خطۂ پاک بلگرام ، ص ۴۰)

۳- قلمی - بخط مصنف - مخزونہ نیشنل میوزیم آف پاکستان ، ذخیرہ انجمن ترقی اردو -

Marfat.com

"جب آپ کے والد کا انتقال ہوا تو عہدۂ قضاۃ آپ پر حسب فرمان . . .[1] بادشاہ دہلی منتقل ہوا - لیکن آپ نے گوشۂ عافیت میں رہنا پسند کیا اور عبادت الٰہی کو مقدم سمجھ کر اپنے بڑے بیٹے قاضی حافظ علی کو اس خدمت کے لیے منتخب کیا - چونکہ اس وقت قاضی حافظ علی صغیر سن تھے اس وجہ سے تھوڑے زمانے تک خود ہی اس خدمت جلیلہ کو انجام دیتے رہے . . . قاضی حسن رضا مرحوم علوم معقول و منقول میں کافی دستگاہ رکھتے تھے اور قابل عظمت و وقعت تھے - آپ کے مکاتیب و قراطیس بطور یادگار اس وقت تک خاندان میں محفوظ ہیں جن کے دیکھنے سے ایک بڑی عقل والا شخص بھی حیران ہو جاتا ہے . . . آپ حکیم بھی تھے لیکن اس فن سے کبھی آپ نے کام نہیں لیا[2] - خط نسخ و نستعلیق میں خوش نویس تھے - تین قرآن شریف آپ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے دیکھنے میں آئے، جن کے دیکھنے سے یہ امتیاز کرنا مشکل ہے کہ یہ خط ولایت نہیں ہے . . . آپ کی عمر کی ایک ایک ساعت انہیں کارآمد امور میں گزری . . . آپ کو تصوف سے زاید شوق تھا اور بڑے صوفی مشرب تھے . . . نہایت متقی اور پرہیزگار تھے"- (ص ۵۷—۵۹)

قاضی حافظ مشتاق ۱۲۲۰ھ میں پیدا ہوئے - انھوں نے اپنی تاریخ پیدائش کا قطعہ لکھا تھا ، جو آن کے خاندان میں محفوظ ہے - قطعہ یہ ہے:

تاریخ تولدم برآمد از مصرع شیخ کس بخوانم
اعداد وی اندراں فزودہ من سعدیٔ آخرالزمانم
۱۲۰۴=۱۲۲۰
+۱۶

پیدائش کے چند سال بعد مشتاق کی تعلیم شروع ہو گئی - متداولہ درسیہ کتب ختم کرنے کے بعد انھوں نے اپنے والد سے فقہ و حدیث کا درس لینا شروع کیا اور کچھ عرصے میں اس سے بھی فراغت پائی - قرآن شریف حفظ کیا - فن تجوید میں بھی مہارت حاصل کی - غرض علم و فضل میں ایسا کمال حاصل کیا کہ آنھیں آن کے والد کا ہم پلہ سمجھا جانے لگا - کم عمری ہی میں مشتاق کے والد نے عہدۂ قضا ان پر منتقل کر دیا تھا - لیکن جب تک مشتاق بالغ نہ ہوئے ، اس عہدے کے فرائض آن کے والد ہی انجام دیتے رہے - بالغ ہونے کے بعد مشتاق نے ان ذمہ داریوں کو خود منبھال لیا - مشتاق کو مولوی سید احمد شہید بریلویرح سے بیعت تھی (واقعات ملیح آباد ، ص ۵۹) - ۱۹ جمادی الاول ۱۲۷۶ھ ان کی تاریخ وفات ہے -

---

۱- یہ جگہ اصل مخطوطے میں خالی ہے - جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا ، قاضی احمد علی کی پیدائش (۱۲۲۰ھ) کے بعد حکیم حسن رضا عہدۂ قضا پر فائز ہوئے تھے - یہ تقرر اکبر شاہ ثانی (۱۲۲۱ھ تا ۱۲۵۳ھ) کے فرمان پر ہوا ہوگا -

۲- قاضی محمد شمیم صاحب کا بیان ہے کہ انھوں نے فن طب کو بطور پیشہ بھی اختیار کیا تھا اور نواب صاحب باندا کے پاس معالج خاص کی حیثیت سے ملازم تھے -

Marfat.com

مشتاق کو مذہب کے ساتھ ساتھ ادبیات سے بھی گہری دلچسپی تھی - اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے - حافظ اور مشتاق دو تخلص تھے - حافظ کم اور مشتاق زیادہ استعمال کرتے تھے - یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ شاعری میں کس کے شاگرد تھے -

مشتاق کی جو تصانیف موجود ہیں اُن کی تفصیل یہ ہے :

دیوان اردو :

مشتاق نے اپنا دیوان اردو ۱۲۵۴ھ میں مرتب کیا تھا - دیوان کا جو نسخہ محفوظ ہے ، وہ خود مشتاق کے قلم سے ہے - سائز ۹ے۷'' × ۶½'' ہے اور صفحات ۱۹۶ ہیں - اس کے آخر میں ص ۱۹۳ پر ترتیب دیوان کی تاریخیں ہیں جن میں سے ایک یہ ہے :

شکر خدا چوں نہ کنم زاں کہ دست
داد ز ترتیب غزل ہا ... فراغ
فکر چو کردم پی تاریخ آں
بلبل دل گفت : گل چار باغ

۱۲۵۴ھ

یہ نسخہ عمدہ حالت میں ہے - حمد اور نعت کے اشعار کے بعد غزلیات ہیں - آخر میں چند قطعات ، رباعیات اور فردیات ہیں - اس نسخے کی اہمیت یہ ہے کہ اس میں مصنف نے جا بجا ترمیم و اصلاح کی ہے - کوئی صفحہ ایسا نہیں جس پر مصنف نے دو ایک مصرعوں میں ترمیم نہ کی ہو - متعدد صفحات پر حواشی میں بھی اشعار اضافہ کیے گئے ہیں - مشتاق کی شاعری کا عام رنگ وہی ہے جو ناسخ اور اُن کے تلامذہ کی شاعری کا ہے - روایتی مضامین کو روایتی زبان ہی میں پیش کیا ہے - ذیل کے چند اشعار سے اُن کے رنگ کلام کا اندازہ کیا جا سکتا ہے :

ہے بادۂ الفت سے بھرا جام ہمارا
گر یار ہو ساقی تو بنے کام ہمارا
ہم گوشۂ عزلت میں جو بیٹھیں تو مقرر
مشہور ہو عنقا کی طرح نام ہمارا
کچھ قدر جوانی کی نہ کی ہم نے عزیزو
کیا مفت گیا ہائے وہ ہنگام ہمارا

دیوان فارسی :

فارسی دیوان اردو دیوان کے ساتھ ہی مجلد ہے اور یہ ۷۴ صفحات پر مشتمل ہے - اس میں بھی حمد و نعت کے بعد غزلیات ہیں - ہر غزل کا عنوان سرخ روشنائی سے ہے جو بحر کے نام اور وزن کی صراحت پر مشتمل ہے - اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مشتاق کو عروض سے بھی خاصی دلچسپی تھی - دیوان اردو کی طرح اس میں بھی جا بجا اصلاحیں ملتی ہیں - نمونۂ کلام یہ ہے :

Marfat.com

بخلوت خانۂ دل ، طرفہ راھے کردہ ام پیدا
دران اقلیم ویران بادشاھے کردہ ام پیدا

جلوہ بطرف بام دہ ، تازہ بتازہ نو بہ نو
خجلت مہہ بشام دہ ، تازہ بتازہ نو بہ نو
ہاں ، بکرشمہ دلبرا ! نرگس سرمہ سائے را
رخصت قتل عام دہ ، تازہ بتازہ نو بہ نو

روئے تو صفحہ صفحہ ، و ابرو گرہ گرہ
موئے تو حلقہ حلقہ ، و گیسو گرہ گرہ
از زلف پیچ پیچ تو ، سنبل بہ پیچ و تاب
وز طرۂ تو نافۂ آھو گرہ گرہ

شدم در عشق تو رسوا ، دگر از من چہ می خواھی
غریبم ، بیکسم ، تنہا ، دگر از من چہ می خواھی
ز ھجرت ، اے ستم گارہ ، من مسکین بیچارہ
دلے دارم بصد پارہ ، دگر از من چہ می خواھی
چو روز وصل یاد آرم ، بگیرد نامۂ زارم
من دل خستہ بیمارم ، دگر از من چہ می خواھی
شدم نا آشنائے تو ، کشم رنج از برائے تو
نہادم سر بپائے تو ، دگر از من چہ می خواھی

مشتاق ۱۲۵۴ھ کے بعد بائیس برس تک زندہ رہے - ظاہر ہے کہ اس طویل عرصے میں انھوں نے بہت کچھ کہا ہوگا - یہ کلام یک جا مرتب نہیں ہے - خاندان مشتاق میں جو کاغذات ہیں ، آن میں متعدد پرچیوں پر مشتاق کا اردو اور فارسی کلام بقلم مشتاق محفوظ ہے - یہ ۱۲۵۴ھ کے بعد کا کلام ہے جسے مشتاق کو مرتب کرنے کا موقع نہیں ملا -

چمنستان افکار :

یہ شعرائے فارسی کا انتخاب ہے جو $10\frac{1}{4}$" × ۷" سائز کے ۲۳۹ اوراق پر مشتمل ہے - اس کا ترقیمہ یہ ہے : تم الکتاب بعون اللہ الوھاب فی یوم السبت فی الحادی و العشرین من ذی الحجہ ۱۲۷۲ ھجری ، کاتب الحروف محمد حافظ علی عفا اللہ عنہ -

اس مخطوطے میں بھی حواشی پر جا بجا اضافے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مولف نے ۱۲۷۲ھ کے بعد اس پر نظر ثانی کی ہے - اس کتاب کی نثری تمہید سے معلوم ہوتا ہے کہ مشتاق نے اس کی تالیف کا کام ۱۲۷۱ھ میں شروع کیا تھا - اس تمہید کے بعض ضروری حصے یہاں درج کیے جاتے ہیں :

Marfat.com

''ناطقہ بشری را چہ یارائے تقریر کہ بادای حمد جناب احدی پردازد ، ولی خشک خامہ را چہ دست تحریر کہ نقش نعت احمدی طرازد ، پس من شکستہ پائی را درین ہر دو عرصہٴ دشوار گذار قدم نگذاشتن اولٰی تر ، بقول قابلی :

ز لاف حمد و نعت ، اولٰی است بہ خاک ادب خفتن
سجودی میتوان بردن ، درودی میتوان گفتن

. . . اما بعد میگوید کمترین خلائق آفاق محمد حافظ علی مشتاق . . . اکثر اوقات بخاطر فاتر این ہیچ میرز میگزشت کہ ہر قدر غزلیات تتبعی شعرای پارسی گوی ، چہ اہل زبان و چہ غرابیان ، در ہنگام شباب و زمان قوت انتخاب بر کاغذ پارہ ہا مرقوم نمودہ ام ، و برنگ لولوی منثور منتشر افتاد است ، در یک جا فراہم ساختہ کتابے ترتیب دہم ، تا شائقان را بہ مطالعہٴ آن سرور قلم افزاید و نظارگیان جہال شاہد سخن را جلوۂ رنگا رنگ نماید - لیکن نقش بندی این عزیمت از رہگذر قلت فرحت و کثرت عواید و موانع و ہجوم افکار تا چند سال بر صفحہ اوراق سادہ نمایان و آشکار نگشت - اکنون کہ در عالم پیرانہ سری آثار حالت برزخیہ بین الموت و الحیات پیش نظر دیدم ، ترسیدم ازان کہ مبادا حصول این آمنیت و یی بوجوہ مرقوم تا دم مفارقت روح از قالب عنصری صورت نہ بندد و حسرت این معنی در دل مشتاق بماند - ناچار در سن یک ہزار و دو صد و ہفتاد و یک ہجری بہر کیف کہ توانست شد این سفینہ را مرتب نمودہ بہ چمنستان افکار موسوم ساختم و طرح تاریخ ترتیب آن درین قطعہ انداختم :

ز دست و خامہٴ حافظ علی بعون خدای
رقم چو شد ز غزل ہا کتاب پاکیزہ
سروش گفت بہ مشتاق سال ترتیبش :
گل چمن کدۂ انتخاب پاکیزہ

۱۲۷۱ھ

چشمداشت از ناظران این مجموعہ غزلیات دل کش آنست کہ در حق مولف مسکین دست بدعای حسن خاتمہ دراز فرمایند . . .'' [ورق ۱ ب و ۲ الف]

اس مجموعے میں مشتاق نے اساتذہ جدید و قدیم ایران و ہند کی ہم طرح غزلوں کو ردیف وار مرتب کیا ہے ، اور زمین کی غزلیات کے آخر میں اپنی بھی ایک غزل درج کی ہے - جن شعرا کی غزلیات اس مجموعے میں ملتی ہیں ، اُن کے نام یہ ہیں : جامی ، فغانی ، فارغ ، فائض ، ہلالی ، خواجہ ہجری ، سیفی ، مجذوب تبریزی ، واقف ، شاہ حسین صوفی ، عرفی ، نظیری ، صایب ، فرخ ، امانی ، قزلباش خاں امید ، شائق ، شمس الدین فقیر ، غضنفر بلگرامی ، امیر خسرو ، سخنور بلگرامی ، شوکت بخارایٔ ، خواجہ حسین ثنایٔ ، میلی ہروی ، محتشم کاشی ، مشتاق اصفہانی ، مخلص کشمیری ، مخفی ، جلال اسیر ، مرزا بیدل ، طالب علی عیشی ، صانع بلگرامی ، اہلی ، محمود ، آہی ، افسری ، شاہی ، طوسی ، نرگسی ، ناصر علی ، مرزا فاخر مکین ، حسن

Marfat.com

دہلوی ، سلمان ساؤجی ، قدسی ، کلیم ، سلیم ، وحشی ، عنایت ، زائر ، غالب ، مجذوب ، امیر ، خواجہ میر درد ، حافظ ، حزیں ، متین ، مرزا قتیل ، توفیق کشمیری ، آصفی ، عادی ، فانی ، طاہری ، ظہوری ، مظفر ، حیدری تبریزی ، محمد باقر آگاہ ، جلال ، طالب آملی ، عنایت ، شیخ غلام مینا ساحر ، نظام خاں معجز ، ثنائی ، لسانی ، نوا ، سید ابو معیدوالہ ، شیخ سعدی ، حکیم شفائی ، مرزا ناطق ، مرزا مظہر ، قاسم ، نعمت خان عالی ، محمد مستقیم لائق ، آزاد ، فیضی ، کشفی ، احمد ، خاقانی ، موجد سوہانی ، مرزا زربں لکھنوی ، ندائ ، سالک ، عالم ، محوی ، مرزا احمد خرم ، محمد صادق مدہوش ، محمد باقر شہید ، خوش دل ، شرف الدین بو علی قلندر ، ملا معین ، وحید ، نواب محبت خاں محبت — ان میں بعض شعرا کی متعدد غزلیں اس انتخاب میں ہیں - یہ انتخاب حقیقتاً نہایت محنت سے کیا گیا ہے اور مشتاق نے جملہ شعرا کے دواوین سے براہ راست غزلیں انتخاب کی ہیں - خاندان مشتاق میں مشتاق کے ذاتی کتب خانے کی جو فہرست ہے ، اس میں مذکورہ بالا شعرا میں سے بیشتر کے دواوین کے نام موجود ہیں - یہ انتخاب اس اعتبار سے بھی اہمیت رکھتا ہے کہ اس میں بعض ایسے شعرا کا کلام محفوظ ہو گیا ہے جو اب عام طور پر دستیاب نہیں ہوتا - اس انتخاب کی نوعیت کا اندازہ ایک مثال سے کیا جا سکتا ہے - ''شانہ را'' ''پروانہ را'' کی زمین میں ۲۶ شعرا کی غزلیں درج کی گئی ہیں - ان غزلوں کے مطلع یہاں درج کیے جاتے ہیں ، تاکہ مشتاق کی محنت کا اندازہ کیا جا سکے :

امیر خسرو : باز دل گم گشت در کویش من دیوانہ را
از کجا کردم نگاہ آن شکل قلاشانہ را

حسن دہلوی : باز مست عشق خود کردی من دیوانہ را
ز آتش غم سوختم ہم رخت را ہم خانہ را

جامی : رخنہ کردی دل بقصد جان من دیوانہ را
دزد آرے بہر کالا می شگافد خانہ را

سلمان ساؤجی : محتسب گوید کہ : بشکن ساغر و پیمانہ را
غالباً دیوانہ میداند من دیوانہ را

قدسی : کو سر انجامی کہ شب روشن کند کاشانہ را
آورم شمع بدست ، آرم دل پروانہ را

کلیم : دوش گم کردم ز بے ہوشی رہ کاشانہ را
یافتم باز از نوائے چغد آن ویرانہ را

عرفی : گریہ بر جوشانم و شویم دل دیوانہ را
تاکنم آرایش از بہر صنم بت خانہ را

نظیری : از پی آشوب ما در زلف دارد شانہ را
شورش زنجیر در شور آورد دیوانہ را

میلی : چشم مست ناز رہزن شد من دیوانہ را
کز نگاہ آشنا زد راہ صد بیگانہ را

Marfat.com

سلیم : احتراز عشق کے باشد دل دیوانہ را
شعلہ از مستی بود مہتاب این ویرانہ را

شوکت : صبح پیری بر دمید ، از کف بنہ پیمانہ را
مرہم کافور شد موئے تو زخم شانہ را

وحشی : خانہ پر بود از متاع صبر این دیوانہ را
سوخت عقل خانہ سوز اول متاع خانہ را

صایب : از سر و ساماں چہ می پرسی من دیوانہ را
جوش می برداشت از جا سقف این میخانہ را

عنایت : از صفا بر کس نمی بندم در کاشانہ را
کردہ ام تعمیر چون آئینہ مہمان خانہ را

زابر : دادہ ام دست از ادب تا پیر صہبا خانہ را
کردۂ طوق گلوئے خود خط پیمانہ را

هلالی : گہ نمک ریزد بہ خم ، گہ بشکند پیمانہ را
محتسب تا چند در شور آورد میخانہ را

غالب : بسکہ دارد عشق درمانم من دیوانہ را
قطرہ ہائے اشک میدانم بہ خرمن دانہ را

هجری : باز کن از خواب ناز ، آن نرگس مستانہ را
تا ازین دیوانہ تر سازی من دیوانہ را

مجذوب : ساقیا تا می توانی پر بدہ پیمانہ را
تا ازین دیوانہ تر سازی من دیوانہ را

امید : دل ز غم خالی شود چون پر کنم پیمانہ را
کے دہم از دست ساقی عشرت میخانہ را

بیدل : ساختم قانع دل از عافیت بیگانہ را
برگ بیدی فرش کردم خانۂ دیوانہ را

واقف : سر کنی چون در گلستان غارت ترکانہ را
چشم مخمور تو از نرگس کشد پیمانہ را

خواجہ میر درد : می کند ہر کس نصیحت با من دیوانہ را
این نمی آید کہ فہمانند آن جانانہ را

مکین : عشق یغما میکند صبر دل دیوانہ را
رہزن غارت نماید رہبر ویرانہ را

عیشی : عارضش خورشید سازد روزن کاشانہ را
کاکلش خواب پریشان می نماید شانہ را

مشتاق : آن پری پیکر کہ برد از کف دل دیوانہ را
کردہ مجنوں عشق او چون من بسے فرزانہ را

Marfat.com

مذہبی تصانیف :

محمد علی ملیح آبادی کا بیان ہے کہ مشتاق نے تصوف ، فقہ اور حدیث کے مسائل پر بھی چند رسالے لکھے تھے (واقعات ملیح آباد ، ص ۵۹) - ان میں سے اب ایک رسالہ محفوظ ہے جس کا نام ''تبصرۃ المسلمین'' ہے - یہ فارسی میں ہے اور اس میں نماز روزے کے مسائل بیان کیے گئے ہیں - اس رسالے کا جو مخطوطہ محفوظ ہے، وہ مصنف کا اصل مسودہ ہے - یہ ناقص الآخر ہے اور ۳۷ اوراق پر مشتمل ہے - اس میں بھی جا بجا ترمیمیں اور اضافے کیے گئے ہیں -

گلشن مشتاق :

یہی وہ تذکرۂ شعرائے فارسی ہے جو اس مقالے کا موضوع ہے - اس کے مخطوطے کا سائز $9\frac{1}{4}$" × $6\frac{1}{4}$" ہے - اوراق ۹۹ ہیں - ورق ۱ (الف و ب) اور ورق ۲ الف سادہ ہیں - متن ورق ۲ ب سے شروع ہوتا ہے اور ۹۹ الف پر ختم ہوتا ہے - ۹۹ ب سادہ ہے - آغاز کی عبارت یہ ہے :

''الحمد للہ علی نوالہ و الصلوۃ علی من بلغ العلی بکمالہ و علی آلہ و من سلک علی طریقہ و خصالہ - اما بعد می گوید بندہ ہیچمداں، غرقہ دریای عصیاں، مسکین خاکسار ، امیدوار مغفرت آموزگار ، درد مند ولی محمد حافظ علی المتخلص بمشتاق صانہ اللہ عن حوادث الا فاق کہ اکثر اوقات بخاطر فاتر فقیر می گزشت کہ کتابی مشتمل بر ذکر احوال شعرای متقدمین و متاخرین تالیف باید کرد لیکن عدیم الفرصتی خار راہ گام فرسایی در وادیٔ ایں تمنا بود - دریں ولا کہ باتفاق حسنہ تذکرۂ نشتر عشق مؤلفہ حسین قلی خاں عظیم آبادی از نظر احقر گذشت ، بمشاہدۂ طرز شگفتہ اش بس مسرور و شگفتہ خاطر شدم - الحق کہ نشتر عشق است کہ دم مطالعہ نشتر درد در رگ جان دیوانہ مزاجاں می زند - چوں آں را بملاحظہ بعضی از دوستان صمیمی در آوردم ایشاں تکلیف براقم آثم دادند کہ اگر تو نیز بہمین طرز تذکرۂ جدید فراہم نمای از تو یادگاری و بر ما منتی باشد و یقین کہ بحکم : لکل جدید لذۃ قاری و سامع را لذتی بخشد - بندہ حسب فرمایش ایشاں کمر ہمت چست بمیان بر زدہ ، در عرصہ قلیل در آغاز سنہ یک ہزار و دو صد و پنجاہ و یک ہجری کتابی مختصر بطریق انتخاب از تذکرہ مذکور محتوی برخی از احوال اساتذۂ سلف و خلف اہل فارس و شعرای ہند ، مشحون بمقالات مطبوعہ آنہا کہ عاشقانہ وصاف بود بقید تحریر در آوردہ بہ گلشن مشتاق موسوم کردم و بجای باب بمناسبت نام گلدستہ قرار دادم - طرفہ ایں کہ سال تاریخ ترتیب ایں روضۂ دلکشا نیز از ہمیں اسم فقط بزیادت یای نسبتی بر می آید ، چناں کہ ایں رباعی براں ناطق است :

اے آں کہ بنظم شہرہ آفاقی — در گفتن تاریخ بعالم طاق
تاریخ فراہمیٔ ایں تذکرہ ام — مشتاق بگفت : گلشن مشتاق[1]

۱- گلشن مشتاق : ۱۲۵۱ھ

Marfat.com

باید دانست کہ ہر چند راقم را از شنیدن نام و کلام ہنود نفرت تمام است لیکن چون مقالات بعضی از شعرای این فرقہ بامزہ دیدم و مطبوع طبع موزونم افتاد قطع نظر از کافر کیشی آنان کردہ ، ذکر نام و ایراد کلام آنہا دریں نسخہ چنداں قبحی ندانستم - چشم رافت از تماشائیان ابں گلزار ہمیشہ بہار آنکہ اگر جای سہوی و خطای دریا بند ، با صلاح کوشند و اگر مطالعہ ایں دفتر مہر تفریح طبع و حظی دست دہد ، دست بدعا بر آوردند تا باشد کہ بیمن ہمت عالی ہمتی عاقبت ایں بیچارہ بخیر گردد''
[ورق ۲ ب و ۳ الف]

خاتمہ یہ ہے :

''للہ الحمد و المنتہ کہ ایں تذکرہ بدستیاری خامۂ خام ایں مستہام باتمام رسید و سمت اختتام پذیرفت - الٰہی ایں گلشن ہمیشہ بہار را از صدمہ برگ ریز تلف و ضیاع نگاہ دار و از تند باد نظر نکتہ چینان بد نگاہ در حفظ و پناہ -

مکاتبہ :

یا رب ایں گلشن ہمیشہ بہار
کہ بود روکش ارم گلزار
تو نگہدارش از گزند خزاں
چشم بد نیز دور باد ازاں

اگرچہ اسامی شعرای متفق التخلص و بقدر وسع متجانس التخلص را در یک جا بضبط تسطیر در آوردہ لیکن بلحاظ مشقت فراواں پاس زمانہ رعایت تقدیم و تاخیر آں ملحوظ و منظور نماندہ - احیاناً اگر کلام کسی بنام دیگری بر آید یا در اسامی شعرا و احوال ایشاں جای غلطی وارد شدہ باشد ، مولف مسکین را مورد طعن نسازند زیرا کہ ایں سہو منسوب بکسانی است کہ در سفاین خودہا رقم نمودہ اند - انی کتبت ما فی الکتاب واللہ اعلم بالصواب و الیہ المرجع و المآب - کاتبہ مؤلفہ المدعوبہ محمد حافظ علی عفا اللہ عنہ''
[ورق ۹۸ ب و ۹۹ الف]

خاتمے سے واضح ہے کہ مخطوطے کی کتابت خود مؤلف کے قلم سے ہے - خط نستعلیق اوسط درجے کا ہے - کہیں کوئی لفظ چھوٹ گیا ہے تو حاشیے پر اضافہ کر دیا ہے - غلط لکھا ہے تو اسے قلم زد کرکے اسی جگہ صحیح لفظ لکھا ہے - لیکن ترمیم و تصحیح کا عمل نہ ہونے کے برابر ہے - البتہ مصنف نے اپنے کلام کے انتخاب میں خاصہ اضافہ کیا ہے - ورق ۸۸ الف و ب پر چالیس اشعار اضافہ کیے ہیں - بعض اشعار قلم زد بھی کیے ہیں اور کہیں کہیں اصلاح بھی دی ہے - شعرا کے تراجم الفبائی ترتیب سے ہیں اور تذکرے کے نام کی مناسبت سے ، جیسا کہ مذکورہ بالا تمہید سے واضح ہے ، ہر باب کو گلدستہ لکھا ہے : گلدستہ الف ، گلدستہ با وغیرہ -

تذکرے کی تمہید سے واضح ہے کہ یہ تذکرہ ۱۲۵۱ھ کے شروع میں لکھا گیا تھا - لیکن یہ سال اختتام ہے - مشتاق نے اس کام کا آغاز اس سے پہلے کیا تھا - تاریخ آغاز کے تعین میں شیخ غلام حسین ساحر کاکوروی کے ترجمے سے مدد ملتی ہے - اس میں مشتاق نے لکھا ہے :

Marfat.com

''باستماع صیت اوصاف و کمالاتش از مدتی مشتاق لقای او بودم و بارها بخاطر می گذشت که با وی ملاقات باید کرد لیکن افسوس که چون مشیت ایزدی نبود دولت این آرزو نصیب این حسرت نصیب نشد یعنی در اثنای تالیف این مجموعه ناگهان بگوشم خورد که بتاریخ '. . . شهر . . . سنه یک هزار و دو صد و پنجاه هجری مینای حیاتش بسنگ ممات شکفته گردید'' [ورق ۴۲ ب و ۴۳ الف]

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۵۰ھ میں تذکرے کی تالیف کا کام جاری تھا۔ مشتاق نے تذکرے کی تمہید میں یہ بھی بتایا ہے کہ اس کی تکمیل ''عرصۂ قلیل'' میں ہوئی۔ اس سے یہ نتیجہ نکالنا غلط نہ ہوگا کہ تذکرے کا آغاز ۱۲۵۰ھ کے شروع یا ۱۲۴۹ھ کے آخر میں ہوا ہوگا۔

بقول مؤلف یہ ''اساتذہ سلف و خلف اہل فارس و شعرای ہند'' کا تذکرہ ہے۔ شعرا کے تراجم کی مجموعی تعداد ۸۹۳ ہے۔ ان میں سے بیشتر شعرا وہ ہیں جو کبھی برصغیر پاک و ہند میں نہیں آئے۔ ہندی نژاد اور باہر سے آنے والے شعرا جن کا ذکر اس تذکرے میں ہے، تذکرے کے شعرا کی مجموعی تعداد کے ایک تہائی سے کچھ زیادہ ہیں۔ ''نشتر عشق'' جو ''گلشن مشتاق'' کا بنیادی ماخذ ہے، اس میں شعرا کی تعداد (۱۴۸۰)[۲] ہے۔ گویا گلشن مشتاق میں نشتر عشق سے ۵۸۳ تراجم کم ہیں۔ اس کی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ مشتاق نے انتخاب اشعار کو معیار بنایا ہے نہ کہ تعداد شعرا کو۔ عاشقی نے اپنے تذکرے میں ''عاشقانہ اشعار'' جمع کرنے کا خاص اہتمام کیا ہے[۳] اور اسی وجہ سے اس کا نام ''نشتر عشق'' رکھا تھا۔ مشتاق نے بھی عاشقی کی تقلید کی اور ''اشعار عاشقانہ وصاف'' کو معیار بنا کر یہ تذکر مرتب کیا۔ مشتاق نے اپنے تذکرے کو ''کتابی مختصر'' بھی لکھا ہے۔ یہ اختصار شعرا کی تعداد میں کمی ہی کی وجہ سے ہے۔

مشتاق نے اپنے معیار انتخاب کی سختی سے پابندی کی ہے اور کسی شاعر کا کوئی ایسا شعر درج نہیں کیا جس میں عشق و عاشقی کی کیفیات بیان نہ کی گئی ہوں۔ صرف ایک جگہ سرمد کے کلام کا انتخاب پیش کرتے ہوئے اس اصول سے انحراف کیا گیا ہے۔ مشتاق کو سرمد کے کلام میں کوئی ایسا شعر نظر نہ آیا جو تذکرے کے ''موافق'' ہوتا۔ لہذا مجبوراً دو ایسے شعر درج کرنے پڑے جو مضمون کے اعتبار سے تذکرے میں مشمولہ اشعار سے مختلف تھے۔ سرمد جیسے شاعر کو تذکرے میں شامل کرنا جونکہ ضروری تھا، اس لیے مشتاق کو اپنے قائم کردہ اصول کو توڑنا پڑا۔ مشتاق نے اپنی اس مجبوری کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے: ''چوں موافق انتخاب تذکرہ رباعیات بدست نیامد، ازیں جہت ایں دو بیت اکتفا رفت''۔

۱۔ اصل میں تاریخ اور مہینے کے نام کے لیے جگہ سادہ رکھی گئی ہے۔ ساحر کا انتقال مذکورہ سنہ کی ۲۳ ویں ذیقعد کو ہوا تھا (مشاہیر کاکوری۔ ص ۳۱۴)

۲۔ تذکرہ نویسی فارسی در ہند و پاکستان، ص ۵۲۰

۳۔ ایضاً، ص ۵۱۸

Marfat.com

مشتاق نے متعدد ایسے معروف شعرا کو اپنے تذکرے میں جگہ نہیں دی ، جو گلشن مشتاق سے پہلے کے بیشتر تذکروں میں نظر آتے ہیں - اس کی وجہ بظاہر یہی معلوم ہوتی ہے کہ مشتاق کو اگر کسی شاعر کا کوئی ایسا شعر نہیں ملا جو اس کے قائم کردہ معیار کے مطابق ہو تو اس شاعر کو نظر انداز کر دیا ہے - اس کے بر عکس اگر کسی غیر معروف یا ''معمولی'' شاعر کا کوئی اچھا شعر مل گیا ہے تو اس شاعر کو تذکرے میں جگہ دی ہے - احمد عبرت (شاگرد بیدل) قوالوں کے طبقے سے تعلق رکھتے تھے - ان کی یہ معاشرتی حیثیت بھی مشتاق کے نزدیک ایسی تھی کہ تذکرے میں ان کا احوال شامل کرنا نامناسب تھا - کہتے ہیں : ''اگرچہ ذکرش در جنب اکابر شعرا خیلی نا زیبا لیکن بقول شیخ سعدی علیہ الرحمتہ :

سگ اصحاب کہف روزے چند
پی نیکاں گرفت و مردم شد

ایراد نام و کلام او دریں مجموعہ مستحسن نداشتم'' [ورق ۶۴ الف]

مشتاق نے تمہید میں لکھا ہے کہ اس نے ''نشتر عشق'' سے اپنا تذکرہ تیار کیا ہے - اس بنا پر نشتر عشق کو گلشن مشتاق کا بنیادی ماخذ سمجھنا چاہیے - لیکن یہ کہنا درست نہ ہوگا کہ تذکرے کی تالیف کے دوران مشتاق کے پیش نظر صرف ''نشتر عشق'' ہی رہا ہے - گلشن مشتاق کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ مشتاق نے صرف نشتر پر انحصار نہیں کیا بلکہ متعدد دوسرے تذکروں سے بھی استفادہ کیا ہے - ان میں سے یقیناً بالواسطہ استفادہ کیا گیا ہے ، اور یہ واسطہ ''نشتر'' ہی ہے ، لیکن بیشتر تذکروں سے مشتاق نے براہ راست استفادہ کیا ہے - اس سلسلے کی تفصیلات پیش کرنے سے پہلے مناسب ہوگا کہ ہم یہ دیکھیں کہ ''نشتر'' سے جو استفادہ کیا گیا ہے ، اس کی نوعیت کیا ہے ؟

''نشتر'' ہمارے پیش نظر نہیں ہے - جب تک دونوں تذکروں کا باہمی موازنہ نہ کیا جائے ، یہ نہیں کہا جا سکتا کہ مشتاق نے کس حد تک ''نشتر'' سے استفادہ کیا ہے - البتہ جن شعرا کے تراجم میں ''نشتر'' کا حوالہ موجود ہے ، ان پر ایک نظر ڈالنے سے استفادے کی نوعیت کا تھوڑا بہت اندازہ کیا جا سکتا ہے -

۱- زیب النساء مخفی (۳۷ الف) کے دیوان و تخلص کی بحث میں نشتر کا ایک اقتباس ملتا ہے - مخفی ہی کے ترجمے میں مخزن الغرایب کا بھی اقتباس ہے - اس سے واضح ہوتا ہے کہ ترجمۂ مخفی میں نشتر سے جزوی استفادہ کیا گیا ہے -

۲- ترجمۂ مولانا روم (۸۷ ب) میں نشتر کا ایک اقتباس ہے اور اس کے ساتھ ہی مخزن الغرایب ، ریاض الشعرا اور سرو آزاد کے حوالے بھی ہیں - یہاں بھی نشتر سے استفادہ جزوی طور پر کیا گیا ہے -

۳- نظامی گنجوی (۹۰ ب) کے ترجمے میں صرف سال وفات کے سلسلے میں نشتر کا حوالہ ملتا ہے - اس ترجمے میں جامی اور صاحب ''صبح صادق'' کے بیانات بھی دیے گئے ہیں - یہاں بھی استفادے کی نوعیت جزوی ہے -

Marfat.com

۴- وجیہ الدین عشقی (۶۰ ب) کا نام اور ولدیت لکھنے کے بعد لکھا ہے :
''صاحب نشتر عشق می نویسد کہ در بدو حال ایشاں را باستادی خود گزیدم و تا شش ماہ چند کتب فارسی تحصیل نمودم و استفادہ صحبت برداشتم''- یہاں بھی نشتر سے استفادہ جزوی ہے -

امی طرح اندر من ، سعدی ، فردوسی ، ہرگوپال رامی (تفتہ) ، مست دہلوی ، اور محمد حسن وارستہ کے تراجم میں نشتر عشق کا حوالہ آیا ہے اور ان حوالوں سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ مشتاق نے اس تذکرے سے جزوی استفادہ کیا ہے - ان وجوہ کی بناء پر یہ کہنا نا مناسب نہ ہوگا کہ نشتر یقیناً گلشن کا اہم ماخذ ہے ، لیکن یہ بہ تمام و کمال اس کا چربہ یا خلاصہ نہیں ہے - مولف نے نشتر کی طرح اور تذکروں سے بھی استفادہ کیا ہے -

نشتر کے علاوہ مشتاق نے جن اور تذکروں سے استفادہ کیا ہے اور حوالہ دیا ہے ، ان کی تفصیل یہ ہے :

۱- تذکرۃ الشعراء از دولت شاہ (۸۹۲ھ)
انوری (۳ ب) ، رشید وطواط (۳۲ ب) ، سعدی (۳۸ الف) ، فرخی (۶۶ الف) اور لطف اللہ نیشا پوری (۷۷ ب) کے تراجم میں تذکرہ دولت شاہ کا حوالہ ملتا ہے - ان تراجم میں اس تذکرے سے جزوی استفادہ کیا گیا ہے -

۲- مجالس النفائس از علی شیر نوائی (۸۹۶ھ)
نرگسی ابیری (۹۲ ب) کے مذہب کے سلسلے میں اس تذکرے کا حوالہ ملتا ہے -

۳- تحفہ سامی از ابو النصر سام مرزا (۹۵۷ھ)
اس تذکرے کا حوالہ رازی شیرازی (۳۳ ب) اور عنایت اللہ عنایت دیلمی (۶۳ ب) کے تراجم میں ملتا ہے - دونوں جگہ انتخاب کلام اسی تذکرے کے حوالے سے دیا گیا ہے -

۴- ہفت اقلیم از امین ابن احمد رازی (۹۹۶-۱۰۰۲ھ)
نسیم استر آبادی (۹۱ ب) کا ترجمہ اس کے حوالے سے لکھا ہے -

۵- کعبۂ عرفاں از تقی اوحدی (۱۰۳۶ھ)
مخفی رشتی (۹۷ ب) کا ترجمہ اس کے حوالے سے لکھا ہے -

۶- مرأت الخیال از شیر خاں لودی (۱۱۰۲ھ)
انوری (۳ ب) کے سال وفات کے سلسلے میں حوالہ دیا ہے -

۷- ریاض الشعرا از علی قلی خاں والہ داغستانی (۱۱۶۱ھ)
رازی شیرازی (۳۳ ب) اور مولانا جامی (۷۸ ب) کے تراجم میں اس تذکرے سے جزوی استفادہ کیا گیا ہے - خود والہ کے ترجمے میں مشتاق نے ریاض الشعرا کا ذکر والہ کی تصنیف کے طور پر کیا ہے ، لیکن یہاں اس تذکرے سے استفادے کا قرینہ موجود نہیں ہے -

۸- مجمع النفائس از خان آرزو (۱۱۶۳-۴ھ)
ایزد بخش رسا (۳۴ ب) کے مذہب کے سلسلے میں حوالہ دیا ہے -

Marfat.com

۹- تذکرۃ المعاصرین از شیخ محمد علی حزیں (۱۱۶۵ھ)
شوکت بخارای (۴۸ ب) کے سال وفات کے سلسلے میں اس تذکرے کا حوالہ ملتا ہے ، نیز ابراہیم ضابط (۵۳ الف) کا ترجمہ اسی حوالے سے لکھا ہے -

۱۰- سرو آزاد از میر غلام علی آزاد بلگرامی (۱۱۶۶ھ)
گلشن میں تین شعرا کے تراجم میں اس تذکرے کا حوالہ موجود ہے: انوری (۳ ب) ، مولانا روم (۸۷ ب) اور فرخی (۶۶ الف) - پہلے دو حوالے شعرا کے سالہائے وفات کے سلسلے میں ہیں ، تیسرا حوالہ فرخی کے وطن کے بارے میں ہے -

۱۱- مخزن الغرایب از شیخ احمد علی خاں ہاشمی سندیلوی (۱۲۱۸ھ)
نشتر عشق کے بعد مشتاق نے جس تذکرے سے سب سے زیادہ استفادہ کیا ہے ، وہ مخزن الغرایب ہے - میر محمد اشرف حسرت سندیلوی (۲۴ الف) ، خطیب (۲۸ الف) ، امیر علی شیر نوائی (۳۱ ب) ، میرزا صادق شیرازی (۵۰ الف) ، حکیم محمد کاظم صاحب (۵۲ الف) ، امام فخرالدین رازی فخری (۶۵ ب) اور یوسفی (۹۸ ب) کے تراجم میں بہ تمام و کمال مخزن الغرایب سے استفادہ کیا گیا ہے - واضح رہے کہ ان تراجم میں خود مشتاق نے مخزن کا حوالہ دیا ہے - ان کے علاوہ بعض شعرا کے سلسلے میں مخزن سے جزوی استفادہ کیا ہے - رودکی (۲۳ الف) ، زیب النساء مخفی (۳۷ الف) ، مولانا روم (۸۷ الف) اور محمد حسین وارستہ (۹۶ الف) کے تراجم میں کہیں کسی کے سال وفات کے سلسلے میں مخزن کی سند پیش کی گئی ہے اور کہیں تعداد کے اشعار کے سلسلے میں[1]۔

مشتاق نے مذکورہ بالا تذکروں کے علاوہ بعض دوسری کتابوں کو بھی بطور ماخذ کے استعمال کیا ہے اور ان کا حوالہ دیا ہے - جن کتابوں کے حوالے ملتے ہیں ان کے نام یہ ہیں: بہارستان جامی (تراجم حافظ ، نظامی گنجوی ، خاقانی ، امیر خسرو) ، مرأت جہاں نما مصنفہ محمد بقا (ترجمۂ انوری) ، مرأت الصفا مصنفہ میر محمد علی (ترجمۂ شوکت بخارای) ، مجمع الصنایع مصنفہ نظام الدین احمد (ترجمۂ ملا حسین آشوب) ، اخبارالاخیار از شیخ عبد الحق محدث دہلوی (ترجمۂ امیر خسرو) ، صبح صادق از مرزا محمد صادق صادقی (ترجمۂ نظامی گنجوی) ، منتخب التواریخ از ملا عبد القادر بدایونی (تراجم سعدی و قادری)[2] ، فرہنگ رشیدی و فرہنگ جہانگیری (ترجمۂ حسن دہلوی) ، نفحات الانس (ترجمۂ حضرت نجم الدین گرجی نجم)

۱- ان تذکروں کے علاوہ دو اور تذکروں کا ذکر بھی گلشن مشتاق میں ملتا ہے - تذکرہ حسینی از حسین دوست سنبھلی (۲۸ ب) اور مردم دیدہ از حاکم لاہوری (۲۳ ب) - لیکن یہ ذکر حسین دوست سنبھلی اور حاکم کی تالیفات کے ضمن میں آیا ہے - یہ ثابت نہیں کہ یہ تذکرے مشتاق کی نظر سے گزرے ہوں گے -

۲- ترجمۂ سعدی میں بحوالہ نشتر عشق اور ترجمۂ قادری (تخلص ملا عبد القادر) میں بطور تصنیف قادری ذکر آیا ہے - براہ راست استفادے کا کوئی قرینہ نہیں ہے -

Marfat.com

With the permission of the king he moved on to Damuscus which was then under the suzerainty of the Mameluke kings of Egypt. When he reached the metropolis, he was accorded full honours. From here he sent a book of his, most probably, his *Lama'āt*, to his son Kabīruddīn who had stayed back at Multan or who was kept back, after his father's unwilling departure from Multan, the scene of 25 years of his life :

Marfat.com

فرزند عزیز ، قرة العین ، کبیر با ذات خدا در همه احوال ، نصیر
به پذیر بیادگار این نسخه ز من میکن نظری درو ولی یاد بگیر
می خواست پدرکه با تو باشد همه عمر اما چه توان کرد ؟ چنین بد تقدیر

My dear son, the solace of the eye, Kabir,
may God protect you in all circumstances.
Keep this book as a remembrance from me,
read it but remember,
your father wanted to be with you all life,
but what could he do ? Fate decreed otherwise.[1]

It is clear from these verses that 'Irāqī's departure from Multan after the death of Bahāuddīn Zakariya was forced on him.

It appears that Kabīruddin, after reading these verses, which reveal the agony of his father's last days, decided to be with him in his old age. People of the monastery did not like his going but Kabīruddīn stuck to his decision and at last he set out. He reached Damascus probably after undergoing great hardships, for the political situation was then most uncertain. Both father and son lived together, probably talking in depth of each other's experiences, lamenting over the past, over lost opportunities, over manifold hardships and hoping for a better future. 'Irāqī reached the age of 78 and died, in the presence of his son and comforter, on 8th Zīq'ad in the year 688/1289.

One of 'Irāqī's poetical compositions is a *mathnavī* dealing with the subject of love. It is called *Ushshāq Nāma* (Book of Lovers) and because of its formal pattern is also known as *Deh Nāma*, consisting of *deh* (ten) sections. It is a common pattern in Persian Literature and several eminent writers have shown their artistic skill and intellectual acumen in the form of such Deh Nāmas. Each section consists of one or more small *mathnavīs*, interspersed with *ḥakāyāt* (stories) here and there and then some *ghazals*. The work is dedicated to Ṣāḥib-i Divān, Khwāja Shams-uddīn al-Juwaini, the brother of the famous author of *Tārikh-i Jahān Kusha* It appears that 'Irāqī wrote the book in 680/1281.

1. Kulliyāt, p. 105.

Marfat.com

The *mathnavī* begins with the praise of God who is described as creating the two worlds, seen and unseen, by His creative Word *Kun*. He is the origin of the world and to Him everything shall return. He is the Light of the heaven and earth and *Rūḥal-Amīn* (the Faithful Spirit) is the reflection of His Light. He is absolutely transcendent so much so that His Unity is free from all similitudes.

من نگویم که جان جانست او هر چه گویم ورائی آنست او
نیست سوی حقیقت الله نفی و اثبات ، لا و هو ، را راه

I don't say, He is Life of Life :
He is beyond all that can be said.
Nothing leads us to Him :
Neither 'nay' nor 'aye'.[1]

And yet He is immanent in everything which derives its being from Him alone. "In His presence everything becomes naught . . . When the soul sits in the company of Light, iron under the effect of fire becomes fiery . . . When the sun shows his bright face, don't you see that the stars disappear ?"[2] These verses of 'Irāqī remind us of the similar similes used by Rūmī which, while emphasising the all-comprehensive Unity of the One, do not tend to deny the reality and existence of its constituent units. They are existent and non-existent at the same time.[3]

He describes God's immanence in the following verse which is highly significant :

در همه مغز هست و گر همه پوست هر چه موجود ، از وست ، بل همه اوست

If there is shell or kernel,
whatever exists, derives its existence from Him,
rather all is He.[4]

In the history of Muslim mystic thought, we meet with two divergent theories, *waḥdatul wujūd* (Unity of Being) and *waḥdatul shuhūd* (Unity of Observation). The former is expressed, in Persian, by the formula *Hama Ust* (All is He) and the latter by

1. Kulliyāt, pp. 328.
2. Ibid., pp. 337-8.
3. Dr. Hakim, *Metaphysics of Rumi*, pp. 119-102.
4. Kulliyāt, p. 328.

Marfat.com

Hama Azust (All is from Him). The latter implies existence of both, He and All, while the former denies existence to All and affirms it only of He. Strangely, 'Irāqī uses both these, apparently contradictory, to designate his concept of God.

There is another poem of 'Irāqī consisting of 11 *bands*, each of which ends with the following verse :

که همه اوست هر چه هست یقین جان و جانان و دلبر و دل و دین

that all is He, all that is in fact ;
soul, beloved, heart and faith.[1]

I feel these verses of 'Irāqī do not show that he was a pantheist in the technical sense. If one can believe in *Hama Ust* and *Hama Azust* at the same time, it means that he is giving expression to his personal unitive experience. I would like to refer to another long poem of 'Irāqī to explain my point of view. In this poem 'Irāqī is describing such an experience. Beyond the garden of the heart, he states, is a limitless expanse of land which can be visited on the feet of the soul. When you reach that land, you can see beyond the Highest *'Arsh*, the Seat of the Holy. The eye of the sky is illumined by its dust and its odour brightens the Spirit. You find yourself in constant Presence and all the secrets are revealed before you. The First becomes the Last and the Last becomes the First. In a moment's flight there you traverse a path of a thousand years. You see there all existence, past, present and future in a single glance and you know what you see and see what you know. Your eye does the function of ear and your ears see things. Your body assumes the role of spirit and your spirit does the work of your body. With the Eternal Light you see the Eternal Beauty and through eternal knowledge you know all hidden secrets. You yourself are immersed in and enveloped by the currents of His ocean and are neither burned in fire nor affected by water. You are above all limits, indifferent to union and separation and unconscious of pain and remedy. He concludes this description with the following verse :

1. Kulliyāt, pp. 122-127.

Marfat.com

ترا چون از تو بستاند ، نمانی ، جمله او ماند
تو آنگه خواه انا الحق گوی و خواهی گوی سبحانی

When you are lost to yourself,
you cease to exist ; He alone remains.
then if you say *Anal Ḥaq*, or *Subhāni*,
it makes no difference.[1]

Anal Ḥaq (I am the Creative Truth) and *Subhāni* (Praise be to me), of Ḥallāj and Bāyazīd of Bisṭām, respectively, are merely expressions of their unitive experience where, by the consensus of the mystics of the world, one feels united with the Lord. Unfortunately, in the history of Muslim mysticism these expressions were, of course, quite wrongly, interpreted pantheistically, partly by 'Arābī himself but mostly by 'Aṭṭār in his *Tadhkiratul Awliya*. Since then all writers on sufism followed this wrong lead. 'Irāqī's verse combining *Hama Ust* and *Hama Azust* shows that he was not a pantheist metaphysically but was only describing what he felt in his unitive experience.

After praise of the Prophet and the four rightly guided Caliphs, 'Irāqī starts with certain pieces of advice to the readers. In the first place, he strongly condemns a *muqallid*, a blind follower of others, and those who are satisfied with *naql*, what they hear at second hand. This advice is in complete accord with the spirit and pattern of 'Irāqī's life. Almost all his biographers speak of him as *Muhaqqiq*, one who is in pursuit of truth. All his life he was engaged in finding out and expressing the truth. The second advice he offers is that one should develop one's self instead of wasting time in pursuit of the external world. The best thing would be, according to him, to move from inside to outside ; from the self to the world. First to go deep into one's heart and discover oneself anew. Probably, if you succeed in discovering yourself in the bosom of your heart, you will see a new world, outside you, to deal with.

But the ideal is to go beyond the self, to rise to some higher goal. 'Irāqī thinks that unless we develop one's self, *Khudi* in

1. Kulliyāt, pp. 101-103.

Marfat.com

the words of Iqbal, it is not possible to transcend the limits of one's self. First, plunging into the self and with guidance obtained therefrom to tackle the world outside us in the light of ideal revealed within the heart and then ultimately to transcend both body and soul to a higher stage.

لحظه ای در گذر ازین پس و پیش لمحه ای در نگر بعالم خویش
دیده بکشائی ، ای که در خوابی خویشتن را طلب مگر یابی
تا تو در خویشتن نظر نکنی وانگه از خویشتن بگذر نکنی

For a while go beyond this world of before and after,
and look to the world within;
Come out of your dream and open your eyes,
seek yourself, maybe you find it.
Unless you look into your self
you cannot transcend its limits.[1]

Talking of achieving great name and immortality, he relates the well-known story of the legendary Askandar going in search of the Water of Life. He states that efforts of men directed towards achieving human welfare alone can lead to immortality.

هر کرا علم و ملک و دین باشد عین آب حیات این باشد

Every body who has *'ilm*, *mulk* and *dīn* :
this is the real Water of Life.[2]

A man having political authority (*mulk*), endowed with real knowledge, in the Platonic sense (*'ilm*), and guided by the precepts of *dīn* (religion), is one who has the chance of becoming immortal.

Just before begining the book, he insists that he should not be considered a mere poet, one of the multitude of "unripe beggars". Like Faiḍi and Iqbāl, he claims to be primarily a thinker. Unfortunately, their poetical talents tended to obscure their role as thinkers. Faiḍi, in such a situation, cried out :

امروز نه شاعرم حکیمم داننده حادث و قدیمم

I am today, not a poet, but a thinker,
knower of problems of eternity and temporalness.

1. Kulliyāt, pp. 331-332.
2. Ibid., p. 335.

Marfat.com

Iqbal, similarly, disclaimed to be a poet "who spin mere tales". 'Irāqī states that when the treasure house of the Friend was opend, he had the good fortune of winning a talent for poetry as well as original thought.

روز و شب درد درد می نوشم در خروشم ، 'گرچه خاموشم

Day and night, I drink from the cup of 'pain',
my inside is full of tumults, though I appear silent and calm.[1]

It would not be possible to deal with all the subjects discussed in this small *mathnavi* here. I shall therefore try to confine myself to one or two important points. 'Irāqī believes, following the common trend, enunciated by Rūmī among Muslims and by Plato among the ancients, that Love is the cause of the universe.

علت حکم کاف و نون عشق است

The cause of birth of universe is love.[2]

Another main theme that he presents is how to develop divine love in people who come to *sufis* for spiritual training. 'Irāqī advocates that love for human beings, particularly of young and beautiful boys and girls, is a preliminary stage. Real love must be preceded by temporal (*majāzī*) love. To explain this point of view, he gives the story of the famous sufi, Shiblī, who ordered an initiate to develop temporal love. When the man began to experience pangs of separation for his beloved, Shiblī took the man from the tavern to his *khanqāh* and led him to the path of divine love.[3] Similar stories are related of Imām Ghazāli,[4] Najmuddīn Kubrā[5] and Rūzbehān Baqlī[6] of Shīrāz, all eminent sufis of the first rank. Similar stories of love for young boys about 'Irāqī himself are related in almost all his biographies. In the light of what 'Irāqī says about the subject, we feel that

1. Kulliyāt, p. 336.
2. Ibid., p. 337.
3. Ibid., pp. 345-346.
4. Ibid., pp. 356-369.
5. Ibid., p. 358.
6. Ibid., pp. 366-367.

Marfat.com

they might be perfectly true. But it is doubtful whether this sort of training can be universally adopted without endangering the morality of the people. This recipe of 'Irāqī, therefore, must be rejected totally and absolutely. As a matter of fact, it were such immoral practices that brought bad name to mysticism.

Another point that he wishes to emphasise is what we may call difference of degree between reason and love. He definitely states that love is only a higher stage of reason and not something qualitatively different from it.

عشق در هر دلی که سر بر زد خیمه از عقل و علم برتر زد
هر دلی که بعشق بینا شد منزلش زیر بود و بالا باشد

When *'Ishq* raises its head in any heart,
it sets its tent higher than reason and discursive knowledge.
When any heart becomes discerning through *'ishq*,
it rises to a higher stage.[1]

In another place he says that reason (*khirad*) is a fruit the juice of which is *'ishq*, implying clearly that reason and love are not two discordant functions ; the latter is a higher and more developed form of the former. It was probably this intellectual touch of the man which made the unknown editor of his *divān* call him as belonging to the 'people of reason' (*ahl-i Burhān*).[2]

1. Kulliyāt, p. 344.
2. Ibid., p. 47.

Marfat.com

شاہ اسماعیل صفوی بحیثیت شاعر

ڈاکٹر محمد صابر
شعبہ تاریخ اسلامی ، کراچی یونیورسٹی

شاہ اسماعیل صفوی کو ایک عظیم سپہ سالار ، منتظم ، جانباز ، بانیٔ دولت صفویہ اور قزلباش تحریک کے روح رواں اور علمبردار کی حیثیت سے تو ہم سب ہی جانتے ہیں لیکن اس کے علمی ادبی کارناموں اور شعری صلاحیتوں سے بہت ہی کم لوگ واقف ہیں - شاعری میں اس نے خطائی کا تخلص اختیار کیا تھا - شاہ اسماعیل کی علمی ادبی کاوشوں سے ناواقفیت کا ایک سبب تو یہ ہے کہ اس کا کلام زیادہ تر ترکی میں ہے جسے آج کل آذری یا آذربائیجانی ترکی بھی کہتے ہیں اوردوسرا سبب بعض مورخین اور ناقدین کی دانستہ طور پر اس کے ادبی کارناموں سے بے اعتنائی ہے -

عثمانیوں اور ہند کے عادل شاہی اور قطب شاہی خاندانوں کی طرح خاندان صفویہ کا بھی تعلق روغونامی ترکی قبیلے سے تھا جسے اسلامی عہد میں ترکمن کہا گیا ہے - خاندان صفویہ کے افراد کا یا اس کے حامیوں کا یہ دعویٰ کہ ان کا نسلی تعلق امام موسیٰ کاظم سے تھا ، ثابت نہیں ہو سکا اور مؤرخین نے (بشمول ایرانی محققین) اسے تسلیم نہیں کیا ہے -

اسماعیل کی دادی مشہور سنی ترکی حکمران اوزون حسن آق قویونلو کی بہن اور ماں ، عالم شاہ بیگم، اسی حکمران کی بیٹی تھیں - گویا اجداد کی جانب سے مریدین اور خاص طور سے قزلباشوں کی حمایت حاصل تھی ہی - ماں کی طرف سے بھی سنی ترکی خاندان اور مداحین کی مدد بھی شامل حال رہی - صفوی خاندان کو سو مریدوں کی حمایت سے سیاسی اور فوجی اہمیت حاصل ہوتی گئی اور اس کے افراد کو شاہ کہا جانے لگا -

شاہ اسماعیل کے دادا اور والد حیدر آق قویونلو حکومت سے جنگ کرتے ہوئے مارے گئے - باپ کے قتل کے وقت اسماعیل کی عمر ایک یا چار سال اور اس کے بھائی یار علی کی تقریباً ۱۰ سال تھی - شاہ اسماعیل کا بچپن بڑی مصیبتوں میں گذرا - قزلباش فوج بہت پہلے ہی تیار ہو چکی تھی - ترکی میں قزل کے معنی سرخ اور باش کے معنی سر کے ہیں - ان کے سر پر سرخ رنگ کی ٹوپی ہوتی تھی ، اس لیے انھیں تاریخ میں سرخ سر اور قزلباش دونوں ہی کہا گیا ہے - شاہ اسماعیل نے ۱۳ سال کی عمر میں سات ہزار قزلباشوں کی مدد سے حملہ کیا - یہ فوج اتاچلو، شاملو ، تکہ لو ، وارساق ، ذوالقدریہ ، امنشار اور قاچار نامی سات ترک قبائل پر مشتمل تھی -

شاہ اسماعیل نے آق قویونلو حکومت پر شیروان میں حملہ کیا - اس نے فتح پائی اور لوگوں کو قتل کرا کر باپ دادا کے قتل کا بدلہ لیا- اس نے پورا ایران، آذربائیجان، کوہ قاف کے علاقے، عراق ، افغانستان ، خراسان اور ترکستان کے بھی بعض علاقے فتح کیے- بقول کارل مارکس شاہ اسماعیل نے ۱۴ سال کے عرصہ میں ۱۴ ممالک فتح کیے -

Marfat.com

اس نے قزلباش تحریک کو خفیہ تنظیم کے ذریعہ اناطولیہ کے چہار گوشے میں پھیلا دیا جس کی وجہ سے عثمانی سلطان بایزید خاں ثانی کے اقتدار کو خطرہ لاحق ہو گیا - اناطولیہ کے شہروں میں قزلباش تحریک پھیلنے لگی اور قزلباش لٹریچر تقسیم ہونے لگا - ۱۵۱۴ء میں ایران کی سرزمین میں مرکز حکومت تبریز کے قریب چالدیران نامی مقام پر عثمانیوں اور قزلباشیوں میں ایک خونریز جنگ ہوئی جس میں شاہ اسماعیل کو شکست ہوئی اور وہ میدان سے فرار ہو گیا - عثمانی فوجوں نے تبریز میں داخل ہو کر اپنے پرچم گاڑ دیے اور آذربائیجان کو عثمانی سلطنت کا جزو قرار دے دیا - اس شکست کے بعد شاہ اسماعیل بہت غمگین اور افسردہ رہنے لگا اور آخرکار ۱۵۲۴ء میں اس دنیا سے کوچ کر گیا اور اردبیل کے خاندانی قبرستان میں دفن ہوا -

شاہ اسماعیل کی شاعری

شاہ اسماعیل کا تخلص خطائی تھا - ترکی زبان و ادب کی جو خدمت اس نے انجام دی ہیں ، اس کی بنا پر اس کو علم و فن کا عظم خادم کہا جاتا ہے - آذری محققین کے قول کے مطابق اس کے تقریباً دس ہزار اشعار آبدار دیوان اور مختلف رسائل میں موجود ہیں - سب سے زیادہ کام اس کے کلام پر روسی آذربائیجان اور جمہوریہ ترکیہ میں ہوا ہے - ایران میں تو قزلباشوں کا یہ ہیرو ہے اور اس کا نام بڑے احترام سے لیا جاتا ہے -

ترکی پروفیسر فواد کپرولو ، اسماعیل حقی اور سویت اسکالر آراسلی اورن ، ابراہیموف اور زمانوف وغیرہ نے اس کے مختلف علمی و ادبی پہلو اجاگر کیے ہیں - اس کے ترکی کلام کے عمدہ نسخے ، اردبیل ، لندن ، استنبول اور لینن گراڈ میں موجود ہیں - بابر نے بابر نامہ میں تقریباً چھ بار اس کا تذکرہ کیا ہے اور کارل مارکس اس کے کارناموں کی تعریف کرتا ہے - شاہ اسماعیل کا دور دراصل ترکی اقوام کے سیاسی اقتدار کا دور ہے ، ترکی شاعری اور ادب کا تابناک زمانہ ہے - اس کے سارے ہم عصر حکمران یعنی ظہیرالدین محمد بابر ، محمد شیبانی خان اوزبک اور سلطان سلیمان قانونی ترکی کے شاعر تھے - اس کا سب سے بڑا سیاسی حریف سلطان سلیم بھی فارسی کا اچھا شاعر تھا اور اس نے اس زبان میں ایک دیوان چھوڑا ہے -

یہ صحیح ہے کہ شاہ اسماعیل ایرانی نہ تھا اور اس نے اپنی زندگی میں فارسی کو سرکاری زبان نہیں بنایا ، لیکن یہ بھی ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اس نے مردہ ایران میں نئی روح پھونکی اور طوائف الملوکی کے دور کا خاتمہ کر کے ایران کو سیاسی وحدت عطا کی جس کی اسے اشد ضرورت تھی -

اس کے ادبی کارناموں میں نصیحت نامہ ، دہ نامہ اور ترکی دیوان ہیں - دیوان غزلیات ، مثنویات ، رباعیات پر مشتمل ہے - دہ نامہ کو ایک عظیم تخلیقی کارنامہ سمجھا جاتا ہے - اس میں حضرت علی کا تذکرہ ہے - جگہ جگہ غزل اور مربع سے مزین کیا گیا ہے - آسان زبان میں قدرتی مناظر کا دلکش تذکرہ بھی موجود ہے -

شاہ اسماعیل نے اناطولیہ کے عوام میں قزلباش تحریک کو پھیلانے کے لیے جو اشعار کہے ہیں ان کی زبان سادہ اور انداز دلکش ہے - سلجوقی دور کے مشہور

Marfat.com

عوامی اور صوفی شاعر یونس امرہ کے اثرات شاہ اسماعیل کے کلام میں صاف نظر آتے ہیں - اس کے علاوہ نسیمی اور حبیبی جیسے خرونی شعرا کے خیالات و عقائد نے بھی اسے کافی متاثر کیا ہے - بعض کا خیال ہے کہ یہ خاص طور سے نسیمی اثرات کے تحت ابھرا تھا -

شاہ اسماعیل صفوی قزلباش تحریک اور ادب کا حقیقی بانی ہے - سارے قزلباش شعرا نے اور خاص طور پر مشہور شعرا پیر سلطان اور قل ہمت وغیرہ نے اسے اپنا پیر اور استاد مانا ہے - ترکی کے بکتاشی گروہ کے لوگ بھی اس کی تحریک اور اس کے کلام سے متاثر ہوئے اور ان سب کا کلام اتنا خلط ملط ہوا کہ یہ پتہ چلانا مشکل ہے کہ یہ کلام بکتاشی پیروں کا ہے یا قزلباش شعرا کا - غرضیکہ بکتاشی طریقت اور شاعری اسی کے زیر اثر رہی لیکن اس موضوع پر تحقیق کی ضرورت ہے -

جہاں تک آذری یا ترکی طرز شاعری کا تعلق ہے ، چودھویں صدی کے عظیم ترکی شاعر فضولئی بغدادی سے لے کر بیسویں صدی کے ہوپ ہوپ نامہ کے مصنف اور آذری ترکوں کے اکبر الہ آبادی یعنی جناب علی اکبر صابر اور ایران اور ترکیہ کے بہت سے شاعر اسی کے طرز کو اپنائے نظر آتے ہیں - ہر آذری شاہ اسماعیل کو ترکی زبان و ادب کا عظیم خادم اور مربی سمجھتا ہے -

شاہ اسماعیل کی شاعری کا محور تصوف ہے، وہ دراصل ایک صوفی شاعر ہے- لیکن سلطان سلیم نے اسے کبھی بھی صوفی تسلیم نہیں کیا - شاہ اسماعیل کی شاعری میں صوفیانہ انداز تکلم نمایاں طور پر موجود ہے- شیخ صفی الدین ایک صوفی تھے، پیر تھے، معلم تھے ، محب اہل بیت تھے اور ''قلندری'' طریقت سے کافی متاثر تھے - شاہ اسماعیل نے صوفیانہ ، مذہبی ، علمی اور گروہی تربیت اپنے خاندان ہی میں حاصل کی تھی- اس نے اپنے کلام میں شیخ صفی الدین اور قلندریوں کی تعریف بھی کی اور اپنی ایک نظم میں تو اپنے آپ کو قلندری درویش ہونے کا بھی اعلان کیا ہے -

ترک دنیا ، تجرید اور عشق کے راستے اللہ سے وصل کے امکان کے متلاشی شاہ اسماعیل نے وحدت الوجود کے نظریے کو بھی مکمل طور سے اپنا لیا تھا - وہ ایک جگہ کہتا ہے :

''نظر آنیوالا ، دکھانے والا ، بھیجنے والا ، لانیوالا ، دینے والا اور لینے والا وہی ہے -''

جذب میں آ کر یہ حلاج منصور اور فریدالدین عطار کا رنگ اختیار کر لیتا ہے - اس نے انسان کامل کے نظریے پر بھی اظہار خیال کیا ہے اور کہا ہے کہ ''ایک حقیقی مرشد سے تعلق اور اخلاق کی درستی اس راہ میں ضروری ہیں -''

مخالفین کے ضمن میں شاہ اسماعیل کا لہجہ سخت ہو جاتا ہے - اور ان سے لڑنے کو وہ جہاد کا درجہ دیتا ہے -

شاہ اسماعیل ترکی شاعری کی ہر وادی میں نظر آتا ہے - بعض جگہ اس کے خیالات اتنے دقیق ہوتے ہیں کہ سمجھنے میں بڑی دقت ہوتی ہے - اسے اپنی زبان اور کلام پر قدرت حاصل تھی - یہ ترکان عالم میں بہت مقبول ہوا ہے - کلاسیکی دور کے

Marfat.com

شعرا سے ہٹ کر اس نے بوزن ہجہ بنام ''قوشما'' وغیرہ ایک خاص منظوم طرز اختیار کیا جو ترکی ادب اور شاعری کا خاص حصہ ہے - ترکوں کے دلوں کو اسی طرز سے جیتا جا سکتا تھا - اس کے علاہ اس کی زبان سادہ اور سلیس ہے اور فضوس وغیرہ کی طرح مشکل عربی و فارسی الفاظ و تراکیب سے پاک ہے - آذربائیجان کے علاوہ اناطولیہ میں ترکوں کی ایک بہت بڑی تعداد رہتی تھی جس پر قدیم ترکی شعرا یونس امرہ اور بکتاشی پیرون کے کلام کا کافی اثر تھا ، اس لیے ضروری تھا کہ انہیں کی زبان اور اسلوب بیان کو اپنایا جائے - شاہ اسماعیل مقامی ترکی آبادی کو مقامی لہجے اور طرز بیان سے مسخر کرنا جانتا تھا - شاہ اسماعیل کی تعلیمات اور تحریک نے اناطولیہ کے ترکوں کو بھی متاثر کیا اور وہاں کے علوی شعرا نے اسے شاعری میں اپنا استاد تسلیم کر لیا -

شاہ اسماعیل عظیم فاتح اور مدبر تھا - لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ ایک زبردست منتظم ، عمدہ شاعر ، حامی علم و فن بھی تھا - ہم اس کے ادبی کارناموں پر غور کرنے کے بعد اس کی سیاسی خامیوں کو نظر انداز کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں - اس کی قائم کردہ عظیم صفوی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا لیکن قزلباش تحریک اور اس کا لافانی کلام آج بھی زندہ ہے - ایران کو جو مرکزیت اس نے عطا کی تھی وہ آج بھی قائم ہے- ایران کو جو چین نصیب ہوا ہے وہ صفوی دور ہی کا نتیجہ ہے-

اس نے ترکی کو سرکاری زبان بنایا ، خود سارا کلام ترکی میں کہا - ترکوں کو ترکی میں لکھنے کی تلقین کی اور ان کی حمایت کی- قزلباشوں کے نزدیک وہ ایران کا عظیم مہرباں اور آذر بائیجان کا درخشاں ستارہ ہے- اس کے اشعار آبدار اس کی تخلیقی قابلیت کی بڑی دلیل ہیں - آذربائیجان کے روشن خیال طبقے میں آج بھی اس کو سب سے زیادہ احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے -

Marfat.com

DĪWĀN OF ṢĀ'IB

By

NĪẒĀMUDDĪN JĀM

Manuscript Section, National Museum of Pakistan, Karachi

Mirzā Muḥammad 'Alī Ṣā'ib is considered to be one of the greatest Persian poets of Iran. He has laid down a new style in Persian poetry. His ancestors belonged to Tabriz, but during the reign of the Ṣafvī king, Shāh 'Abbās I (996-1038/1588-1629), his father migrated to Iṣfahān where Ṣā'ib was born in 1012/1603. When he grew up he became a disciple of Ḥakīm Rukna Kāshi and Ḥakīm Shifā'ī in the art of poetry.

In the heydays of his youth he arrived in the Indo-Pakistan subcontinent in connection with trade during the later period of the Mughul Emperor Jahāngīr. But soon after, with the help of Ẓafar Khān Aḥsan he got attached to the imperial court of Shāhjahān who bestowed his royal bounties upon him and gave him seven Hazārī rank and title of Musta'id Khān. In 1039/1630 when he was twenty seven years old, he accompanied the retinue of Emperor Shāhjahān on his journey to the Deccan. While in the court of Shāhjahān he cultivated friendship with Ẓafar Khān Aḥsan, a noted noble of the Mughul court and a poet of refined taste. He was a versatile genius and in the words of Sarājuddīn 'Alī Khān Ārzū, author of *Majma'al-Nafā'is* :

«بعد از عبدالرحیم خانخانان مثل وی از امرای هند چه که از امرای ربع مسکون نشان ندارد[1]».

Ṣā'ib and Ẓafar Khān Aḥsan became so intimate with each other that when Ẓafar Khān was appointed Governor of Kashmīr in 1042/1632 he took him along to Kashmir. During his stay in that paradise, his poetic imagination was spurred by the scenic grandeur and beauty of Kashmir which is reflected in his poetry. Ṣā'ib was so dear to his father that he could not

1. MS. copy, National Museum of Pakistan, Karachi.

Marfat.com

bear his separation for long and came to India for taking him back to Iran. Ṣā'ib has mentioned this in his versified *Rukhṣat Nāmah* (Application for leave) presented before Khwāja Abū'l Ḥasan (father of Ẓafar Khān) for going back to Iran while he was in Deccan. How long Ṣā'ib stayed in the subcontinent is not certain. The date of his arrival in this country is not found in any known *Tadhkirah* (biography). Ṣhāhjahān went to Deccan in 1039/1629 and returned to his capital in 1041/1631. During this period, Ṣā'ib was with the retinue of the king. But in his versified *Rukhṣat Nāmah*, mentioned and quoted by Ghulām 'Alī Āzād Bilgrāmi in *Sarv-i-Āzād,* he has revealed in one of its couplets that he had been in the subcontinent for six years. So in the light of his own statement it is presumed that he arrived in the Indo-Pakistan subcontinent in about 1036/ 1626. He had presented his *Rukhṣat Nāmah* while he was in Deccan, i.e. between 1039-1041 A.H.

The creative novelties of his poetic genius paved the way for his popularity. In the words of the author of *Kalāmāt-ush-Shua'ra*, he acquired wide popularity in his lifetime. Nobles and kings used to ask the king of Iran for his poetry and his ghazals were sent as a gift. So in the poetic atmosphere of Indo-Pakistan subcontinent too, his glorious songs were well known and his popularity considerably increased.

RARE COPY

The manuscript copy of the *Dīwān of Ṣā'ib* which is being introduced here is a very unique and rare copy in many respects. It is one of the cherished items in the National Museum of Pakistan, Karachi. Its Accession No. is N.M. 1958.266/2, Size: $9 \times 5\frac{1}{2}$. It is transcribed in elegant *Nasta'liq*. *Lauh* is beautifully illuminated. Text is transcribed within gold marginal line; bound in black leather with several golden lines and floral designs in gold. Inside the Dīwān, on the left side of the marginal space, 47 ghazals have been transcribed by Ṣā'ib

1. *Sarv-i-Āzād.*

Marfat.com

himself, with the addition of a few stray verses on several folios in the marginal space. At the end of three ghazals transcribed by Ṣā'ib, there are his three different seal impressions. Neither date of transcription nor the name of the scribe has been mentioned. But it is obvious that the present copy was transcribed during the life of Ṣā'ib. The handwriting of Ṣā'ib has an artistic beauty. It is in Shāfi'a style of writing.

The present Diwān was presented to the Mughul Emperor Aurangzeb by Naiknām Khān. On the reverse of colophon at the last page, the following endorsement has been recorded :

دیوان صائب بخط نستعلیق خوشخط کاغذ ولایتی باوح و مجدوب (؟) بطلا
بعضے جا در حاشیه بخط مصنف غزل‌ها بر نفیس جلد چرمی سیاه ترنج و خط
کثیر طلا جو.بی (؟) جهت بابت «نیکنامخان» ، ۳۵۵ ورق ، قریب دوازده
هزار بیت .

Diwān of Ṣā'ib in elegant Nasta'liq. Paper Iranian——— illuminated. At several places on the margin ghazals have been transcribed in author's own handwriting. Black leather binding (with) orange like ornamentations (impressed upon the binding) Several golden lines—?— in connection with Naiknām Khān. 355 folios, about twelve thousand couplets.

This is the endorsement of Royal Librarian when it was acquired by the Library of Aurangzeb. Naiknām Khān was one of the ablest generals of Sulṭān 'Abdullah Quṭb Shāh of Golkandah in Deccan. It is presumed that while he had presented his ambassadorial credential on behalf of his master 'Adullah Quṭb Shāh to the Emperor Aurangzeb, he must have presented this exquisite copy along with other precious gifts. Naiknām Khān died on the 10th Zilḥaj, 1082/1672, in Deccan.

The fly-leaf of the manuscript bears two mutilated seal impressions of Aurangzeb. These mutilated impressions of the two seals clearly indicate that this belonged to him. Generally, European historians present Aurangzeb as a bigoted Muslim who not only disliked fine arts, particularly poetry, but formally prohibited people to cultivate them. But quite contrary to this biased opinion he was fond of moral and spiritual

Marfat.com

poetry. Even Sir Jadu Nath Sarkar, a severe critic of Aurangzeb, has confirmed this fact. In his book *Aurangzeb*, he says, "He, in spite of being a busy ruler, spent some time in reading with pleasure Arabic books on jurisprudence and religion, and passionately searched, as a perfect lover of books, such rare manuscripts as *Nihāyah*, *Iḥyā ul-'Ulūm* and the *Diwān of Sā'ib*."

From the royal library of Aurangzeb the present Dīwān came in the possession of his catholic daughter, Zaib-un-Nisa whose clear seal impression is found on the fly-leaf which reads: "کنیز فاطمہ زیب النسا". Zaib-un-Nisa was a very beautiful and fragrant flower of the garden of knowledge of Taimurid princesses. Her versatile intellectual pursuits and poetic genius put great luminaries in wonder. In the words of Shibli, "The court of Zeb-un-Nisa was in fact an academy where scholars, men of excellence of every branch of learning, were employed who remained always busy in writing and compiling books." The compiler of *Ma'āthir-i-'Ālamgīri* says, "Patronizer of art, the learned princess was always busy in collecting books and endeavouring to carry on the work of writing and compiling books. Her library was unique in every respect." She was a very balanced critic of poetry. Great masters of poetry acknowledged her mental superiority. She was herself a good poetess. But alas ! No poetic collection of her is available. Generally, the Diwān of Makhfi is attributed to her but it is not considered genuine by research scholars.

Prof. Maḥfuẓul Ḥaq, of Presidency College, Calcutta, in the magazine *Ma'arif* (No. 5, Vol. 2), has mentioned in this connection that the Diwān of Makhfi is in fact Diwān of Makhfi Rishti, who had come from Khurāsān to India during the period of Shāhjahān. But he was unlucky that he could not reach the royal court, so his poetry was not known like that of other poets. With the passage of time, his Diwan reached the hands of some people who, without making thorough research, attributed the work to Zeb-un-Nisa. Among the authentic biographers, Aḥmad 'Alī Sandailvi says in *Makhzan al-Gharā'ib*:

Marfat.com

''دیوان اشعارش جائی به نظر نیامده مگر در تذکرهٔ انتخابش به نظر آمده و لیکن اعتبار را نشاید بسبب آنکه اکثر شعر اساتذه و صاحب آن تذکره بنام بیگم نوشته بود''

Her poetic collection was not seen, but in a *tadhkira* selections of her poetic work have been found. It cannot, however, be relied upon, because mostly a great number of verses had been written by master poets and the author of this *tadhkira* has ascribed them to the name of the Begum.

Shibli has also refuted this common belief in his article "Zeb-un-Nisa." He opines that her whole composition might have been in that Bayāḍ which fell in a tank and was thus destroyed by her maid servant, Irādat Begum. This opinion is confirmed by a versified apology composed by Mulla Moḥammad Sa'eed Ashraf Māzindrāni, a well known scholar and teacher of Zeb-un-Nisa, on behalf of Irādat Begum and presented to Zeb-un-Nisa.[1]

After Zaib-un-Nisa this manuscript went into the possession of Himmat Khān who has affixed his seal and an endorsement:

''منتخب دواوین صائب که جلدش انتخاب کرده بر جا در حاشیه نوشته بخط مصنف است. داخل کتاب خانه خیر خواه ظل‌الله همتخان شد'' «۱۰۸۲»

Himmat Khān was the first Bakhshi of Aurangzeb. His name was Mir 'Isā and he was the son of Islām Khān Badakshi, who had been Governor of Kashmir and Allāhābad during the early period of Aurangzeb and was his trusted noble. Himmat Khān was a very learned man having a refined taste. The specimen of his poetry has been given in *Kalamāt-us-Shura*.[2] He died in 1091/1680. The present Diwān came in his possession in 1082/1671, while he was Governor of Agra.[3]

After Himmat Khān it was inherited by his son Rūḥ Ullah Khān, who has affixed his seal and inserted his endorsement on the fly leaf :

1. *Makhzan al-Ghārā'ib.*
2. MS. copy, National Museum, Karachi.
3. *Ma'āthir-i-'Alamgīrī*, Translated by Sarkar.

Marfat.com

''منتخب صائب داخل کتابخانهٔ روح الله بن همتخان شد''

On the right side there is another seal impression bearing his name. Beneath it, there is the following endorsement :

''منتخب مرزا صائب علیه الرحمة که مرزائے خیرخواه ظل‌الله ، مرزا روح‌الله سلمه‌الله'' - - - - حقیر .

The sense of this record is not clear but this much is certain that it was recorded after the death of Ṣā'ib. Ruḥ Ullah Khān was also Mīr Bakhshi in the Royal Army of Aurangzeb. He died in Deccan in 1103/1692.

Eleven years after the death of Ruḥ Ullah Khān, the present copy of the Diwān re-entered the royal library of Aurangzeb. His second mutilated seal impression justifies my statement. Besides this impression, there is an entry of librarian in the following words : "Seen : 23rd Shawwal, 46". The year mentioned in this entry is Regnal Year of Aurangzeb, i.e. 1114 A.H

UNKNOWN

Again, 32 years after this event, in the time of the Mughul Emperor Muḥammad Shāh, it disappeared from the Royal library and came into the possession of some unknown person. The following endorsement on the fly-leaf is a clear proof of my statement:

«عرض دیده شد. ۱۱۴۷ هجری داخل کتابخانه شد»

"Seen. Entered Library, 1147 AH."

It is difficult to ascertain the identity of the possessor of this copy in this period as unfortunately there is neither any seal impression nor any endorsement except that mentioned above.

In the period of Shāh 'Ālam II, this manuscript once again changed hands. On the fly-leaf there is a mutilated seal impression of which only the year is readable, i.e. 1195 A.H. So again after 47 years the owner changed.

After 1195 A.H., it is difficult to determine the person or place where it reached. In the year 1958, Sayyid Ḥussāmuddīn Rāshdī, a well known intellectual of Pakistan, acquired this

Marfat.com

unique copy from London and gave it to the National Museum of Pakistan, Karachi. How this valuable Diwān reached London is a mystery. Probably after the fall of Delhi in 1857 it may have been acquired by some Englishman as a booty or as a gift or by purchase.

Fortunately the said Diwān has recently been published by the National Publishing House Ltd., Karachi, on the occasion of the celebrations of the 2500th Anniversary of the Iranian Monarchy.

Marfat.com

Marfat.com

عرفی شیرازی کی ایک نایاب کلیات

نظام الدین جام

عرفی شیرازی فارسی شاعری کے آفق پر شہاب ثاقب بن کر چمکا اور بہت جلد عدم کے گھنیرے بادلوں میں اوجھل ہو گیا ۔ لیکن اس کے نادر افکار کی نایابی ازلی بن گئی اور آج بھی اس کے اشعار کے خد و خال کے وہی جوان تیور ہیں اور جب تک سلمائے شاعری زندہ ہے اس کے اشعار کی تروتازگی بھی قائم رہے گی ۔

عرفی جس کا اصل نام سیدی محمد تھا ۹۶۳ھ (۱۵۵۶ء) میں شیراز میں پیدا ہوا ، تعلیم و تربیت وہیں حاصل کی ۔ علوم متداولہ کے علاوہ مصوری اور نقاشی کے فن سے بھی آشنا تھا اور موسیقی کا بھی دلدادہ ۔ لیکن اس نے اظہار کمال کے لیے شاعری کا میدان پسند کیا اور اس میدان میں فکر کی وہ جولانیاں دکھائیں کہ ندرت اور طرفگی اس کے پائے فکر کو چومنے لگی ۔ کم سنی ہی میں اس نے بڑے بڑے استادوں سے معرکہ آرائی شروع کر دی ۔ وہ استادوں کی غزلوں پر غزلیں کہتا اور مشاعروں میں بے محابا پڑھتا ۔ عرفی جیسی نابغہ روزگار شخصیتیں اپنی برتری کے قیام میں مساعد یا نا مساعد حالات کی مرہون منت نہیں ہوتیں ۔ چنان چہ اس کی قدر ایران میں بھی کم نہ تھی لیکن برصغیر ہند و پاکستان کے مغل بادشاہوں کی علم پروری اور شعر نوازی کا سحر اس پر اثرانداز ہوئے بغیر نہ رہ سکا ۔ چنان چہ ۹۹۴ھ (۱۵۸۶ء) میں اس نے برصغیر ہند و پاکستان کا رخ کیا اور دکن میں وارد ہوا ۔ لیکن وہاں عرفی کی بے قرار طبیعت اپنا محور سکون نہ پاسکی ۔ لہذا کچھ دنوں بعد وہ فتح پور سیکری پہنچا جو ان دنوں جلیل القدر مغل شہنشاہ اکبر کا دارالحکومت تھا ۔ وہاں دربار اکبری کے ملک الشعراء فیضی سے اس کا ربط قائم ہوا ۔ فیضی نے اس کی بہت قدر کی ۔ لیکن عرفی کی آزاد طبیعت درباری رسوم و آداب کی پابند نہ ہو سکی ۔ وہ اپنے مقام اور مرتبے سے نیچے اتر کر روائتی غلامانہ ذہنیت رکھنے والے قصیدہ منجوں کی طرح کاسہ لیسی نہ کر سکا ۔ اس کے قصائد میں بعض اشارات ایسے موجود ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ عرفی کو عزت نفس کا بڑا پاس ہے اور اس کو کسی کی مدح پر مجبور ہونے سے سخت صدمہ پہنچا ہے ۔ چنانچہ اس کی انتہا پسندانہ فطری آزادی نے جو بظاہر نخوت کی سرحدوں سے ٹکرا رہی تھی فیضی سے قطع تعلق پر مجبور کر دیا ۔ اس کے بعد وہ دربار اکبری کے ایک سربرآوردہ امیر حکیم ابوالفتح گیلانی (متوفی ۹۹۷/۱۵۸۹) سے وابستہ ہو گیا ۔ حکیم موصوف بڑا نکتہ رس اور زود فہم انسان تھا ۔ اس کی صحبت نے عرفی کے کمال کو نکھار دیا ۔ عرفی نے بھی احسان مندی کا پورا پورا حق ادا کیا۔ ابوالفتح کی ذات عرفی کے لیے بڑی مؤثر ثابت ہوئی اور جس انداز میں اس نے اس کی مدح سرائی کی ، اکبر اور خانخانان کی

Marfat.com

بھی مدح گستری میں مجموعی حیثیت سے وہ رنگ پیدا نہ ہو سکا۔ جب تک حکیم موصوف زندہ رہا اس نے کسی دوسرے دربار کا رخ نہیں کیا۔ اس کے مرنے کے بعد ۱۵۸۹/۹۹۷ میں اکبر کے یکتائے روزگار سپہ سالار عبدالرحیم خان‌خاناں کے درباریوں میں شامل ہوا۔ یہاں پھر اس کی قسمت نے یاوری کی اور عرفی کو خان خانان کی ذات میں ایسا مربی مل گیا جس سے اس کے زخموں کا مداوا ہو گیا۔ خان خانان کی ہمہ گیر ذات اور جوہر شناسی عرفی کے لیے ابوالفتح گیلانی سے کم موثر نہ تھی۔ اس نے عرفی پر اپنے الطاف و نوازش کی ایسی بارش کی کہ اس کی کشت مراد سیراب ہو گئی۔ خانخانان کے دربار میں اس عہد کے متعدد بڑے شعراء جمع تھے۔ مثلاً نظیری، شکیبی، ثنائی، ملک قمی، حیاتی اور نوعی شیرازی وغیرہ۔ عرفی کی ان سے معرکہ آرائیاں ہوا کرتیں، اس لیے اس کی شاعری روز بروز ترقی کرتی گئی۔ خان خانان جیسے ذی علم اور ہنر پرور امیر کی راہنمائی نے اس کی طبیعت کو خوب جلا بخشی اور بقول عبدالباقی نہاوندی مصنف مآثر رحیمی، وہ زر خالص بن گیا۔

عرفی کی نخوت اور خود بینی اس حد تک پہنچ گئی تھی کہ وہ اساتذۂ سلف کا نام بھی اپنے مقابلے میں تحقیر سے لیتا ہے۔ چنانچہ سعدی شیرازی کے بارے میں کہتا ہے۔

نازش سعدی بہ مشت خاک شیراز از چہ بود
ور نبود آگہ کہ گردد مولد و ماوای من

اسی طرح سب سے بڑے قصیدہ گو شاعر خاقانی شروانی کے بارے میں کہتا ہے:

بہ بین کہ تافتہ ابریشمش چہ خامی یافت
ز تاب اطلس من شعر باف شروانی
زمانہ بین کہ مرا جلوہ دار، تا از رشک
بداغہای پس از مرگ سوخت خاقانی

اس کے فخر و غرور سے اس کے تمام ہم عصر نالاں تھے اور اس کی رعونت نے بیشتر لوگوں کو اپنا دشمن بنا لیا تھا۔ اسی وجہ سے بعض تذکرہ نویسوں کا خیال ہے کہ حاسدوں نے اسے زہر دے دیا۔ وہ ۳۶ سال کی عمر میں شوال ۹۹۹/ جولائی ۱۵۹۱ میں لاہور میں فوت ہوا۔ مآثر رحیمی کے قول کے مطابق ۹۹۹ھ میں عرفی خان خانان کے ساتھ مرزا جانی بیگ حاکم ٹھٹھہ کے خلاف مہم میں شریک تھا۔ ٹھٹھہ کی مہم سر کرنے کے بعد خان خانان لاہور واپس آ گیا کیوں کہ ان دنوں لاہور اکبر کا عارضی دارالسلطنت تھا۔ اکبر نے اپنا مستقر حکومت ۹۹۳ھ سے ۱۰۰۷/۹۸-۱۵۸۵ تک لاہور میں رکھا تھا تا کہ سرحدی صوبے کی سیاسی بیچینیون کا مقابلہ کر سکے۔ چنانچہ عرفی دفعتاً وہاں پہنچ کر علیل ہوا اور بہ عارضۂ اسہال اس کا انتقال ہو گیا۔ کہا جاتا ہے کہ نزاع کی حالت میں اس نے یہ رباعی کہی تھی:

عرفی دم نزعست و ہمان مستی تو — آخر بچہ مایہ بار بر بستی تو
فردا کہ دوست نقد فردوس بکف — جویای متاع است و تہی دستی تو

Marfat.com

وہ لاہور میں دفن ہوا ۔ کلیات عرفی کے دیباچہ نگار[1] عبدالباقی نہاوندی کے قول کے مطابق ۱۰۲۸/۱۶۱۹ میں ایک شخص میر صابر اصفہانی عرفی کی قبر سے اس کی ہڈیاں نکال کر نجف لے گیا اور وہیں دفن کر دیں ۔ اس طرح عرفی کی پیش گوئی سچ ثابت ہوئی ۔ وہ حضرت علی کی ایک طویل منقبت میں ایک شعر میں اپنی عقیدت کا اظہار اس طرح کرتا ہے :

بکاوش مژہ از گور تا نجف بروم اگر بہ ہند بخاکم کنی و گر بہ تتار

عرفی شاعری میں ایک خاص طرز کا موجد تھا ۔ اس کے کلام میں ایسے جوہر موجود ہیں جس کی آب و تاب امتداد زمانہ اب تک ماند نہ کر سکا ، اگرچہ اس کے ہم عصر اس کی تعلی اور نخوت کی وجہ سے اس سے ناراض تھے ۔ اس کے کلام میں خیالات کی ناہمواریاں بھی موجود ہیں ، لیکن ان باتوں کے باوجود اکبری دور میں بھی جس قدر اس کو قبول عام حاصل ہوا کسی دوسرے شاعر کو نصیب نہ ہو سکا ۔ بقول نہاوندی ، مصنف مآثر رحیمی : ''شہرت او بجای رسیدہ بود کہ دیوان غزلیات و قصائد او را سخن سنجان و نکتہ دانان تعویذ وار بربازوی خود بستہ شب و روز باخود ہمراہ میداشتند و تمامی اشعار آبدارش درسفاین خواطر خاص و عام منقوش و مسطور'' (مآثر رحیمی ، جلد سوم ، ص ۲۹۳ ، مطبوعہ)

زور کلام ، مضمون آفرینی ، شوکت الفاظ ، بندش کی چستی اور خیالات کی بلندی اس کے خاص فکری عناصر ہیں ۔ اس نے سینکڑوں نئی نئی ترکیبیں اور نئے نئے استعارے وضع کیے جن سے جدت اور طرفگی کے علاوہ نفس مضمون پر خاص اثر پڑتا ہے ۔ ان تراکیب سے مضمون میں جو زور ، وسعت اور رنگینی پیدا ہوتی ہے محتاج بیان نہیں ۔ اس کے استعارات کی جدت اور طرفگی نے اس کے کلام میں ایک گونا گون عالم پیدا کر دیا ہے ۔

حسن ادا ، خیال کی ندرت اور مضمون کی طرفگی اس کے کلام میں کمال پر نظر آتی ہے ۔ ایک نعتیہ قصیدے کے دو شعر ملاحظہ ہوں ۔ خیال کی ندرت کس انداز میں جلوہ گر ہے :

زہرہ گیسو بکشاید کہ شود گرد فشان از رکابش کہ پزیرفتہ غبار از تگ و تاز
فتح گوید چہ کنی چشم من است این نہ رکاب سرمۂ چشم جہان بین مرا پاک مساز

ایک جگہ اور جدت طرازی ملاحظہ ہو :

دلم چو رنگ زلیخا شکستہ در خلوت غم چو تہمت یوسف دویدہ در بازار

شعرا کی مجال نہ تھی کہ قصیدہ سرائی میں بادشاہ کی مدح کے سوا اپنا ذکر کرسکیں ، زیادہ سے زیادہ اپنی بے چارگی اور بے بسی کا رونا روتے تھے ۔ عرفی نہایت غیور خود دار شاعر تھا ، اس لیے امراء کی مدح کے ساتھ اپنے فضائل بھی دل کھول کر بیان کرتا ہے ۔ اہل عرب نے مباہاتی شاعری کو ایک صنف قرار دیا ہے ۔ فارسی زبان میں اس صنف میں عرفی کا کوئی ہمسر نہیں ۔ نئے نئے انداز سے فخر و مباہات کا اظہار

---

۱ ۔ تفصیل دیباچہ مضمون کے آخر میں ملاحظہ ہو ۔

Marfat.com

کرتا ہے اور اس ولولہ انگیز انداز میں کہ از خود رفتہ ہو جاتا ہے ;

اقبال سکندر بجہان گیری نظمم برداشت بیکدست قلم را و علم را
نوبت بمن افتاد بگوئید کہ دوران آرائشی از نو بکند مسند جم را
اگر او نامزد ننگ شد از ذلت شعر شعر از عزت او نیک بر آید ز ذلل

اور اس شعر میں تو اس کی وارفتگی کی انتہا ہے :

کہ بی وسیلۂ شرط نکاح و داب وصال برہنہ در بغل آرد عروس معنی را

اگرچہ فخر و مباہات ایک مکروہ فعل ہے لیکن عرفی کے اس انداز میں بھی ایک جدت طراز حسن ہے - یہی نہیں بلکہ حسن کے حضور بھی وہ سرنگوں نہیں ہوتا بلکہ اپنی انفرادیت اور اپنی انا کو قائم رکھتا ہے :

چمن آبد بچمن بہر تماشائی بہار بلبل آید بر بلبل بہ تمنای غزل

حسن کے سامنے عشق کا یہ انداز کسی دوسرے شاعر کے کلام میں مشکل سے ملے گا - عرفی کے کلام میں متعدد ایسے گوشے ہیں جن پر سیر حاصل تبصرہ درکار ہے لیکن میرا موضوع اس کی شاعری نہیں بلکہ اس کی ایک نادر کلیات ہے جو اب تک محققین کی نظروں سے اوجھل رہی ہے -

عرفی کی زیر بحث کلیات قومی عجائب خانہ کراچی کے پرارزش ذخائر مخطوطات کا ایک گوہر نایاب ہے ، اس کا نمبر داخلہ ۱۰۵۰/۵ — ۱۹۵۷ ایم این ہے - اوراق کی تعداد ۴۲۷، سائز $5\frac{1}{2}$ × $10\frac{1}{2}$ '' ہے- ۱۸ سطری کاغذ ہے- کاغذ دولت آبادی ہے - نہایت خوب صورت نستعلیق خط میں نسخے کی کتابت کی گئی ہے - متن سنہری جدول کے درمیان ہے - پوری کلیات میں ہر تخلیق کی لوح نہایت خوب صورت انداز میں مذہب ہے - لوح کے طلائی نقش و نگار دکن کے قطب شاہی دور کی یادگار ہیں - کتاب کا انداز اور اس کی سج دھج ظاہر کر رہی ہے کہ یہ شاہی کتب خانے کا نسخہ ہے- کاتب نامعلوم ہے - تاریخ کتابت پنج شنبہ ۲۲ صفر ۱۰۷۶/۱۶۶۶ درج ہے یعنی اورنگ زیب کے آٹھویں جلوس میں یہ لکھا گیا ہے - گولکنڈہ (دکن) کے عبداللہ قطب شاہ (۷۴-۱۶۲۶ع) کے عہد سے تعلق رکھتا ہے - نسخے کی آب و تاب سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اس کے شاہی کتب خانے کا نسخہ ہے- قومی عجائب خانہ کراچی میں آنے سے پہلے یہ نسخہ حیدر آباد (دکن) کی کلیاتی اسٹیٹ کے کتب خانے کی ملکیت تھا - اس کتب خانے کی تین مہریں اس پر ثبت ہیں -

کلیات کی ترتیب حسب ذیل ہے :

۱- سات اوراق پر مشتمل ایک دیباچہ ہے جسے عبدالباقی نہاوندی نے لکھا ہے ، جس کا آغاز اس طرح ہے:

''حمدی کہ نخستین مایہ اش معراج دانشمندان سزد - - - - ''

۲- رسالہ نفسیہ ، یہ تصوف پر منثور رسالہ ہے -

۳- مجمع ابکار - یہ نظامی گنجوی کی مخزن اسرار کے طرز پر ایک مثنوی ہے -

۴- مثنوی خسرو شیریں -

۵- ساقی نامہ -

Marfat.com

۶- ترجیع بند - ابوالفتح گیلانی کی شان میں ایک نظم ہے جس کے ٹیپ کا بند یہ ہے :

نام ممدوح قافیہ مدح است فاش گویم حکیم ابوالفتح است

۷- قصائد جن کی تعداد ۸۰ ہے -

۸- ترکیب بند - خانخانان کی مدح میں -

۹- غزلیات مردف ہیں جن کی تعداد ۸۴۲ ہے -

۱۰- مقطعات جن کی تعداد ۸۴ ہے -

۱۱- ترجیع بند - یہ وارداتی اور تاثراتی نظم ہے جس کا ٹیپ کا بند یہ ہے :

چون دست نمی دھد وصالت دست من و دامن خیالت

۱۲- ترجیع بند - یہ ایک دوسری وارداتی نظم ہے جس کا ٹیپ کا بند یہ ہے :

بنشینم و در غم تو سوزم تا شمع مراد بر فروزم

۱۳- ابیات المتفرقہ جن کی تعداد ۶۰۷ ہے -

۱۴- رباعیات جن کی تعداد ۱۹۰ ہے -

زیر بحث کلیات کا مولف محمد قاسم سراجا ابن خواجہ محمد علی اصفہانی ہے جو عبدالرحیم خان خانان کے درباریوں میں تھا - مآثر رحیمی کا مصنف اس کے بارے میں کہتا ہے : ''و سراجا در وادی اہلیت از امثال و اقران خود بغایت در بیش است و در اسالیب علم موسیقی و ادوار وقوفی بکمال دارد و آن فن شریف را نیکو ورزیدہ و مہارت تمام دارد'' (مآثر رحیمی ، جلد سوم) - سراجا شاعر بھی تھا اور عمدہ شاعرانہ ذوق رکھتا تھا - مآثر رحیمی کا مصنف اس کی شہادت یوں دیتا ہے : ''و در اصفہان کہ وطن اعلیٰ اوست ہمیشہ با موزونان و مستعدان بسر می بودہ و از موزونیت ذاتی و از صحبت مستعدان طبع نظمی نیز بہم رسانیدہ - اگرچہ بگفتن اشعار نہ پرداختہ شعر بسیار با موزونان سنجیدہ و از دارالسلطنت مذکور بقصد بندگی ابن ممالک ستان پای توکل در رکاب ہمت در آوردہ برباد پای عزم سوار گشتہ مرکب سعئی را بتازیانہ اجتہاد بجولان در آورد -'' (جلد سوم) محمد قاسم سراجا ۱۰۱۵ / ۱۶۰۶ میں آقا محمد متخلص بہ نامی کی وساطت سے ، جو خان خانان کا بخشی تھا ، دربار رحیمی میں پہنچا اور اس کے درباریوں میں شامل ہو گیا - ۱۰۲۴/۱۶۱۵ میں خان خانان نے عرفی کے کلام کی تدوین کا کام اس کے سپرد کیا - چنان چہ دو سال کی محنت شاقہ کے بعد اس نے عرفی کی کلیات مدون کی -

قاسم سراجا نے عرفی کے انتقال کے ۲۵ سال بعد جہانگیر کے عہد میں یہ کلیات مدون کی تھی جو چودہ ہزار ابیات پر مشتمل ہے- تدوین کا کام اس نے ۱۰۲۴/۱۶۱۵ میں شروع کیا اور ۱۰۲۶ / ۱۶۱۷ میں ختم کیا حالان کہ نہاوندی اپنے دیباچے میں ڈیڑھ سال بتاتا ہے لیکن سراجا کے لکھے ہوئے قطعہ تاریخ سے ۱۰۲۶/۱۶۱۷ نکلتا ہے - اس نے یہ کلیات برہان پور میں ترتیب دی اور وہیں خان خانان کی خدمت میں پیش کی - ان دنوں خان خانان کا مستقر برہان پور (دکن) میں تھا - اس نے سراجا کی اس کاوش کو بہت پسند کیا اور مختلف صلات اور انعامات سے سرفراز کیا -

Marfat.com

عرفی نے اپنے انتقال سے تین سال قبل ۹۹۶/۱۵۸۸ میں اپنا دیوان خود مرتب کیا تھا جس کا ذکر نہاوندی نے اپنے دیباچے میں کیا ہے - یہ پتا لگانا ممکن نہیں ہے کہ سراجا نے کلیات کی ترتیب میں وہی التزام ملحوظ رکھا ہے جسے عرفی نے برتا تھا یا اپنے طور پر مرتب کیا ہے - یقیناً اس کلیات میں سراجا نے ۹۹۶/۱۵۸۸ کے بعد سے ۹۹۹/۱۵۹۱ تک کا کلام جمع کیا ہوگا - چون کہ یہ کلیات باقاعدہ عرفی کے ہاتھوں سے لکھے ہوئے مسودات کو بیش نظر رکھ کر مدون ہوئی ہے اور بقول نہاوندی کاتبوں نے بعد میں اسی نسخے سے کتابت کی جو خانخانان کے کتب خانے میں محفوظ تھا لہذا اس کی سند کسی شک و شبہ سے بالاتر ہے - چون کہ عرفی کی یہ کلیات ایک مستند دیباچے سے مزین ہے لہذا اس کی اہمیت مسلم ہے - کسی مخطوطے میں دیباچے کی موجودگی اس کی معتبری اور افادیت کی ضامن ہوتی ہے - مولف تدوین کے وقت صاحب کتاب کی تخلیقات کو بڑی عرق ریزی ، چھان بین اور محنت کے بعد مدون کرتا ہے لہذا اس میں الحاق اور اضافے کی گنجائش نہیں رہتی - تنقیدی اور تحقیقی حواشی کے ساتھ کتابوں کی تدوین کوئی جدید فن نہیں ہے جو یورپ کے توسط سے ہمیں ملا ہے بلکہ قدیم زمانے میں بھی حواشی اور دیباچے کے ساتھ مشہور کتابیں مدون کی گئی ہیں - چنان چہ چند مشہور کتابوں پر جو دیباچے لکھے گئے ان کا ذکر ضمناً تقدیم اور تاخیر کے لحاظ سے پیش کرنا بے محل نہ ہوگا -

تقدیم کے لحاظ سے شاہنامۂ فردوسی آتا ہے - اس شہرۂ آفاق کتاب کی تدوین سب سے پہلے ۸۲۹/۱۴۳۶ میں ایران کے تیموری حکمران مرزا بائسنقر کے حکم سے کی گئی اور ایک مبسوط دیباچے کے ساتھ شاہنامہ پہلی بار مدون ہوا -

دوسری مشہور کتاب کلیات سعدی ہے جسے پہلی بار ابوبکر بیستون نے مرتب کیا - ۷۲۶/۱۳۲۶ میں بیستون نے غزلیات سعدی کی ترتیب غزلوں کے پہلے حرف کے اعتبار سے کی اور ۷۳۴/۱۳۳۴ میں حروف تہجی کے لحاظ سے اس کا ردیف وار انڈکس تیار کیا اور مبسوط دیباچے کے ساتھ مدون کیا -

تیسری مشہور کتاب حکیم سنائی کی متصوفانہ مثنوی حدیقہ الحقیقت ہے - ۱۰۲۸/۱۶۲۹ میں عبدالطیف ابن عبداللہ العباسی نے پہلی بار اسے مرتب کر کے اس پر دیباچہ لکھا اور اس کا نام لطافت الحدائق من نفائس الدقائق رکھا اور اس کے با الترتیب پانچ ذیلی دیباچے بھی لکھے : (۱) مرآۃ الحدائق (۲) راستہ خیابان (۳) گل سرسبد (۴) اشارات لطیفی (۵) شرح ابیات جان نواز -

مذکورہ بالا شخص ہی نے مولانا جلال الدین رومی کی شہرۂ آفاق مثنوی کی تدوین بھی ۱۰۳۲/۱۶۲۳ میں کی اور اس کا دیباچہ لکھ کر اس کا نام نسخۂ مثنویات سقیمہ رکھا -

اسی طرح محمد گل اندام نے جو حافظ شیرازی کا دوست تھا دیوان حافظ کو نویں صدی ہجری (پندرھویں صدی عیسوی) کے اوائل میں دیباچے کے ساتھ مرتب کیا -

یہ بڑی ستم ظریفی ہے کہ عرفی جیسا خلاقانہ ذہن کا مالک اور نابغۂ روزگار

Marfat.com

شاعر ناقدان فن کے ہاتھوں فکر و شعور کے تاریخ ساز فن کاروں کی درخشاں صف میں جگہ نہ پا سکا جو اس کا صحیح مقام تھا ۔ اس کی اصل وجہ یقیناً یہی ہے کہ اس کا کوئی معتبر اور مستند کلام یکجا صورت میں دستیاب نہ تھا ۔ مجھے انتہائی مسرت ہے کہ میں عرفی کی ایک ایسی کلیات سے علماء ادب کو روشناس کرا رہا ہوں جو تاریخی اعتبار سے مستند ہے اور جس میں اس کا تمام سرمایہ فکر یکجا جمع ہے تا کہ اس کے شاعرانہ مقام کے از سر نو تعین میں مدد مل سکے ۔

عبدالباقی نہاوندی کے دیباچے سے مزین سراجا کی مدون کلیات عرفی کو سب سے پہلے حبیب الرحمن خان شروانی نے اہل علم سے روشناس کرایا ۔ شروانی صاحب کا مضمون رسالہ معارف نومبر ۱۹۲۲ع کی اشاعت میں شائع ہوا تھا ۔ اس طرح علمی دنیا کو اس مشہور دیباچے کا علم ہوا جس کی طرف سب سے پہلے علامہ شبلی نے توجہ دلائی تھی لیکن وہ انہیں دستیاب نہ ہو سکا تھا ۔ مولانا شروانی کے مضمون میں کلیات کے مندرجات کو دیکھنے کے بعد یہ پتہ چلتا ہے کہ جس خطی نسخے کا انہوں نے تعارف کرایا ہے وہ مکمل نسخہ ہے جسے سراجا نے مدون کیا تھا اور نہاوندی نے اس پر اپنا دیباچہ لکھا تھا ۔ میں جس خطی نسخے سے قارئین حضرات کو متعارف کرانا چاہتا ہوں وہ ہر لحاظ سے مکمل اور معتبر نسخہ ہے ۔ اگرچہ کلیات کی تاریخ کتابت کے لحاظ سے نسخۂ شروانی کے زیر بحث نسخے سے ۶ سال قبل لکھا گیا ہے یعنی ۱۰۷۰ھ میں اور ثانی الذکر کی تاریخ کتابت ۱۰۷۶ھ ہے ، لیکن دونوں نسخوں کے مندرجات میں واضح تفاوت ہے ۔ نسخۂ شروانی کی ترتیب درج ذیل ہے :

۱-	دیباچہ	
۲-	نفسیہ	
۳-	مجمع الابکار	
۴-	فرہاد شیریں	
۵-	قصائد	تعداد=۶۲
۶-	ترکیب بند	,, =۱
۷-	ترجیع بند	,, =۱
۸-	قطعات	,, =۳۲
۹-	ساقی نامہ	,, =۱
۱۰-	غزلیات	,, =۵۱۹
۱۱-	رباعیات	,, =۲۲۲
	کل اشعار	,, =۸۱۱۲

زیر بحث نسخے کی ترتیب شروع میں درج کر چکا ہوں ۔ دونوں نسخوں کی ترتیب دیکھنے کے بعد قارئین پر یہ بات واضح ہو جائے گی کہ نسخۂ شروانی کے مقابلے میں نسخہ زیر بحث مکمل ہے ۔ نسخہ زیر بحث میں مندرجہ ذیل چیزیں زائد ہیں :

۱-	قصائد	= ۱۸
۲-	ترجیع بند	= ۲

Marfat.com

۳- غزلیات = ۳۲۳
۴- قطعات = ۵۲
۵- متفرق اشعار = ۶۰۷

جو نسخہ شروانی میں موجود نہیں ہیں - دونوں نسخوں میں اشعار کی مجموعی تعداد میں بھی فرق ہے - نسخہ شروانی میں اشعار کی مجموعی تعداد ۸۱۱۲ ہے اور نسخہ زیر بحث میں ۱۴۰۰۰ (چودہ ہزار) ہے - یہ وہی تعداد ہے جس کا ذکر نہاوندی اپنے دیباچے میں کرتا ہے - گویا نسخۂ زیر بحث تاریخی اعتبار سے مکمل واحد معلومہ خطی نسخہ ہے -

رسالہ معارف اکتوبر ۱۹۶۷ء کی اشاعت میں لکھنو یونی ورسٹی کے ڈاکٹر محمد ولی الحق انصاری کا ایک مضمون ''عبدالباقی نہاوندی اور دیباچہ کلیات عرفی'' کے عنوان سے شائع ہوا تھا - ڈاکٹر انصاری نے اپنے مضمون میں نہاوندی کے دیباچے کا متن بھی شائع کیا ہے - زیر بحث خطی نسخہ کے علاوہ کلیات عرفی کے چار مزید نسخے ایسے موجود ہیں جن میں یہ دیباچہ منسلک ہے - ایک کتابخانہ مجلس ملی طہران میں ہے - دوسرا (نسخہ شروانی) مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے کتاب خانے میں محفوظ ہے اور دو نسخے لکھنو میں ہیں- ان میں ایک یوسف حسین موسوی، سابق صدر شعبہ فارسی و اردو لکھنو یونیورسٹی کی ملکیت ہے اور دوسرا ٹیگور لائبریری لکھنو یونیورسٹی میں محفوظ ہے - (معارف ، اکتوبر ۱۹۶۷ میں ڈاکٹر ولی الحق انصاری کا مضمون ''عبدالباقی نہاوندی اور دیباچہ کلیات عرفی'' ملاحظہ ہو)

